سورہ فاتحہ

سے تمام دینی و دنیاوی مشکلات کا حل



پیرزادہ محمد سید عثمان نوری
محمد جاوید قادری

نوری
کتب خانہ

سورۃ فاتحہ

سے تمام دینی و دنیاوی
مشکلات کا
روحانی حل

تدوین و تہذیب

پیر سید محمد عثمان نوری

محمد جاوید قادری

نوری کتب خانہ
نزد جامع مسجد نوری بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور
042-6366385

Chulam Yaseen

بفیضان کرم
حضرت الحاج پیر سید محمد معصوم شاہ گیلانی قدس سرہ
قادری نوری

بفیضان نظر
صاحبزادہ الحاج پیر سید محمد حسن شاہ گیلانی مدظلہ
قادری نوری

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

2006

ناشر : نوری کتب خانہ، لاہور

طابع : پرنٹ یارڈ پریس، لاہور

NK.144

تقسیم کار

نوری کتب خانہ
معصوم شاہ روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن، لاہور
فون: 042-6366385

نوری بک ڈپو
دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ، لاہور
فون: 042-7112917

انتساب

محسن انسانیت، آقائے دوجہاں
حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام

جن کے وسیلہ جلیلہ سے اللہ رب العزت اپنے بندوں پر رحمت و کرم فرماتا ہے

Ghulam Yaseen

رازِ شفاء الامراض

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الکتاب (قرآن مجید) مجھے عرشِ عظیم کے نیچے عطا کی گئی ہے اور وہ ہر مرض کی دوا و شفاء ہے۔

حُسن ترتیب

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
A	حرف آغاز	11
B	پیمانہ اورادو وظائف	14
C	اعمال	
1	مستجاب الدعوات	17
2	برائے مسان	18
3	جواب بندی	20
4	سر میں پانی بھر جانا	21
5	زن و شوہر میں موافقت	21
6	علاج سستی	23
7	دشمن کے شر سے حفاظت	24
8	علاج نامردی	25
9	داڑھ درد	26
10	ناجائز تعلقات سے بچاؤ	27
11	سانپوں سے حفاظت	28
12	علاج مرگی	28
13	داد، چنبل، دنبل کا علاج	30
14	کثرت پیشاب کا علاج	32
15	ہول دل	32
16	نظر بد کا علاج	32
17	ناممکن مشکل حل ہو	34
18	حسب الخواہش تبادلہ	35
19	امتحان میں کامیابی	35
20	حفاظت اٹھرا	35
21	ترقی دوکان	36
22	نزول باراں کا عمل	37
23	علاج لاکڑا کاکڑا	37
24	توڑ سحر بندش مباشرت	39
25	پیاس کی شدت	40
26	عسر ولادت	40
27	بندش کاروبار	42
28	جانوروں کا خشک دودھ جاری فرمانا	43
29	برائے حاجات	43
30	واسطے درد طحال	45
31	بے شمار خوبیوں کا حامل عمل خاص	47
32	برکت الٰہی	51
33	سستی اور تکان کا علاج	53
34	حاجات کا سریع الاثر عمل	54
35	علاج کینسر	55

Ghulam Yaseen

36	حل المشکلات	56
37	برائے تپ محرقہ (ٹائیفائیڈ)	57
38	علاج خسرہ	59
39	ظالم زمیندار سے بچاؤ کا عمل	60
40	پیٹ کے تمام لاعلاج امراض	62
41	شدید داڑھ درد	62
42	شفاء امراض ہر قسم	63
43	خوف دشمن سے نجات	64
44	برائے حاجات	65
45	کینسر کا علاج	65
46	نقش اسم اعظم	67
47	چوتھیہ بخار	73
48	چھینکوں کا علاج	74
49	نزلہ و زکام کا علاج	74
50	عمل حب	74
51	سانپ یا بچھو کے کاٹے کا علاج	75
52	ضعف بصر	75
53	علاج درد گردن	76
54	ہمہ اقسام دنیاوی تکالیف سے نجات	77
55	علاج دمہ	78
56	شدید سر درد	79
57	نماز استغارہ	81
58	عمل روز افزوں خیر و برکت	82
59	برائے آسیب و پری	82
60	سر درد کا علاج	83
61	جوڑوں کے درد کا علاج	84
62	سحری بندش رشتہ	84
63	علاج سوکڑا	86
64	پستانوں میں درد	87
65	لازوال فوائد کا حامل نقش معظم	89
66	سکول سے بھاگنے والے بچے	92
67	حاجات کا عمل معظم	92
68	علاج رعشہ	98
69	دفع سحر و جادو	100
70	نظر بد	101
71	برائے تپ دق	102
72	نشے سے چھٹکارا	104
73	کمر درد کا علاج	105
74	کان درد	106
75	ناجائز مقدمہ کا خاتمہ	106
76	حل المشکلات	107
77	بے روزگاری دور کرنے کا نسخہ	109
78	زبان کی ہکلاہٹ	110
79	برائے قضاء حاجات	110
80	کامیابی مقصد میں	111
81	پرانا بخار	111
82	برص کا علاج	113
83	ام الصبیان کا علاج	113

84	بانجھ پن	113
85	ہر مرض سے شفاء	115
86	ہمہ اقسام روحانی تکالیف	117
87	پیٹ سے خون آنا	118
88	خشک کھانسی کا علاج	119
89	زوجین میں نفرت دور کرنا	120
90	سال بھر کی حفاظت الٰہی	121
91	دنیاوی حاجات	121
92	تنگی و برھنگی لباس کا خاتمہ	122
93	گریہ اطفال	126
94	موذی درندوں سے حفاظت	127
95	رتوندا اور شب کوری کا علاج	127
96	عمل حب	128
97	تشخیص سحر و امراض	129
98	بندس رزق	130
99	صلوٰۃ الحاجات	131
100	پھندۂ جنات سے نجات	132
101	ہمہ اقسام جسمانی دردیں	133
102	دفعیہ آسیب	134
103	چھٹکارا جنات و پری	135
104	سحر و جادو کا توڑ	137
105	نجات سحر (عطیہ چشت)	138
106	نجات سحر (عطیہ قادریہ)	139
107	نجات سحر (عطیہ فقیری)	141
108	برائے ناف	142
109	علاج ہذیان	143
110	جانور کا دودھ پلانے سے انکار	143
111	علاج مسان	144
112	برائے قرار حمل	149
113	علاج بخار باری	150
114	علاج درد پتہ	150
115	ہر بلا سے محفوظ	152
116	دفعیہ نسان	152
117	دنبل، پھوڑے کا علاج	152
118	تمام جسمانی بیماریوں کا علاج	153
119	عرق النساء کا علاج	155
120	درد سینہ	156
121	مجنوں کا علاج	157
122	رتوندہ یا شب کوری	158
123	دانت یا داڑھ درد	159
124	دانتوں کے کیڑوں کا علاج	159
125	برائے اولاد نرینہ	160
126	ہر بیماری سے نجات	161
127	دُعائے حاجت	162
128	ہیروئن چھڑانے کا عمل	163
129	شفاء الامراض کا مجرب عمل	164
130	علاج نظر بد	164
131	خیر و برکت کا منبع	165
132	بند کاروبار جاری کرنا	166
133	پرانے بخار کا علاج	67

Ghulam Yaseen

134	قولنج کا علاج	168	159	حصول روزگار	200
135	خونی قے کا علاج	168	160	عمل برائے حصول دولت	201
136	گولھا بخی چشم کا علاج	169	161	برائے عرق النساء	203
137	حل الحاجات	169	162	عورت کی سحری بندش	204
138	علاج تپ دق	172	163	ناسور کا علاج	206
139	قرض سے نجات	173	164	بچے کا بستر پر پیشاب کرنا	207
140	برائے قولنج	174	165	نافرمان اولاد کے لئے	209
141	نماز برائے حصول روزگار	175	166	ہول دل	211
142	بندش کاروبار	176	167	جوئے بازی سے نجات	211
143	تنگ دستی دور کرنیکا عمل	177	168	ہر حاجت پوری ہو	212
144	عورت کی سحری جنسی بندش	181	169	برائے کشادگی رزق	213
145	علاج چیچک	182	170	زہر کا علاج	217
146	علاج اٹھرا	183	171	تنگی ولادت	218
147	توڑ سحری بندش نکاح	185	172	برائے عسر ولادت	219
148	نجات ارواح سفلیہ	187	173	سحری بندش اولاد	220
149	درد گردہ	188	174	علاج سحر بندش شادی	221
150	حل المصیبت	189	175	سحری بندش طبیعت	221
151	درد پاؤں کی پشت اور تلوے	190	176	برائے تپ دق	224
152	برائے امراض نسواں	191	177	سحری بندش رشتہ	225
153	علاج اسہال	193	178	برائے حب	226
154	ناجائز تعلقات سے بچاؤ	194	179	علاج سحر انزال	229
155	تپ دق کا علاج	195	180	توڑ جادو وسحر	230
156	قید سے رہائی کا عمل	196	181	سرکش انسان کا رام کرنا	233
157	عمل حُب	197	182	برائے رزق و جملہ مشکلات	235
158	بندش رزق	198	183	کرخت شوہر کو مہربان کرنا	240

حرف آغاز

اللہ سبحانہٗ و تعالےٰ کے پاک نام سے شروع جو اپنی مخلوقات کے لئے رحمان ورحیم، یکتا، لاشریک، علیم وخبیر، شافی وکافی اور ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لیے قائم ودائم رہنے والا، ہر شکل صورت سے منزہ حسن میں بے مثال، حجابات قدرت اٹھانے والا، ہر شے کا تخلیق کار اور ہر شے میں بلا امتیاز موجود، ہر حاضر و غائب بات سے آگاہی رکھنے والا اور اپنی حکمت و قدرت سے ہر شے کو شفاءِ کاملہ عاجلہ بخشنے والا، جس کی حکمت بے مثال اور ہر شے پر غالب وہ قادر مطلق ہے اور ہر شے کا خالق و مالک ہے۔

اللہ جل شانہٗ وہ پاک ذات ہے جس نے موت اورحیات کو پیدا فرمایا اور وہی ہر شے کو فنا کر کے پھر زندہ کرنے والا ہے وہ ذات رحیم و کریم جس نے روزِ میثاق کے اقرار کے تحت اس دنیائے خاکی میں انسان کو بھیجا اور اس کے دعویٰ آزمائش کے لئے عوارض اور تکالیف کو بھی ساتھ ہی نازل فرمایا اوراس کے ساتھ ہی اپنی حکمت شفاء کا بھی نزول ان عوارض اور تکالیف کے رفع کرنے کے لئے فرمایا۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ عزوجل نے ہدایت، صراط مستقیم اور اعمال زندگی و اخلاق کو سنوارنے کی تلقین کے ساتھ ساتھ شفاء اوراس کے طور طریق بھی نازل فرمائے اوراس بارے میں قرآن پاک میں واضح ارشاد ہے کہ:۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہے

Ghulam Yaseen

ایمان والوں کے لئے (الاسراء: آیت ۸۲)

اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنے پیارے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلۂ جلیلہ سے ہمیں قرآن مجید و فرقان حمید کی شکل میں رہتی دنیا تک کے لئے جو ہدایت و شفا بھیجی ہے وہ تعلیمات عمل کے لحاظ سے ہمہ جہت ہیں اس کتاب میں زندگی کے ہر پہلو، ہر شعبے اور ہر امر کے لئے ہدایت وراہنمائی و شفاء کا پورا پورا سامان موجود ہے کوئی امیر ہو یا غریب، بادشاہ ہو یا فقیر، حاکم ہو یا محکوم، جرنیل ہو یا سپاہی، افسر ہو یا ماتحت، غرض کہ معاشرے کے ہر چھوٹے بڑے طبقے کے لئے زندگی گزارنے، عوارض اور تکالیف سے بچنے اور بعداز عوارض و تکالیف لاحق ہونے کے ان سے صحت یابی وشفاء کے لئے بھرپور رہبری اور راہنمائی موجود ہے قرآن مجید و فرقان مجید کی شفاء بنی نوع انسان کے روحانی اور جسمانی دونوں قسم کے امراض کو محیط ہے یعنی اللہ تعالیٰ عزوجل کا یہ کلام جہاں روحانی قلبی امراض کے لئے شفاء ہے وہاں اس میں جسمانی اور ظاہری بدنی امراض وعوارض کے لئے شفاء کاملہ موجود ہے۔

اسی لئے حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابۂ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی روحانی کمزوریوں اور جسمانی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے مختلف آیات قرآنیہ بطور نسخۂ شفاء تجویز فرمائے بلکہ خود بھی اکثر ان سے اپنے اوپر دم کر کے امت کے لئے طریقۂ عمل دیا۔

حضور نبی کریم ﷺ کے اسی تعامل کی اقتداء کرتے ہوئے علمائے امت، صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنے حلقۂ اثر میں لوگوں کے مختلف روحانی وجسمانی امراض میں قرآن پاک کی آیات مبارکہ، اسماء حسنیٰ اور حضور نبی کریم ﷺ سے منقول دعاؤں سے علاج تجویز کرتے آئے ہیں اور اس سلسلہ میں انہوں نے بے حد کاوش اور محنت سے کام لیتے ہوئے ان عوارض کا علاج و طریقہ اپنی اپنی قلمی بیاضوں میں مندرج کیا ہے اور یہ تمام مجموعہ ہائے وظائف ایسے ہیں کہ اکثر تو ابھی تک نادر ونایاب ہیں اور جو طبع ہو چکے ہیں اور منظر عام پر آچکے ہیں وہ بھی بڑے ضخیم ہیں جن سے موتی

چننا ہر ایک کے بس کا روگ نہیں ہے۔

چونکہ حق کے لئے نشانیاں اور حقیقت کے لئے پورا نظام الٰہی موجود ہے اور بندوں کے لئے عرفان الٰہیہ کے ساتھ ساتھ رحمان ورحیم ذات پر ایمان لانا ضروری ہے اوراس ذات تک پہنچنے کے لئے وسیلہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہونا بہت ضروری اور مطلوب ہے تاکہ شفائے کاملہ وعاجلہ باآسانی خزینۂ الٰہی سے حاصل ہوسکے۔

اس مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی، مشکل، بیماری اور آزمائش میں مبتلا ہے اور ذہنی ٹینشن کا مریض بنا ہوا ہے اور ان بیماریوں کے شافی حل کے لئے دنیاوی ادویات اور ڈاکٹروں وحکیموں کے پیچھے پھر رہا ہے لیکن شفاء پھر بھی نہیں ملتی اس لئے بہتر یہی ہے کہ بندہ اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور توبہ کرے اور اسی سے شفاء کے لئے مدد مانگے تاکہ بفضلہٖ ان اعمال کے کرنے سے اسے شفاء کاملہ اور عاجلہ جلد از جلد مل سکے اور وہ عوارض سے پاک زندگی گزارنے کے قابل ہوسکے عاجز کی یہی دُعا ہے اور اس کتاب کے تالیف کرنے کا مقصد و منشاء بھی یہی ہے۔

آخیر میں بندۂ عاجز کی یہ عاجزانہ التجا ودُعا بارگاہ ایزدی اللہ تعالیٰ عزوجل میں ہے کہ باری تعالیٰ سورۂ فاتحہ کے طفیل اور توسل حضور نبی کریم احمد مجتبےٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سب کو شفاء کاملہ عطا فرمائے اور ان کی تمام مشکلات کو دائما دور فرمائے اور قلبی، روحانی اور جسمانی سکون و رحمت عطا فرمادے۔ (آمین! ثم آمین)

طالب دُعا

پیر سید محمد عثمان نوری

محمد جاوید قادری

Ghulam Yaseen

پیمانہ اوراد و وظائف

☆ سب سے پہلے انسان کو اپنا یقین و توکل ذات باری تعالیٰ پر لوہے کی لٹھ کی مانند مضبوط کرنا چاہیئے اور اس بات کو دل و دماغ میں پختہ کرلینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل ہی وہ ذات ہے جس کی طرف سے میرے اوپر یہ آزمائش نازل ہوئی ہے اور وہی ذات اس ابتلاء وآزمائش سے بتوسل آقائے رحمت حضور نبی کریم ﷺ نجات دینے والی ہے اوراس ابتلاء وآزمائش میں وہی ذات کافی وشافی اور رحمان ورحیم وکریم ہے۔

☆ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگا جائے وہ بوسیلہ محبوب رب للعالمین جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ ' آقائے رحمتِ دوجہان مانگا جائے کیونکہ اس کے بغیر وہ التجا اور فریاد بارگاہ الٰہی میں نہیں پہنچتی اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کا فرمان ہے کہ کوئی دُعا یافریاد اس وقت تک عرش الٰہی پر نہیں پہنچتی جس کے ھمراہ میرے اوپر درود وسلام شامل نہ ہو وہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکی رہتی ہے اس لئے کثرت درود پاک اختیار کرنا بے حد ضروری ہے تاکہ شفاعتِ رسول اللہ ﷺ کے حقدار بن جائیں۔

☆ رزقِ حلال کمائے اور رزق حلال کھائے حرام روزی سے بچے حرام لباس سے بھی بچتا رہے رزق حلال کے ضمن میں مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث مبارکہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس بدن کو حرام غذا دی گئی وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔

☆ اپنی جسمانی طہارت وپاکیزگی کا ہر طرح سے خیال رکھے مسلم شریف کی حدیث پاک ہے حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ

نے ارشاد فرمایا کہ پاکیزگی نصف ایمان ہے۔

☆ نماز پنجگانہ باجماعت کا پابند ہو۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ بتاؤ اگر تم لوگوں میں کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہ جائے گی ؟ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا ایسی حالت میں اس کے بدن پر بھی میل باقی نہ رہے گی۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا: بس یہی کیفیت پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

☆ جھوٹ سے پرہیز کرے ہر معاملے میں سچ بولے کیونکہ جھوٹ بولنے کی عادت روحانی قوت کے حصول میں مانع ہے۔ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا "سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جُھوٹ بولنا فسق وفجور ہے اور فسق وفجور جہنم میں لے جاتا ہے۔

☆ عمل پڑھتے ہوئے شیطانی وسوسے اور فاسد خیالات اپنے قلب سے دُور کئے جائیں اور جس کام کے لیے پڑھ رہا ہے اوّل سے آخر تک اس کا خیال رکھے اور ترکیب عمل اچھی طرح سے معلوم کرے۔

☆ کسی جگہ تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل کرے اور کسی کو اس جگہ پر مداخلت نہ کرنی چاہیئے اپنے گھر کا ایک حصّہ علیحدہ سے اس مقصد کے لیے منتخب کرے۔

☆ عمل کا آغاز کرتے ہوئے اور عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کے لیے یہ عمل کیا ہے۔

☆ عامل ہر طرح کے ناجائز کام کرنے سے پرہیز کرے اور کسی انسان اور حیوان کو ناجائز تکلیف نہ دے۔

Ghulam Yaseen

☆ فسق وفجور سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہے ورنہ اس کی محنت ضائع جائے گی اور خواہ مخواہ عامل اس عمل کی بدنامی کا باعث بنے گا۔

☆ باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جہاں تک ہو سکے خشوع وخضوع پیدا کرے ورنہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہوگی یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔

☆ جس مقصد کے لیے یہ تعویذ دیا ہے جب وہ کام ہو جائے تو عامل تعویذ دیتے وقت ہدایت کرے کہ تعویذ کو قبرستان میں دفن کر دے یا جاری پانی میں ڈال دے بے ادبی ہرگز نہ کرے۔

☆ تکبر، دھوکہ دہی، خودنمائی، غیبت، ریاکاری اور بے ہودہ باتوں سے عامل ہر وقت دُور رہے اور اس سے پرہیز کرے۔

☆ نقش یا تعویذ کی جو زکوٰۃ یا ہدیہ مقرر ہو وہ عمل سے پیشتر لازماً ادا کی جائے۔

﴿.....☆.....☆.....☆.....﴾

عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے توفیق و استعانت اور منظوری کے لئے سات یا گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ، آل اولاد و والدین نبی ﷺ، اولیاء امت، جمیع مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ آقائے دو جہاں ﷺ انتہائی حضوری قلب اور خشوع وخضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تاکہ اس کے اثرات سے کماحقہ استفادہ ہو سکے۔

نوٹ:۔ بعد از حل وشفاء بندۂ عاجز اور اس کے والدین اور بزرگان سلسلہ کے حق میں دعائے خیر سے نوازیں۔ از حد شکریہ)

پیر سید محمد عثمان نوری

محمد جاوید قادری

اعمال:۔

مستجاب الدعوات

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ بارگاہ ایزدی میں مستجاب الدعوات بن جائے اور اس پر اسرار الٰہی منکشف ہوا کریں اور وہ بارگاہ ایزدی میں درجہ مقبولیت حاصل کر لے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے پرہیز جلالی و جمالی اختیار کرے اور نوچندی سوموار سے اس عمل کو شروع کرے نماز عشاء کے بعد اس عمل کے لئے باقاعدہ وقت مقرر کرے نماز پنجگانہ اور امور شرعیہ کی پابندی کرے اور امور منہیہ سے گریز کرے ایسی جگہ کا انتخاب کرے جہاں کسی بھی قسم کا شور شرابا نہ ہو اور نہ ہی کسی قسم کی مداخلت کا خدشہ ہو۔

سب سے پہلے تین یوم کے روزے لازماً رکھے۔ پاک صاف ہو، صاف لباس اور تازہ غسل و وضو کے ساتھ اس عمل کو شروع کرے۔

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ کافرون اور سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، پھر بعد از سلام پھیرنے کے اول وآخر درود پاک ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر سورۂ **حٰمٓ السجدہ** کو تعوذ اور بسم اللہ شریف کے ساتھ شروع کرے جب سورۂ مبارک کا پہلا رکوع ختم ہو تو اول سات مرتبہ سورہ فاتحہ اور بہتر (۷۲) مرتبہ اسم الٰہی **یَابَاسِطُ** پڑھے۔

پھر دوسرے رکوع تک پڑھے اور اس کے بعد سورۂ فاتحہ اور **یَابَاسِطُ** کا ورد بہ تعداد بالا کرے، اس طریق سے سورۂ **حٰمٓ السجدہ** کو پڑھے، ہر رکوع کے خاتمے پر

Ghulam Yaseen

سورۂ فاتحہ اور **یَابَاسِطُ** کا ورد جاری وساری رہے، بعدازا ختتام درود پاک ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا خلوص دل سے مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے بارگاہ ایزدی میں مقبول بندہ بن جائے گا اور اس کی ہر جائز دُعا قبولیت کا درجہ پائے گی اور اس پر اسرار الٰہی بھی وقتاً فوقتاً منکشف ہوتے رہیں گے، اس عمل کو رواں رکھنے کے بعد روزانہ بعداز نماز عشاء سورۂ فاتحہ اور سورۂ **حٰمٓ السجدہ** تین مرتبہ اور درود پاک ذیل اول وآخر گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھنا اپنا معمول رکھے تاکہ عمل کی پذیرائی میں کبھی بھی رکاوٹ پیش نہ آئے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَأِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

برائے مسان

جس بچے کو مسان کی شکایت ہو اور وہ دن بدن سوکھ کر کانٹا ہوتا چلا جائے اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے سوا پاؤ کچی گھانی کا سرسوں کا تیل لیں اور اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اور آیات قطب ذیل تین مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس تیل کو چالیس روز تک مسلسل روزانہ وقت مقررہ پر بچے کے جسم پر مالش کریں اور پھر دو گھنٹے بعد گرم پانی سے نہلادیں، تندرست ہونے پر بچوں میں نیاز حضور غوث پاک حسب توفیق تقسیم کر دیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر''

آیاتِ قطب:۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ وَطَآئِفَۃٌ'' قَدْ اَھَمَّتْھُمْ ○ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ'' مَّا قُتِلْنَا ھٰھُنَا قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ'' بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

Ghulam Yaseen

خواب بندی

جس مرد و زن کو الٹے سیدھے خواب بے بہا آتے ہوں اور وہ ان کی وجہ سے پریشان رہتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے ذیل کے عمل کو لکھے اور اس کو اپنی خواب گاہ کے اندر اپنے پلنگ کے نیچے زمین پر میخ سے ٹھونک کر سوراخ کو چوراہے کی خاک سے بند کر دیں۔ خواب آنے بند ہوجائیں گے میخ کاغذ کے عین وسط میں رکھ کر زمین میں ٹھونکنا ہے۔

عمل:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ عقدت نوم (فلاں بن فلاں) بحق اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عقدت نوم (فلاں بن فلاں) بحق رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عقدت راسه بحق اَلرَّحْمٰنِ عقدت شعره بحق اَلرَّحِيْمِ عقدت عينيه بحق مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ وعقدت اذنيه بحق اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ عقدت وجهه بحق اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وعقدت يديه بحق صِرَاطَ الَّذِيْنَ عقدت قلبه بحق اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ عُقِدت فرجه بحق غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ عقدت ساقيه بحق وَلَا الضَّآلِّيْنَ عقدت رجليه بحق اٰمين عقدت قراره وسكونه من الراس الى الرجلين بالله وبحكم الله عزوجل عقدت النوم (فلاں بن

فلاں علی حب فلاں بن فلاں)

نوٹ:۔ فلاں بن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

سر میں پانی بھر جانا

جس فرد کے سر میں پانی بھر جائے یعنی دماغ کی جھلیوں میں پانی جمع ہو جاتا ہو اور اس سے موت واقع ہونے کا خطرہ بھی ہوتا ہے تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر، عصر اور عشاء مریض کے سر پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر سورۂ فاتحہ سات مرتبہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کیا کریں یہ عمل تاشفاء جاری و ساری رکھیں بہت جلد بفضلِ ایزدی شفاء حاصل ہوجائے گی۔

زن و شوہر میں موافقت

جن میاں بیوی کے درمیان ناچاقی رہتی ہو اور کسی بھی صورت پیار و الفت نہ پیدا ہوتا ہو تو ان کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اعظم کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی طرح حب اور تسخیر کے لئے بھی ذیل کا عمل کارگراور فائدہ مند ہے، مگر یاد رہے کہ ناجائز نہ کیا جائے ورنہ مستوجب عذاب الٰہی ہو گا۔

ترکیب:۔

ساعت مشتری میں ذیل کا نقش اور عزیمت کسی سفید کاغذ پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھیں اور اسی کو ایک سو اکسٹھ مرتبہ پڑھ کر اس نقش اور قدرے مٹھائی پر دم کریں، اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

اس نقش کو موم جامہ کر کے طالب اپنے گلے میں ڈالے اور مٹھائی اپنے مطلوب کو کسی طرح کھلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مسئلہ حل ہو جائے گا اور زن و شوہر کے درمیان

Ghulam Yaseen

موافقت دائمی پیدا ہو جائے گی۔

نقش اور عزیمت:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۰۰	۴۰۳	۴۰۶	۳۹۳
۴۰۵	۳۹۴	۳۹۹	۴۰۴
۳۹۵	۴۰۸	۴۰۱	۳۹۸
۴۰۲	۳۹۷	۳۹۶	۵۰۷

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ الحمد للہ رب العالمین توکل یا جبرائیل انت و خدامك و عوانك بحق اللہ العزیز الجبار الکریم الوھاب القھار اسئلك یا جبرائیل ان تلق محبة فی قلب فلاں (طالب اور مطلوب کا نام) بحق الرحمن الرحیم یا جواد یا جلیل یاتوکل یا میکائیل سامعا مطیعا والق محبة فلاں فی قلب فلاں بحق مالك یوم الدین وبحق اللہ الحی القیوم الواجد الماجد توکل یا اسرافیل انت واعوانك والق محبة فلاں بن فلاں بحق ایاك نعبدو ایاك نستعین و بحق الملك المقتدر المقدم المبدی

المعید توکل یار قیائیل المستقیم وبحق الفرد الوتر الحی القیوم الصمد توکل یا شمائیل انت واعوانك والق محبة فلاں فی قلب فلاں بحق صراط الذین انعمت علیھم وبحق الواحد العلیم الجواد الکریم توکل یا عزرائیل انت واعوانك سامعاً مطیعاً والق محبة فلان فی قلب فلان بحق غیر المغضوب علیھم ولاالضالین آمین وبحق القاھر العزیز الجلیل الکبیر توکل یا کصفائیل انت واعوانك سامعاً مطیعاً والق محبة فلاں فی قلب فلاں بحق یحبونھم کحب اللہ والذین اٰمَنُوۡا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِی الۡاَرۡضِ جَمِیۡعًا مَّا اَلَّفۡتَ بَیۡنَ قُلُوۡبِھِمۡ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیۡنَھُمۡ اِنَّہٗ عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ ٥

نوٹ:۔ ہر جگہ فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں

علاج سستی

سستی نامردی کے مرض میں ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو باوضو حالت میں دیسی مرغی کے انڈے پر ذیل کی آیات مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ مریض یہ انڈہ کھائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی اکتالیس یوم کی مسلسل مداومت سے سستی و نامردی بفضل باری تعالیٰ رفع ہوجائے گی اور مریض شفایاب ہوجائے گا۔

Ghulam Yaseen

آیات مبارکہ:۔

☆ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

☆ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً ج وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا ۝

☆ قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھُدًی وَّشِفَآءٌ ط

دشمن کے شر سے حفاظت

جس کسی کا دشمن انتہائی شریر اور ظالم ہو اور اس سے بچنے کی کوئی امید بر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دو رکعت نماز نفل حاجت اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ فلق پڑھے۔

بعداز سلام پھیرنے کے سجدہ میں جا کر ذیل کی دُعا بے تحاشا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ شَرِّ فلاں بن فلاں

(یہاں دشمن اور اس کی ماں کا نام لے)

بعداز دُعا اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصود کے لئے دُعا مانگے اور سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے اسی دُعا کو سورۂ فاتحہ کے ساتھ ذیل کے طریقے سے لکھ کر اس پر سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے موم جامہ کر کے اپنی ٹوپی کے اندر سی

لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دشمن کے شر سے ہمیشہ محفوظ ومامون رہے گا۔

عبارت نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ شَرِّ فلان بن فلاں بحق اَلْحَمْدُ اللّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ اَلرَّحْمٰنِ اکْفِنِیْ شرِّ فلاں بن فلاں اَلرَّحِیْمِ اکفنی شر فلان بن فلاں بحق مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ شر اکفنی فلان بن فلاں بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اکفنی شر فلان بن فلاں بحق اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ اکفنی شر فلان بن فلاں صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ اکفنی شرَّ فلان بن فلاں یا حفیظ احفظنی شَرَّ فلان بن فلاں وَ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَاالضَّآلِّیْنَ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَاحَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَاحَفِیْظُ احفظت شر فلان بن فلاں بِحَقِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

علاج نامردی

سستی و نامردی کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر اول وآخر درود پاک ذیل اکیس مرتبہ اور تین سو مرتبہ آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

Ghulam Yaseen

پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور اسی عمل کو عرق کاسنی و صندل شربت پر بھی دم کریں اور مریض روزانہ نہار منہ اور رات کو سوتے وقت یہ مشروب:۔

بسم اللّٰہ شافی الرحمٰن الرحیم شافی بحق
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

پڑھ کر پی لے اور سوتے وقت گیارہ مرتبہ درود شریف ذیل پڑھ کر اپنے اوپر دم بھی کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایک سو بیس یوم کے مسلسل عمل سے یہ مرض جڑ سے ختم ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

داڑھ درد

ذیل کا عمل اس مقصد کے لئے بے حد مجرب اور کارگر ہے۔

داڑھ درد والا شخص اپنے دائیں انگوٹھے اور انگشت شہادت سے اپنی درد والی داڑھ کو پکڑ لے اور بات کرتے وقت اس کو نہ چھوڑے۔

دوسرا شخص باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر پھونک لگائے اور پوچھے تمہارا نام کیا ہے مریض نام بتلادے، پھر دوبارہ سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اسی طرح پڑھ کر دم کرے اور پوچھے تمہاری ماں کا نام کیا ہے؟ مریض اس کا نام بتلادے، پھر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اسی طرح پڑھ کر دم کریں اور پوچھے تیرے کہاں درد ہے مریض کہے کہ میری داڑھ میں درد ہے۔

پھر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اسی طرح پڑھ کر دم کرے اور اس سے پوچھے کہ کیا

خدا کے حکم سے اس کو کیل دوں۔ مریض کہے۔ ہاں! پھر اس طرح سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس سے پوچھے کہ تیری عمر کیا ہے؟ مریض اپنی عمر بتا دے پھر وہ سات مرتبہ سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر اس پر دم کرے اس مریض سے کہے، کہ وہ جا کر تھوڑی دیر آرام کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا داڑھ درد ہمیشہ کے لئے چلا جائے گا۔

ناجائز تعلقات سے بچاؤ

ناجائز تعلقات میں مبتلا افراد اس عادت بد کو ذیل کے عمل سے ختم کر سکتے ہیں یا جن کو کسی بھی ایسے معاملے کا خدشہ لاحق ہو وہ بھی اس عمل کے ذریعہ محفوظ و مامون ہو سکتے ہیں۔

اس مقصد کے لئے نوچندی اتوار کے دن سے اس عمل کو شروع کریں۔ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اول وآخر درود شریف ذیل سات سات مرتبہ اور سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف ذیل کی تعداد میں پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور اسی کا پانی بنا کر پئیں۔

تعداد:۔

اتوار کے روز ستر مرتبہ۔
پیر کے روز ساٹھ مرتبہ۔
منگل کے روز پچاس مرتبہ۔
بدھ کے روز چالیس مرتبہ۔
جمعرات کے روز تیس مرتبہ۔
جمعہ کے روز بیس مرتبہ۔
ہفتہ کے روز دس مرتبہ۔

Ghulam Yaseen

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

سانپوں سے حفاظت

جس گھر میں سانپ موجود ہوں اور ہر وقت ان سے خطرہ رہتا ہو کہ وہ کہیں نقصان نہ پہنچادیں تو ایسے گھر کو سانپوں سے پاک کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے دریا سے مصفا ریت لے کر اس پر باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف، آیت الکرسی تین مرتبہ، چاروں قل ایک مرتبہ اور:۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ

سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اس طریقہ سے سات مرتبہ یہی عمل پڑھ کر دم کریں اور اس ریت کو گھر کے تین کونوں میں ڈال دیں، چوتھا کونا سانپوں کے فرار ہونے کے لئے چھوڑ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس راہ سے بھاگ جائیں گے اور پھر کبھی بھی اس گھر میں داخل نہ ہوں گے۔

علاج مرگی

مرگی کے مرض میں مبتلا حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع، فائدہ مند اور

اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے حروف و کلمات پر مشتمل باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید پارچہ ریشمی پر تحریر کریں اور پھر اس پر انہی کلمات کا اکتالیس مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور مصروع کی پیشانی پر باندھ دیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کٓھٰیٰعٓصٓ بحق حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ بحق

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

صرع فلاں بن فلاں

(یہاں مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں)

دور شود دور شود

اس کے علاوہ روزانہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ، گیارہ مرتبہ اور آیات مبارکہ ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر صبح و شام مصروع کو دم کریں، یہ عمل اکتالیس یوم تک جاری رکھیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقِ

Ghulam Yaseen

آیات مبارکہ:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ

بحق کٓھٰیٰعٓصٓ، حٰمٓ، عٓسٓقٓ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت صرع یعنی مرگی کے مرض سے مکمل نجات حاصل ہوجائے گی اور مریض ہمیشہ کے لئے صحت یاب و تندرست ہوجائے گا۔

داد، چنبل، دنبل کا علاج

داد، چنبل اور دنبل کے مرض میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عصر سورۂ فاتحہ شریف معہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ، اول وآخر درود پاک شفاء ذیل سات سات مرتبہ اور آیات مبارکہ ذیل تین تین مرتبہ پڑھ کر اس جگہ کو پکڑ کر ان الفاظ کے ساتھ دم کریں اور پھر ہاتھ کو جھٹک دیں۔

الفاظ:۔

''اے عرق النساء، داد، چنبل، دنبل! اگر بحکم الٰہی ہو تو مر جا۔''

یہ عمل تین دن کرنے سے مرض ختم ہوجاتا ہے۔ ضدی مرض کی صورت میں سات تا گیارہ یوم تک عمل کریں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الۡقُلُوۡبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الۡاَبۡدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوۡرِ

الۡاَبۡصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

آیت مبارکہ:۔

وَتَرَی الۡجِبَالَ تَحۡسَبُھَا جَامِدَۃً وَّھِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنۡعَ اللّٰہِ الَّذِیۡ اَتۡقَنَ کُلَّ شَیۡءٍ اِنَّہٗ خَبِیۡرٌ ۢ بِمَا تَفۡعَلُوۡنَ وَیَسۡئَلُوۡنَکَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ یَنۡسِفُھَا رَبِّیۡ نَسۡفًا ۝ فَیَذَرُھَا قَاعًا صَفۡصَفًا ۝ لَا تَرٰی فِیۡھَا عِوَجًا وَّلَآ اَمۡتًا ۝ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیۡثَۃٍ کَشَجَرَۃٍ خَبِیۡثَۃِ ۨ اجۡتُثَّتۡ مِنۡ فَوۡقِ الۡاَرۡضِ مَا لَھَا مِنۡ قَرَارٍ۔

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ خَرَجُوۡا مِنۡ دِیَارِھِمۡ وَھُمۡ اُلُوۡفٌ ۢ حَذَرَ الۡمَوۡتِ فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ مُوۡتُوۡا ثُمَّ اَحۡیَاھُمۡ اِنَّ اللّٰہَ لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَی النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَشۡکُرُوۡنَ ۝ اَوۡ کَالَّذِیۡ مَرَّ عَلٰی قَرۡیَۃٍ وَّھِیَ خَاوِیَۃٌ ۢ عَلٰی عُرُوۡشِھَا قَالَ اَنّٰی یُحۡیٖ ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعۡدَ مَوۡتِھَا فَاَمَاتَہُ اللّٰہُ مِائَۃَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَہٗ قَالَ کَمۡ لَبِثۡتَ قَالَ لَبِثۡتُ یَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ یَوۡمٍ قَالَ بَلۡ لَّبِثۡتَ مِائَۃَ عَامٍ فَانۡظُرۡ اِلٰی طَعَامِکَ وَشَرَابِکَ لَمۡ یَتَسَنَّہۡ وَانۡظُرۡ اِلٰی حِمَارِکَ وَلِنَجۡعَلَکَ اٰیَۃً لِّلنَّاسِ وَانۡظُرۡ اِلَی الۡعِظَامِ کَیۡفَ نُنۡشِزُھَا ثُمَّ نَکۡسُوۡھَا لَحۡمًا فَلَمَّا

Ghulam Yaseen

تَبَیَّنَ لَہٗ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" ○

کثرت پیشاب کا علاج

کثرت پیشاب کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے سورۂ فاتحہ تلوں پر بمع وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض روزانہ گیارہ یوم تک ان تلوں کو کھائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مرض ختم ہو کر شفاء کاملہ حاصل ہوگی۔

ہول دل

ہول دل کے مریض کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر زعفران وگلاب سے چینی کی طشتری پر سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر روزانہ مریض کو نہار منہ پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اندر اندر مرض کا خاتمہ ہمیشہ کے لئے ہو جائے گا۔

نظر بد کا علاج

نظر بد میں مبتلا بچوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس پر سورۂ فاتحہ گیارہ مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو نظر بد والے بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نظر بد سے شفاء کاملہ حاصل ہو جائے گی۔

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

پشت کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یوم الدین	مالک	الرحمن الرحیم	رب العالمین	الحمد للہ
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
ولا	علیھم	غیر المغضوب	علیھم	انعمت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

Ghulam Yaseen

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

ناممکن مشکل حل ہو

اگر کسی کو دنیاوی یا دینی ایسی مشکل درپیش ہو جس کا حل کہیں بھی اور کسی بھی طرح نظر نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور موثر ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعداز نماز عشاء اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس، اکتالیس مرتبہ اور پھر سورۂ حٰمٓ السَّجدہ ایک مرتبہ، آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝

سو مرتبہ، سورۂ نصر گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

اس طریق سے اس عمل کو روزانہ سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور خشوع وخضوع سے دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی اکیس سے چالیس یوم تک مسلسل مداومت سے وہ مشکل پردۂ غیب سے حل ہوجائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا
وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَطَیِّبِ ظَاھِرِنَا
وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ
وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ
اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

حسب خواہش تبادلہ

جس صاحب ملازمت کا تبادلہ گھر سے دور ہو گیا ہو اور وہ بہت تکلیف میں ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل گیارہ تا اکیس روز تک کرنے سے اس کا تبادلہ حسب خواہش جگہ پر واپس ہو جائے گا۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز عشاء سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ، سورہ اخلاص اکیس مرتبہ، آیت کریمہ:۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا مانگا کریں۔

امتحان میں کامیابی

امتحان میں طلباء کے لئے نمایاں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہے، اس عمل کو امتحان کے بعد اکتالیس روز تک مسلسل کریں اور بارگاہ ایزدی میں دُعا کامیابی مانگیں، عصر اور مغرب کے درمیان قبلہ رخ باوضو حالت میں بیٹھ کر اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بمع وصل بسم اللہ شریف اور درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا کریں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ
جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

حفاظت اٹھرا

جس حاملہ عورت کا حمل اکثر ساقط ہو جاتا ہو اور علاج معالجہ کے باوصف آرام نہ

Ghulam Yasin

آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے، اس عمل سے بفضل ایزدی حمل برقرار رہے گا اور اولاد کی نعمت سے وہ عورت سرفراز ہوگی۔

اکیس یوم تک حاملہ کو ذیل کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی طشتری پر زعفران وگلاب سے لکھیں اور عرق گاؤ زبان سے دھو کر حاملہ کو صبح نہار منہ پلائیں۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	الحمد للہ رب العالمین الرحمٰن الرحیم
مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم	صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین آمین

ترقی دوکان

دوکان میں رزق کی ترقی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے دوکان کھولنے سے پہلے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَااَللّٰہُ یَارَحۡمٰنُ

گیارہ مرتبہ، سورۂ فاتحہ تین مرتبہ، سورۂ اخلاص تین مرتبہ اور یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دوکان کے اوپر پھونک لگائیں اور پھر بسم اللہ پڑھ کر دوکان کے تالے کھولیں اور دوکان کا شٹر اٹھائیں۔

بفضل ایزدی دوکان میں گاہکوں کی تیزی ہو جائے گی۔

نزول باراں کا عمل

نزول باراں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے سات سنگریزے مناسب سائز کے لے کر ان کو پاک صاف کر لیں اور ان سنگریزوں کو اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر ان پر سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اور آیت ذیل سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ان کو دریا یا نہر کے بہتے پانی میں بہا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے نزول باراں ہوگا۔

آیت مبارکہ:۔

وَقِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ

علاج لاکڑا کاکڑا

اگر کسی بچے کو لاکڑا کاکڑا نکل آئے اور ساتھ ہی بخار بھی ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش بعداز نماز عصر باوضو حالت میں سرخ کاغذ پر زعفران و گلاب سے بنائیں، اس پر درود شریف ذیل گیارہ، گیارہ مرتبہ، سورۂ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، سورۂ ق گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

اس کے علاوہ سرخ رنگ کے کپڑے پر گیارہ مرتبہ سورۂ ق پڑھ کر دم کریں اور اس کپڑے کو وقتاً فوقتاً بچے کے جسم پر پھیرتے جائیں اور جھاڑتے جائیں، جب بیماری سے نجات مل جائے تو اس کپڑے کو دریا برد کر آئیں، بچے کو غسل دینے کے بعد اکیاون روپیہ کی شیرینی بہ نیاز حضور غوث پاک رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بچوں میں تقسیم کر دیں۔

Ghulam Yaseen

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَااَللّٰہُ	یَاشَافِیُ	یَاحَیُّ	یَاقَیُّوۡمُ	یَابَاقِیُ	یَاکَافِیُ
اَلۡحَمۡدُ	لِلّٰہِ	رَبِّ	الۡعٰلَمِیۡنَ	الرَّحۡمٰنِ	الرَّحِیۡمِ
مٰلِکِ	یَوۡمِ الدِّیۡنِ	اِیَّاکَ	نَعۡبُدُ	وَاِیَّاکَ	نَسۡتَعِیۡنُ
اِھۡدِنَا	الصِّرَاطَ	الۡمُسۡتَقِیۡمَ	صِرَاطَ	الَّذِیۡنَ	اَنۡعَمۡتَ
عَلَیۡھِمۡ	غَیۡرِ	الۡمَغۡضُوۡبِ	عَلَیۡھِمۡ	وَلَا الضَّآلِّیۡنَ	اٰمِیۡنَ
یَااَللّٰہُ	یَاشَافِیُ	یَاحَیُّ	یَاقَیُّوۡمُ	یَابَاقِیُ	یَاکَافِیُ

پشت کی جانب:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۷۴۳۳	۲۷۴۳۷	۲۷۴۴۰	۲۷۴۲۶
۲۷۴۳۹	۲۷۴۲۷	۲۷۴۳۲	۲۷۴۳۸
۲۷۴۲۸	۲۷۴۴۲	۲۷۴۳۵	۲۷۴۳۱
۲۷۴۳۶	۲۷۴۳۰	۲۷۴۲۹	۲۷۴۴۱

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الۡقُلُوۡبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الۡاَبۡدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوۡرِ الۡاَبۡصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

توڑ سحر بندش مباشرت

اگر کسی شخص کو بذریعہ سحر مباشرت کے جائز فعل سے باندھ دیا گیا ہو اور باوجود علاج اطباء کے وہ مباشرت کے قابل نہ ہو تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سوا پاؤ چنے لے کر ان کو بوقت طلوع آفتاب پانی میں بھگو دیں اور ان کو اگلے روز غروب آفتاب تک بھیگا رہنے دیں۔

اب شیشے کا ایک بڑا برتن لے کر اس میں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے سورۂ فاتحہ و سورۂ قدر معہ بسم اللہ شریف بغیر اعراب کے پچاس پچاس مرتبہ لکھیں اور پھر اس کو چنوں کے اس پانی سے اچھی طرح دھو کر پانی کو کسی شیشی میں محفوظ کر لیں، اس پانی پر اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور انہی دو سورہ ہائے مبارکہ کا پچاس پچاس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اس پانی کو روزانہ صبح نہار منہ تین حصے کر کے تین دن تک استعمال میں لائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے سحری بندش کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا اور مریض مکمل طور پر صحت یاب ہو جائے گا۔

Ghulam Yaseen

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

پیاس کی شدت

جو شخص مرض استسقاء میں مبتلا ہو اور اس کے مرض میں فائدہ کسی بھی طریق سے نہ ملتا ہو،اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بوقت صبح صادق اپنے دونوں ہاتھوں پر سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر پھونک لگائیں اور پورے جسم پر ہاتھ پھیر لیں، اسی دن اس مرض سے نجات حاصل ہو گی۔

مکمل شفاء اور صحت یابی کے لئے اس عمل کو مسلسل گیارہ یوم تک جاری رکھیں۔

عسر ولادت

شدید درد زہ اور وضع زچگی میں پیچیدگی کی حامل عورت کے لئے ذیل کا عمل تریاق اعظم ہے اور عسر ولادت فوراً بغیر کسی تکلیف کے عمل میں آئے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی سورہ و آیات مبارکہ زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر دو عدد لکھیں، ان پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اور ان آیات مبارکہ کو گیارہ مرتبہ اول وآخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، ایک نقش کسی سبز پارچہ میں بند کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرے نقش کو پانی میں گھول کر فوراً پلادیں۔

بسم اللہ شریف سات مرتبہ، سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور آیات مبارکہ ذیل ایک مرتبہ لکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت درد زہ میں مبتلا عورت کو آرام آ جائے گا۔

آیات مبارکہ:۔

کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَایُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَۃً مِّنْ نَّھَارٍ وَمَا تَلْبَثُوْا بِھَا اِلَّا یَسِیْراً کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَھَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِیَّۃً اَوْ ضُحٰھَا وَیَوْمَ یَحْشُرُھُمْ کَاَنْ لَّمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَۃً مِّنَ نَّھَارٍ یَتَعَارَفُوْنَ بَیْنَھُمْ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَۃِ اِلَّا کَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ ھُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" وَمَایُدْرِیْکَ لَعَلَّ السَّاعَۃَ قَرِیْب" وَمَا اُمْرُنَا اِلَّا وَاحِدَۃ" کَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ ○ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَاوَتَخَلَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ط وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ ○ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ ○ لَقَدْ کَانَ فِیْ قَصَصِھِمْ عِبْرَۃ" لِّاُوْلِی الْاَلْبَابِ ○ مَاکَانَ حَدِیْثًا یُّفْتَرٰی وَلٰکِنْ تَصْدِیْقَ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ وَتَفْصِیْلَ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ○ اَللّٰھُمَّ یَاخَالِقَ النَّفْسِ خَلِّصْھَا وَسَھِّلْ وَّلَادَتَھَا بِلُطْفِکَ وَفَضْلِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

Ghulam Yaseen

بندش کاروبار

جس کسی شخص کا کاروبار بوجہ بندش بند ہو چکا ہو یا کسی نے جادو ٹونا کر دیا ہو اور کاروبار میں شدید مندے کا رجحان پیدا ہوجائے اور اس کی وجہ سے چاروں طرف سے پریشانی نے گھر کر لیا ہو تو اس سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر سورۂ ق ستر مرتبہ مع اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کافی زیادہ تعداد میں بنائے اور اس کو اپنے کاروبار والی جگہ پر چاروں کونوں میں چھڑک دے، اس کے بعد ذیل کا عمل پڑھے اور اپنے کاروباری جگہ پر چاروں طرف دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس روز کے عمل سے بندش کاروبار بالکل ختم ہوجائے گی اور اس پریشانی سے نجات حاصل ہوجائے گی۔

عمل:۔

☆ سورۂ فاتحہ (سات بار)
☆ آیت الکرسی (اکیس بار)
☆ سورۂ ق (سات بار)
☆ سورۂ اخلاص (سات بار)
☆ درود پاک اول وآخر ذیل (گیارہ، گیارہ بار)

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

جانوروں کا خشک دودھ جاری فرمانا

اگر کسی جانور کا دودھ کسی بیماری کی وجہ سے خشک ہو جائے تو اس کا دودھ جلدی حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے پاؤ بھر چنے کا آٹا لے کر اس پر اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ اور آیت مبارکہ ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس آٹے کو دم کر کے جانور کو کھلائیں۔ تین دن کے مسلسل عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم یہ جانور پہلے سے بھی زیادہ دودھ دینے لگے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ○

برائے حاجات

ہمہ اقسام حاجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر یا عشاء اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور دُعائے ذیل تین سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات تا گیارہ یوم کے اندر مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

زیادہ مشکل اور سخت حاجت کے لئے اس عمل کو چالیس یوم تک بعداز نماز فجر

Ghulam Yaseen

اور بعد از نماز عشاء دو وقت کریں اور دُعا کی مقدار ایک ہزار تین سو مرتبہ پڑھیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ○ اِسْمُهٗ مَکْتُوْب" مَّرْفُوْع" مَّشْفُوْع" مَّنْقُوْش" فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ○ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُهٗ مُقَدَّس" مُّعَطَّر" مُّطَهَّر" مُّنَوَّر" فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ○ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ○ جَمِیْلِ الشِّیَمِ ○ شَفِیْعِ الْاُمَمِ ○ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ○ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ ○ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنَ ○ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ

قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ ○ یٰٓاَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ○

دُعا:۔

یَاحَیُّ یَا حَلِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَاکَرِیْمُ اس سخت کام کو آسان کر بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ جہاں اس سخت کو آسان کر آیا ہے

نوٹ:۔ یہاں اپنی حاجت یا کام کا نام لیں۔

واسطے درد طحال

جس کسی کو طحال کی بیماری ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے عروج ماہ قمری میں بروز چہار شنبہ قبلہ رخ باوضو حالت میں بیٹھ کر ذیل کے نقوش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور ان پر سورہ الحمد شریف مع وصل بسم اللہ شریف اکہتر مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر عطر گلاب لگا کر موم جامہ کر کے طحال کے مقام پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند دنوں میں بیماری سے شفاء مل جائے گی۔

Ghulam Yaseen

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۳۴۰	۲۳۴۳	۲۳۴۶	۲۳۳۲
۲۳۴۵	۲۳۳۳	۲۳۳۶	۲۳۴۴
۲۳۳۴	۲۳۴۸	۲۳۴۱	۲۳۳۸
۲۳۴۲	۲۳۳۷	۲۳۳۵	۲۳۴۷

پشت کی جانب:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مح م و	ماومدومد	ح م ح ح
وعد مح	ماومد ومد	می ما ح ح
لح مد مد	م م ل و	ساما وطال
اطالح	ل و	ماہ وما

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الۡقُلُوۡبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الۡاَبۡدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوۡرِ

الۡاَبۡصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

بے شمار خوبیوں کا حامل عمل خاص

ذیل کا عمل بے شمار خوبیوں کا حامل ہے اور عطیۂ روحانی شاہ اشرف علی سمنانی کچھوچھوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے، فقیر نے بے شمار مرتبہ اس کو آزمایا ہے اور مفید و نافع پایا ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش مندرجہ ذیل طریقوں سے تیار کر کے استعمال میں لایا جائے۔

1۔ بیماری کے لئے

اس کے لئے ذیل کا نقش ماہ عروج قمری میں بروز سوموار ساعت قمر میں چاندی کے پترے پر کندہ کر کے اور اس پر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ، پہلا کلمہ ایک سو ایک مرتبہ اور الحمد شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے محفوظ کر لیں، مریض کیسے ہی مرض میں کیوں نہ مبتلا ہو اس نقش کو روزانہ عرق گاؤ زبان میں دھو کر وہ عرق گاؤ زبان مریض کو دن میں پانچ مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ پلایا جائے۔

یَا اِلٰھِیۡ شِفَاءُکَ ایں علۃ بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ" رَّسُوۡلُ اللّٰہُ

اس کے علاوہ کالی مرچ سالم پر بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ، پہلا کلمہ گیارہ مرتبہ اور سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں اور حسب ضرورت شہد کے ساتھ سات عدد مرچ صبح نہار منہ کھلائیں۔

Chulam Yaseen

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض بہت جلد بیماری سے صحت یاب پا جائے گا بعداز صحت و تندرستی حسب توفیق نیاز پنجتن پاک پکا کر بچوں میں تقسیم کردیں۔

2۔ برائے نجات آسیب وغیرہ

اس مقصد کے لئے تانبے کے پترے پر اس نقش کو ساعت عطارد میں کندہ کروا کر اس پر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ، کلمہ طیبہ تین سو تیرہ مرتبہ، الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف مریض کے نام کے اعداد کے مطابق جس میں آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

ہر مرتبہ اکتالیس مرتبہ دھرائی جائے پڑھ کر دم کر لیں اور اس کو سبز کپڑے کی تھیلی میں رکھ کر مریض کے گلے میں پہنادیں نیز مریض کو اکیس یوم تک تین سو تیرہ مرتبہ اسم الٰہی ''**اَللّٰہُ عَلِیُّ**'' پڑھ کر پانی دم کر کے اس سے غسل بھی کروائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض آسیب، بھوت، پریت وغیرہ سے چھٹکارا پا جائے گا بعداز صحت نیاز مولا حسب توفیق پکا کر بچوں میں تقسیم کر دیں۔

3۔ برائے مرگی وغیرہ

اس مقصد کے لئے عمل بالا نمبر دو کے مطابق نقش تیار کر کے اس کو ساعت عطارد میں ہی سرخ رنگ کی تھیلی میں ڈال کر مریض کے گلے میں ڈال دیں مریض کو روزانہ سات یوم تک:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ ذَاتِ اَعۡلٰی اَلرَّحۡمٰنُ کُلُّ خَلۡقٍ شَافِی''
بِحَقِّ رَحِیۡم''

گیارہ مرتبہ پڑھ کر پہلے دائیں کان میں اور پھر بائیں کان میں باوضو حالت میں پھونک لگا دیا کریں۔

اس نقش کو مریض کے گلے میں اکتالیس یوم تک پہنائیں رکھیں، اکتالیسویں دن اس کو اتار کر پانی سے دھو کر مریض کو پانی پلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض ہمیشہ کے لئے مرگی کے مرض سے محفوظ و مامون رہے گا۔

4۔ برائے جنون و ہذیان و پاگل پن

بمطابق عمل بالا نمبر دو نقش تیار کریں لیکن نقش کی پشت پر آیت الکرسی بھی کندہ کروائیں اور اس کو ساعت مریخ یا عطارد میں مریض کے گلے میں ہلکے سبز رنگ کے کپڑے کی تھیلی میں ڈال کر مریض کے گلے میں پہنادیں۔ گلے میں پہناتے وقت اکیاون روپیہ فقراء میں تقسیم کر دیں، اس کے علاوہ ایک اور نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور اس کو پانی کی بوتل میں ڈال دیں، اس بوتل سے روزانہ مریض کو پانی ان الفاظ کے ساتھ صبح و شام پلایا کریں۔

یاالٰھی شفاءُ کَ این علۃ جنون و پاگل پن بحق
سیدنا محمد مصطفٰے احمد مجتبٰی ﷺ

نوٹ:۔ بوتل والا پانی گیارہ روز تک مریض کو پلانا ہے بعد میں نیا نقش تیار کر کے تازہ پانی بنانا ہے، اس طریق سے سات مرتبہ یہ نقش تیار کر کے کل ستر دن پانی پلانا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس بیماری سے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا مل جائے گا بعداز صحت یابی بارہ نوافل شکرانہ الٰہی اور حسب توفیق نیاز آقائے دوجہاں پیش کر کے تقسیم کریں۔

5۔ برائے شفاء روحانی امراض

روحانی امراض سے شفاء کے لئے اس نقش کو ساعت قمر میں سات عدد اس طریق سے تیار کریں کہ اول چار رکعت نماز نفل بہ نیت شفائے امراض روحانیہ اس طرح

Ghulam Yaseen

ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں بعداز سلام پھیرنے کے بسم اللہ شریف گیارہ ہزار مرتبہ، کلمۂ طیبہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ، سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف ایک سو گیارہ مرتبہ جس میں ہر مرتبہ آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

کا ورد ایک سو گیارہ مرتبہ ہو پڑھ کر اس نقوش پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

ہر گیارہ روز کے لئے ایک نقش پانی کی بوتل میں حل کر کے اس کو استعمال کریں اور اس طریق سے سات عدد نقوش کا پانی صبح و شام استعمال کرنے اور روزانہ رات کو بعداز نماز عشاء آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بحق بِسْمِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یَارَحْمَانُ یَارَحِیْمُ

ایک سو اکیس مرتبہ اول وآخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بڑے سے بڑا روحانی مرض بفضلہٖ باری تعالیٰ ختم ہوجائے گا اور اندر انمٹ حب الٰہی پیدا ہوجائے گی۔

ہر جمعرات کو حسب توفیق نیاز بارگاہ رسالت مآب ﷺ بتوسل اپنے مرشد پاک اور حضرت سید محمد اشرف سمنانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پیش کر دیا کریں اور اپنی تمام خطاؤں کی معافی بھی مانگا کریں۔

نوٹ:۔ اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ امور عطیہ اور اکل حلال کی پابندی اشد ضروری ہے، نیز بعداز صحت یابی بارہ نوافل شکرانہ الٰہی بھی ادا کریں۔

اس کے علاوہ اس نقش کے اور بھی بہت سے فوائد فقیر کے مشاہدہ میں آئے ہیں جو بیان سے باہر ہیں (ان اعمال کی اجازت دی جاتی ہے)۔

نقش:۔



برکت الٰہی

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے ہر کام میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے

Ghulam Yaseen

برکت پیدا ہو جائے اور کوئی بھی رکاوٹ کسی بھی قسم کی نہ آئے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعرات کو روزہ رکھے ذکر فکر زیادہ کرے، کھلا ورد پاک کثرت سے ادا کرے، پھر بوقت مشتری اور طالع جوزا دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سات مرتبہ سورۂ فاتحہ، ایک مرتبہ آیت الکرسی اور سورۂ اخلاص سو مرتبہ پڑھے۔ پھر سلام سے فارغ ہو کر اول وآخر درود پاک تجینا گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ فاتحہ اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا ذیل سات مرتبہ مانگے اور پھر ذیل کا نقش کسی تانبے کی چوکور تختی پر کندہ کرے اور اس پر سورۂ فاتحہ اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے، ہر جمعرات کو معینہ وقت پر اس پر سورۂ فاتحہ اکیس مرتبہ پڑھا کرے اور اس کو دھونی بھی دیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایسے شخص کے دینی اور دنیاوی کام اللہ تعالیٰ آسان کر دیں گے اور نیک اعمال کی توفیق بھی اس کو ملے گی۔

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

د	ید	یہ	ا
ط	د	ڈ	یب
ہ	ط	ی	ج
یو	ب	ج	بیح

پشت پر:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴	۱۵	۱۴	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۱۳	۳	۲

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاَسۡمَائِکَ الۡحُسۡنٰی کُلِّھَا مَاعَلِمۡتُ مِنۡھَا وَمَالَمۡ اَعۡلَمۡ یَاھُوَ یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ یَاھَادِیُ یَابَرُّ یَابَارِئُ یَابَصِیۡرُ یَا بَدِیۡعُ یَابَاسِطُ یَابَاقِیُ یَاجَلِیۡلُ یَادَائِمُ یَاوَارِثُ یَاوَدُوۡدُ یَاحَیُّ یَاحَکِیۡمُ یَاحَلِیۡمُ یَاحَقُّ یَاحَلِیۡمُ یَاظَاھِرُ یَامَظۡھِرُ اَجِبۡ دَعۡوَتِیۡ وَاقۡضِ حَاجَتِیۡ کُلَّ الۡاَرۡضِ وَالسَّمَآءُ بِحَقِّ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ یَارَحۡمٰنُ یَارَّحِیۡمُ یَارَبَّ الۡعَالَمِیۡنَ

سستی اور تکان کا علاج

سستی اور تکان کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، نفع بخش اور

Ghulam Yaseen

اکسیر ہے۔

جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سورۂ فاتحہ کو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم پر ہاتھ پھیرے گا اس کو نہ تو سستی کا مرض لاحق ہوگا اور نہ ہی وہ نقصان محسوس کرے گا۔

حاجات کا سریع الاثر عمل

دینی و دنیاوی حاجات کے لئے ذیل کا عمل از عطیہ شیخ ابن عربی و امام غزالی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہما ازحد مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر فرض نماز کے بعد سورۂ فاتحہ بمعہ اسمائے الٰہی اور قسم ذیل کو بہ طریق ذیل روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے کوئی بھی دینی و دنیاوی حاجات اڑی نہیں رہے گی اور اکیس سے اکتالیس یوم میں پردۂ غیب سے بفضل باری تعالیٰ روا ہو جائے گی۔

طریق:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَارَؤُفُ يَاعَطُوْفُ مَالِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ يَاعَالِمُ السَّرَائِرُ يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ يَاسَرِيْعُ يَاقَرِيْبُ اِهْدِنَا الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمَ يَاقَادِرُ يَامُقْتَدِرُ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ يَا حَكِيْمُ يَا قَدِيْرُ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

وَالضَّالِّيْنَ يَاقَاهِرُ يَاعَزِيْزُ (دس مرتبہ یا اکتالیس مرتبہ)

پھر اس قسم کو دس مرتبہ پڑھیں۔

قسم:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَالُكَ بِحَقِّ سَبْعِ الْمَثَانِىْ وَبِحَقِّ قُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ دُعَآءِ نَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّالْجَاءِ فِىْ كَهْفِكَ وَاسْتَوْطَنَ فِىْ حِرْزِكَ وَلَمْ يَثِقْ اِلَّا بِكَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَارَوْقَائِيْلُ وَجَمِيْعُ الْمَلٰئِكَةُ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ جَلَالِ وَجَمَالِ وَجْهِ اللّٰهِ الْفَاتِحَةِ الْكِتٰبِ اللّٰهِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ الرُّوْحَانِيْنَ مِنَ الْعُلْوِيَّةِ وَالسِّفْلِيَّةِ مِنْ خُدَّامِ هٰذِهِ السَّبْعِ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ اَنْ تَقْضِىَ حَاجَتِىْ بِاَسْرَعِ مَنْ لَمِعَ الطَّرْفَ فَاِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ" وَبِالْاِجَابَةِ جَدِيْرٌ" وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

علاج کینسر

کینسر اور ناسور کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر عرق گاؤ زبان پر دم کریں

Ghulam Yasin

اور یہ عرق مریض کو ہر گھنٹے بعد تین گھونٹ:۔

بسم اللّٰہ الشافی، بسم اللّٰہ الکافی بسم اللّٰہ شافی بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّد" رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھ کر پلائیں اور بعد میں درود پاک ذیل سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اس عمل کو اکتالیس یوم بلاناغہ جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض مکمل طور پر صحت یاب ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

حل المشکلات

ہر مشکل اور ناممکن صورتحال اور مہم کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع، فائدہ مند اور زود اثر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر اول وآخر درود شریف ذیل چھیاسٹھ چھیاسٹھ مرتبہ اور بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دُعا اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور مانگیں، بفضل باری تعالیٰ بہت جلد مقصود حاصل ہو اور پردہ غیب سے استمداد الٰہی ملے اور مشکل مشکل نہ رہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ

حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

دُعا:۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیْمُ الْکَرِیْمُ ○ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ط اَسْئَالُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمِ مَغْفِرَتِکَ وَالْعِصْمَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً" ھِیَ لَکَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَھَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کُلُّ حَالٍ مَغْلُوْمُ رَحِمْ کُنْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

(گیارہ مرتبہ)

برائے تپ محرقہ (ٹائیفائڈ)

تپ محرقہ (ٹائیفائیڈ) جیسے میعادی بخار کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب المجرب اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک صاف پیتل کا برتن لیں اور ساتھ چھ تا آٹھ انچ لمبی سوئیاں پیتل کی لیں۔

نوٹ:۔ سوئیاں برتن کی گہرائی سے دو انگل زیادہ لمبی ہونی چاہیے۔

اس کے علاوہ ایک سرخ رومال بھی لے لیں۔

اول برتن میں لبالب پانی بھریں لیکن اس بات کا خیال رہے کہ پانی باہر کو نہ

Ghulam Yaseen

گرے بلکہ قدرے کم ہو اب سوئیوں کو ہاتھ میں لے کر پہلے بسم اللہ شریف پھر:۔

☆ درود پاک ذیل (گیارہ مرتبہ)

☆ سورۂ فاتحہ (سات مرتبہ)

☆ سورۂ اخلاص (تین مرتبہ)

☆ سورۂ کافرون (تین مرتبہ)

☆ آیت الکرسیٰ (سات مرتبہ)

☆ پھر:۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

(تین مرتبہ)

☆ درود شریف ذیل (گیارہ مرتبہ)

پڑھیں اور سوئیوں پر اچھی طرح دم کریں۔

اب سوئیوں کو ایک دھاگے سے مضبوطی سے آپس میں باندھ کر ایک ساتھ برتن میں اس طرح سیدھی کھڑی کریں کہ ان کے سرے اوپر آسمان کی طرف ہوں اور ان کے اوپر سرخ رومال تنبو کی طرح ڈال دیں اور رومال کے کونے برتن کے پیندے سے لپیٹ دیں اور اس کو مریض کی چارپائی کے نیچے مریض کی کمر کے عین نیچے رکھ دیں۔

اس بات کا خیال رکھیں کہ سوئیوں کی نوکیں آسمان کی جانب ہوں جن پر رومال تنبو کی مانند تنا ہوا ہو۔ چوبیس گھنٹہ کے بعد اس برتن کو نکال کر دیکھیں، اگر بخار ٹائیفائیڈ ہوگا تو مریض کی حالت رو بصحت ہوگی اور برتن میں بے شمار سرخ ذرات تیر رہے ہوں گے سوئیاں گلنے کے قریب ہوں گی، ہر روز نئی سوئیاں لے کر اس عمل کو دہرائیں۔ یہ عمل مسلسل اکیس یوم تک جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض صحت یاب ہو جائے گا اور ٹائیفائیڈ بخار بالکل بغیر کوئی اثرات چھوڑے ختم ہو جائے گا۔

یاد رہے کہ صحت یابی میں روز سرخ ذرات نظر آئیں گے۔

اس کے علاوہ روزانہ مریض کو سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم بھی کریں۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

علاج خسرہ

اگر کسی بچے کو خسرہ نکل آنے کا ڈر ہو یا پھر نکل آیا ہو اور ہر قسم کے علاج معالجہ سے کوئی افاقہ نہ ہوا ہو اور اس وجہ سے اس کے ماں باپ بہت زیادہ پریشان ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش بعداز نماز فجر سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے بنا کر اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچہ خسرہ جیسی موذی مرض سے محفوظ رہے گا۔

اگر بچے پر مرض کا حملہ ہو گیا ہو تو ساتھ ہی اس نقش کو چینی کی طشتری پر شہد و زعفران سے لکھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور درود پاک ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کا پانی بھی بچے کو روزانہ تین مرتبہ پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات دن کے اندر اندر بچے کو شفاء کاملہ نصیب ہو جائے گی۔

Chulam Yasin

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمدللہ	غیر المغضوب	الصراط المستقیم	وایاك
صراط الذین	ایاك نعبد	رب العالمین	انعمت علیهم
یوم الدین	نستعین	ولاالضالین	الرحمٰن
علیهم	الرحیم	مالك	اهدنا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الۡقُلُوۡبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِیَةِ الۡاَبۡدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوۡرِ الۡاَبۡصَارِ وَضِیَآئِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

ظالم زمیندار سے بچاؤ کا عمل

جس شخص کو کسی بااثر زمیندار سے اپنی زمین کے چھن جانے کا خطرہ لاحق ہو تو ایسے میں وہ شخص ذیل کا عمل اختیار کرے جو اس مقصد کے لئے بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

عمل:

مناسب سائیز کے پانچ پتھر لے۔ پھر اس پر:۔

☆ سورۂ فاتحہ (سات مرتبہ)
☆ سورۂ اخلاص (تین مرتبہ)
☆ سورۂ الفلق (ایک مرتبہ)
☆ سورۂ الناس (ایک مرتبہ)
☆ سورۂ ملک (ایک مرتبہ)
☆ آیت الکرسیٰ (دس مرتبہ)
☆ درود پاک ذیل (دس مرتبہ)

پڑھ کر دم کریں اس کے بعد چاروں پتھروں کو باغ یا زمین کے چاروں کونوں میں اور ایک پتھر زمین یا باغ کے وسط میں دفن کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ظالم زمینداروں کے ہاتھوں اس کی زمین چھن جانے سے ہمیشہ کے لئے بچ جائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی اِبۡرَاهِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاهِیۡمَ اِنَّكَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكۡتَ عَلٰی اِبۡرَاهِیۡمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبۡرَاهِیۡمَ اِنَّكَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ

Gulam Yasin

پیٹ کے تمام لاعلاج امراض

پیٹ کے تمام لاعلاج امراض کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے مٹی کا صاف ستھرا بڑا برتن لے کر اس کو پاک صاف کر لیں اور اس کے اندر سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف، آیت الکرسی اور معوذ تین عام قلم سے لکھیں پھر اس کو پانی سے بھر لیں اور رات بھر اس پانی کو شبنم میں پڑا رہنے دیں۔ برتن ڈھکا ہوا ہونا چاہئے۔

صبح کو اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف، آیت الکرسی اور معوذ تین اکہتر مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو مریض سارے دن دو دو گھونٹ کر کے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ وَاکْفِ اَنْتَ الْکَافِیْ وَعَافِ اَنْتَ الْمُعَافِیْ

تین مرتبہ پڑھ کر پیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین تا سات یوم کے اندر اندر بیماری جڑ سے غائب ہو کر شفاء کاملہ کا باعث بنے گی۔

شدید داڑھ درد

شدید داڑھ درد کے لئے حضرت امام جعفر صادق رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا فرمودہ ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے درد کے مقام پر دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی رکھ کر ایک مرتبہ سورۂ الحمد شریف بمعہ بسم اللہ شریف ایک مرتبہ سورۂ اخلاص اور آیت مبارکہ:۔

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِیْ اَتْقَنَ کُلَّ شَیْءٍ اِنَّهٗ

خَبِیْرٌ بِمَا تَفْعَلُوْنَ

سات مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے بفضل باری تعالیٰ داڑھ درد فوراً کافور ہو جاتا ہے، بہرحال یہ عمل تین مرتبہ دھرایا جائے تاکہ دوبارہ درد نہ ابھرے۔

شفاء امراض ہر قسم

ہر قسم کے امراض سے شفاء کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں بعداز نماز فجر چینی کی طشتری پر ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنا کر گلاب کے عرق سے دھو کر اس پر اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف دم کر کے مریض کو دن میں پانچ مرتبہ بسم اللہ شافی، الحمد للہ کافی، شفا بحق یٰسین والقرآن الحکیم پڑھ کر پانچ گھونٹ پلائیں۔

بعد میں اول و آخر درود شریف ہزارہ تین تین مرتبہ، الحمد شریف معہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ اور رباعی ذیل تین مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کریں۔

چند یوم کے عمل سے مریض شفاء کلی حاصل کر لے گا۔

رباعی:۔

اے درِ ذات تو حیران کہ ومہ
وزہر دو جہاں خدمت درگاہ توبہ
علت تو ستائی و شفاء ھم تو دہی
یارب تو بطفیل خویش بستاں دبدہ

Ghulam Yaseen

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۳۶۵	۲۳۶۸	۲۳۷۱	۲۳۵۷
۲۳۷۰	۲۳۵۸	۲۳۶۴	۲۳۶۹
۲۳۵۹	۲۳۷۳	۲۳۶۶	۲۳۶۳
۲۳۶۷	۲۳۶۲	۲۳۶۰	۲۳۷۲

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ ؕ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

خوف دشمن سے نجات

جو کوئی اپنے دشمنوں سے خوف کھاتا ہو یا اسے حکام سے کسی جائز مطلب براری میں دشواری پیش آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعہ کو ساعت اول میں کسی چینی کے برتن پر سورہ فاتحہ و بسم اللہ شریف مشک و زعفران وگلاب سے لکھیں اور اس کو عرق گلاب سے دھو لیں اس عرق گلاب کو سنبھال لیں جب بھی دشمن کی طرف جانا ہو یا حکام بالا کے پاس جانا ہو تو اس عرق گلاب کو تھوڑا سا لے کر اپنے منہ پر اچھی طرح مل لیں اور پھر انیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے سارے جسم پر پھیر لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دشمنوں کے خوف سے محفوظ رہے گا اور حکام نہایت

مہربانی سے پیش آئیں گے۔ مجرب اور مفید عمل ہے۔

برائے حاجات

ہر قسم کی حاجات دینی و دنیوی کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے بدھ یا جمعہ کی رات کو بعد نماز عشاء باوضو حالت میں ایک ہی نشست میں بیٹھ کر اول وآخر درود پاک ذیل اکیس اکیس مرتبہ اور پانچ ہزار مرتبہ سورۂ فاتحہ بمع بسم اللہ شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی دُعا مانگے۔

انشاء اللہ خزانۂ غیب سے مالک الملک اس حاجت کو بر لائیں گے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

کینسر کا علاج

کینسر کے علاج کے لئے ذیل کا عطیہ محمد ابراہیم ناچیز قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بعداز نماز عصر سفید کاغذ پر بنائیں اور اس کو عرق گاؤ زبان کی بوتل میں ڈال لیں، اس پانی پر اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ، سورۂ الحمد شریف بمع وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ،

Ghulam Yaseen

آیات شفاء اکتالیس مرتبہ اور پہلا کلمہ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

اس عرق کو مریض کو صبح و شام پانچ گھونٹ کر کے پلائیں، پلاتے وقت یہ الفاظ دھرائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ مُعَافِیْ
بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّد" رَّسُوْلُ اللّٰہِ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نوے دن کے عمل مسلسل سے کینسر سے مکمل نجات مل جائے گی، بعداز شفاء نیاز پاک حضور غوث الاعظم دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حسب توفیق تقسیم کر دیں، نیز آٹھ عدد نفل شکرانہ الٰہی بھی ادا کریں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لا الـ	ـه	ـع	ـه	ـه
الاَّ اللّٰ	١٣٩	١٥٣	١٤٩	١٤٦
ـه	١٥٠	١٤٥	١٤٠	١٥٢
محـ	ـمـ	ـمـ	ـمـ	ـد
رسول	١٤٤	١٤٧	١٥٥	١٤١
اللّٰ	١٥٤	١٤٢	١٤٣	١٤٨
ـه	لا الـ	الاَّ اللّٰ	محـ	رسول اللّٰ

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

نقش اسم اعظم

(اخذ کردہ از شمس المعارف بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ عطیہ
از سیّد کبیر تابیت رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بذریعہ امام خوارزمی
زیر نگرانی اپنے روحانی مرشد حضور سیدنا غوث
الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

نوٹ:۔ فقیر نے اس کو بعض مواقع پر آزمایا ہے اور اس سے بے پناہ فوائد جسمانی و روحانی حاصل کئے ہیں۔

اسم اعظم کے فوائد دنیاوی

1۔ جائز حاجات کے لئے

اعلیٰ حکام سے مطلب برآری کے لئے اس نقش کو مشک و زعفران سے سفید ریشم کپڑے پر لکھیں، خوشبو لگائیں اور اس پر سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی **یااللّٰہ** چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ(6666) مرتبۂ اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اس کو موم جامہ کر کے اپنی ٹوپی یا عمامہ کے اندر رکھ کر حکام بالا کے پاس جاتے ہوئے پہلے الحمد شریف اور پھر آیت الکرسی سات

Ghulam Yaseen

سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لگائیں اور پھر کھلا اسم الٰہی **یا اللّٰہ** کا ورد کرتے ہوئے جائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حاکم نہایت عزت و احترام سے پیش آئیں گے اور جائز حاجت برلائیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

2۔ تسخیر خلائق

اس کے لئے ہر روز باطہارت اس نقش مبارک کی زیارت صبح سورج طلوع آفتاب اس کی طرف رخ کر کے کرے اور اس وقت سورۂ الحمد شریف و آیت الکرسی اکیس اکیس مرتبہ اور اسم الٰہی **اللّٰہ** چھیاسٹھ مرتبہ مع درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو بفضلِ باری تعالیٰ بہت جلد مخلوق مقبول خدا بن جائے، ہر شخص نہایت عزت و آبرو سے پیش آئے اور دلی محبت کی نگاہ سے دیکھے اور ہر جائز امر و حکم بجا لائے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

3۔ وضع حمل میں آسانی

اس کے لئے اس نقش کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے بنا کر اس پر سورۂ الحمد شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی **یا اللّٰہ** گیارہ سو مرتبہ، اول و آخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے حاملہ عورت کے گلے میں ڈالیں۔

وضع حمل بفضلِ باری تعالیٰ نہایت آسانی سے ہو اور زچگی کی تکالیف سے عورت محفوظ و مامون رہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

4۔ برائے مرگی

اگر مرگی والے کو ہرن کی جھلی پر زعفران وگلاب سے بنا کر اس پر ایک سو ایک مرتبہ سورۂ الحمد شریف مع وصل بسم اللہ شریف، آیت الکرسی ایک سو ایک مرتبہ، اسم الٰہی **یا اللّٰہ** چھ سو چھیاسٹھ مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اس کے گلے میں باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مرگی والے مریض کو شفاء کاملہ حاصل ہو۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

Ghulam Yaseen

كُلِّ ذَرَّةٍ مَّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

5۔ آسیب زدہ، جنات وبھوت وغیرہ

اس نقش کو ہرن کی جھلی پر زعفران وگلاب سے بنا کر اس پر سورۂ الحمد شریف مع وصل بسم اللہ شریف تین سو تیرہ مرتبہ، آیت الکرسی ایک سو ایک مرتبہ جس میں جزو آیت مبارکہ:۔

وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

ہر مرتبہ سات دفعہ دھرانا ہے اول وآخر درود شریف ذیل پڑھ کر دم کریں، خوشبو لگائیں، موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اور اس کے کانوں میں اللہ اکبر کی صدائیں لگائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم آسیب، جن، بھوت، پریت وغیرہ بھاگ جائے گا اور دوبارہ نہ آئے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا جَمِيْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

6۔ حل المشکلات

شدید قسم کی مشکلات کے حل کے لئے عمل بالا کی طرح نقش تیار کر کے موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور روزانہ رات کو دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ

اخلاص تین مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھنا ہے بعداز سلام پھیرنے کے اول وآخر درود شریف تنجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور اسم الٰہی **یااللہ** کا چار ہزار تین سو چھپن مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگنا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اس عمل مسلسل سے وہ مشکل حل ہو جائے گی۔

7۔ روحانی مدارج کے لئے

اس نقش کو ساعت شمس میں چاندی کی لوح پر باوضو حالت میں کندہ کروائیں اور پھر اس نقش کو رات کو بعداز نماز عشاء اپنے سامنے رکھ کر اول و آخر درود پاک تسخیر اکیس، اکیس مرتبہ، سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اور آیت الکرسی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسم الٰہی **یااللہ** کا ذکر اس قدر کثرت سے کریں کہ حال غالب آجائے اور اپنی ہوش نہ رہے لیکن اس سے پہلے ذیل میں دی گئی دُعائے خلوت خشوع وخضوع سے ضرورسات مرتبہ مانگیں، پھر نظارۂ الٰہی اور روحانی کشف سے مستفید ہوں لیکن یاد رہے کہ یہ کام خلوت میں کیا جائے اور پرہیز جلالی و جمالی، امور شرعیہ اور نماز پنج وقتہ کی پابندی لازمی طور پر کی جائے۔

اس کے علاوہ بھی اس اسم کے بے شمار فوائد ہیں جن سے فقیر نے نہ صرف خود فائدہ اٹھایا ہے، بلکہ دوسروں کو بھی فائدہ پہنچایا ہے جو بیان سے باہر ہیں لیکن یہ عمل روحانی اصطلاح کے لئے جن باتوں کا تقاضا کرتا ہے اس کے لئے کسی کامل بزرگ کا ہاتھ سر پر ضرور ہونا چاہیے وگرنہ اس میدان میں بڑے بڑے رہ جاتے ہیں اور ماسوائے کفِ افسوس کے کچھ حاصل نہیں ہوتا(روحانی مدارج کا عمل بغیر فقیر یا کسی کامل ترین بزرگ کی اجازت کے کسی بھی صورت نہ کیا جائے، ورنہ ہر قسم کے نقصانات وغیرہ کا خود ذمہ دار ہوگا)۔

Ghulam Yaseen

نقش:۔

دُعائے خلوت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَاسَئَلَکَ بِہٖ جِبْرَئِیْلُ عِنْدَ عَرْشِکَ الْعَظِیْمِ اَنْ تَسْخَرَلِیْ مَلَائِکَتَکَ الْکِرَامِ خُدَامِ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ، اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ کَسَفْیَائِیْلُ وَدَرْدِیَائِیْلُ وَشَخِیَائِیْلُ وَطَوْطِیَائِیْلُ وَرَوْقِیَائِیْلُ وَسَمْعِیَائِیْلُ وَطَغْتَائِیْلُ وَجِبْرَائِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَسَمْسَائِیْلُ وَصَرْفِیَائِیْلُ اَجِیْبُوْا اِتَیْھَاءَ الْمُلُوْکَ

وَالرُّوْسَاءَ وَاَعِیْنُوْنِیْ عَلٰی قَضَاءِ حَوَائِجِیْ بحق مَاتَعْلَمُوْنَ مِنْ عَظِیْمِ سِرِّ اللّٰہِ وَبحق ھٰذَ الْاِسْمِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ بِعِلْمِکَ وَ قُدْرَتِکَ عَلَی الْخَلَائِقِ وَبِاسْمِکَ الْعَظِیْمِ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِی اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ الْاِسْمُ الَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ سَاعِرِ الْاَسْمَآءِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَسْخَرَلِیْ ھٰذِہِ الْاَرْوَاحِ وَاَنْ یَّاتُوْنِیْ فِیْ نَوْمِیْ اَوْیَقْظَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر'' یَا اَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ

چوتھیہ بخار

جس مرد یا عورت یا بچے کو چوتھے روز بخار آتا ہو (جسے عام طور پر چوتھیا بخار کہتے ہیں) تو ایسے مریض کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے پرانا گڑ لے کر اس کی تین گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔

ہر گولی کے اندر سرخ مرچ کا ایک بیج بھی ڈال دیں۔ اب ان گولیوں پر علیحدہ علیحدہ اول وآخر درود شریف ذیل سات سات مرتبہ، سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں۔

اب مریض کو بخار کی باری سے دو گھنٹے قبل ایک گولی:۔

بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ کَافِیْ شِفَاءُکَ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّد'' رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھ کر کھلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین گولیوں سے اس بخار کو ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی، انتہائی مجرب اور مفید عمل ہے۔

Ghulam Yazdani

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

چھینکوں کا علاج

بے تحاشہ چھینکیں آنے کی صورت میں ہر چھینک پر:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ حَالٍ مَّاکَانَ

کہنے سے چھینکیں آنا بند ہو جاتی ہیں اور دوبارہ ان کا حملہ نہیں ہوتا۔

نزلہ و زکام کا علاج

نزلہ وزکام کے مرض میں مبتلا مریض کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے مرض میں مبتلا شخص پر تین مرتبہ سورۂ فاتحہ مع وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں، اس طریق سے اس عمل کی تین مرتبہ تکرار سے مریض تندرست و توانا ہو جائے گا۔

عمل حب

جائز مقصد کے لئے ذیل کا عمل حب بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان بطریق ذیل سورۂ الحمد شریف کو گیارہ مرتبہ اپنے مطلوب کا تصور کر کے اکتالیس روز تک

پڑھیں، مقصود بفضل ایزدی حاصل ہوگا۔

ترکیب عمل:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اس آیت مبارکہ کی تکرار اپنے مقصود کو سامنے رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ کریں اور مطلوب پر تصور میں پھونک لگائیں، اس کے بعد بقیہ سورۂ کو مکمل کریں اور آمین کا لفظ تین مرتبہ دہرائیں، اس کے بعد رب العزت کی بارگاہ میں اپنے مقصود کے لئے دُعا مانگیں۔

سانپ یا بچھو کے کاٹے کا علاج

سانپ یا بچھو کے کاٹے کا علاج جو خود رسول اکرم ﷺ نے بھی کیا تھا وہ حسب ذیل ہے۔

ایک چمچ کھانے کا نمک لیں، اس پر سورۂ فاتحہ مع وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو کٹورہ بھر گرم پانی میں حل کر لیں اور اس پانی سے ڈنگ والی جگہ کو دھوئیں زہر کا اثر فوری ختم ہو کر ورم درست ہو جائے گا زیادہ سے زیادہ تین دفعہ عمل کرنے سے مکمل شفایابی ہو جاتی ہے۔

ضعف بصر

ضعف بصر میں مبتلا افراد پہلی کا چاند دیکھ کر اول وآخر درود شریف شفاء، سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف دس، دس مرتبہ اور ذیل کی آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے بائیں ہاتھ پر پھونک لگا کر اپنی آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ضعف بصر کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے

Ghulam Yaseen

ختم ہو جائے گا۔

درود شفاء:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

آیت مبارکہ:۔

فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآئَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ" یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْبِکِ

علاج درد گردن

درد گردن میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی آیات مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر مریض کی گردن پر دم صبح وشام کرنے سے درد گردن ختم ہو جاتا ہے۔

آیات مبارکہ:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ○ فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ ○ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

ان آیات مبارکہ کا نقش زعفران گلاب سے سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

همه اقسام دنیاوی تکالیف سے نجات

ہر قسم کی دنیاوی تکالیف سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع، نفع بخش اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں شرف شمس میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر ذیل کے نقوش سامنے اور پشت پر بنائیں اور اس کاغذ پر سورۂ الحمد شریف مع بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ اور سورۂ قل شریف و معوذ تین اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے گلے یا سیدھے بازو پر باندھیں۔

نقش پہننے سے قبل اکیس روپیہ فقراء میں بطور خیرات تقسیم کردیں۔

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲۳۴۰	۲۳۴۳	۲۳۴۶	۲۳۳۲
۲۳۴۵	۲۳۳۳	۲۳۳۹	۲۳۴۴
۲۳۳۴	۲۳۴۸	۲۳۴۱	۲۳۳۸
۲۳۴۲	۲۳۳۷	۲۳۳۵	۲۳۴۷

Ghulam Yaseen

پشت کی طرف:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۵۴۰	۳۵۴۳	۳۵۴۶	۳۵۳۳
۳۵۴۵	۳۵۳۴	۳۵۳۹	۳۵۴۴
۳۵۳۵	۳۵۴۸	۳۵۴۱	۳۵۳۸
۳۵۴۲	۳۵۳۷	۳۵۳۶	۳۵۴۷

علاج دمہ

دمہ کے مریضوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر چینی کی طشتری پر سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم شہد اور زعفران سے لکھیں اور اس کو مریض چاٹ لے اور سات مرتبہ الحمد شریف مع وصل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، اول وآخر درود پاک ذیل سات سات مرتبہ پڑھ کر پانی بنا کر پی لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے اندر اندر شفاء کاملہ حاصل ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

شدید سر درد

لاعلاج شدید درد سر میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر ذیل کی عبارت لکھ کر اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو مریض کے سر پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد ہمیشہ کے لئے کافور ہو جائے گا۔

عبارت:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ○ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ اٰمِیۡنَ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حَافِظًا ○ وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ

یَارَبِّ رَاسِیْ ضَرَّنِیْ مِنْ وَّجْعٍ فِیْہِ سَکَنَ
اَنْتَ اللَّطِیْفُ لِمَا تَشَآءُ وَاَنْتَ کَوْشِتْتَ سَکَنَ
خَلَقْتَ عَرْشًا فَوْقَ مَآءٍ بِاِسْمٍ لَطِیْفٍ قَدْ سَکَنَ
فَعَافِنِیْ وَدَاوِنِیْ یَامَنْ لَّہٗ الرَّیْعُ سَکَنَ

Ghulam Yaseen

وَلَهٗ مَاسَكَنَ فِى الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ف ق ج م خ م ت ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

د د

د د

د د د د د د د م ھے و ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

ص ص ص ص د د د د د د د د د د د د د د د د د د

د د

د د د د د د د د د د د د د د د

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ٥

نماز استخارہ

کسی بھی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنے کے لئے ذیل کی نماز استخارہ بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے تازہ غسل اور وضو کے ساتھ بعداز نماز عشاء حسب توفیق مٹھائی لے کر اس پر حضرت علی شیرخدا کرم اللہ وجہہ کی فاتحہ دیں۔

یَامَظْهَرَ الْعَجَائِبِ (پندرہ مرتبہ)

یَاکَاشِفَ الْغَرَائِبِ (گیارہ مرتبہ)

اور نو مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

بعدازیں دو رکعت نماز نفل استخارہ کام ھذا (یہاں اپنے کام کا تصور کامل رکھیں) اس طرح شروع کریں کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے اندر آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

کی پانچ سو مرتبہ تکرار کریں۔

اگر دوران تکرار آیت مبارکہ چہرہ یا جسم مبارک دائیں طرف گھوم جائے تو کام کی ابتداء کریں، بصورت دیگر کام کا ارادہ فی الحال ملتوی کردیں اور کچھ دن بعد دوبارہ اسی عمل کو دہرائیں۔

باور رہے کہ بعض اوقات صرف چہرہ گھومتا ہے اور بعض اوقات پورا جسم اتنی قوت سے گھومتا ہے کہ بڑے سے بڑا پہلوان بھی اسے گھومنے سے نہیں روک سکتا۔

بہرحال! جسم کے گھومنے کے باوصف اس آیت مبارکہ کی تکرار پانچ سو مرتبہ پور کریں اور اس کے بعد حسب معمول نماز مکمل کریں، اور دُعا مانگیں اور شیرینی یا مٹھائی بچوں میں تقسیم کر دیں۔

عمل روز افزوں خیر وبرکت

روز افزوں خیر وبرکت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے آپ جب بھی کھانا کھانے بیٹھیں اور کھانا جیسے ہی سامنے آئے اس پر تین مرتبہ درود پاک اول وآخر، سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور قل شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب حضور سرور کائنات ﷺ، جمیع الاصحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین و اولیاء اللہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین مسلمین و مسلمات کو بخش کر بسم اللہ شریف پڑھ کر کھانا شروع کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے روز افزوں ترقی رزق اور خیرو برکت طعام پیدا ہوگی۔

برائے آسیب و پری

آسیب و پری وغیرہ کے دفعیہ کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں مشک و زعفران سے تحریر کریں اور اس پر ایک سو اکیاون مرتبہ آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

پڑھ کر دم کردیں۔

(۱):۔ مریض کی صورت میں اس کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنائیں۔

(۲):۔ مکان یا دوکان کی صورت میں اس کو گتے پر چسپاں کر کے قبلہ رخ دیوار پر لٹکائیں اور خوشبو بھی لگائیں۔ آسیب و پری وغیرہ بھاگ جائیں گے اور دوبارہ نہ آئیں گے۔

نقش:۔

سر درد کا علاج

جس کسی کے سر میں درد لاحق ہو تو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلیوں اور انگوٹھے سے دونوں طرف کی کنپٹی کو پکڑے اور الحمد شریف شروع کرے ساتھ ساتھ انگلیوں کو قدرے کھسکاتا چلے یہاں تک کہ ولاالضالین پر انگلیاں اور انگوٹھا پیشانی کے وسط میں آکر باہم مل جائیں تو ہاتھ کو باہر کی طرف کھینچ کر جھٹک دیں، اس طریق سے تین مرتبہ یہ عمل دہرائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فوراً سر درد غائب ہو جائے گا اور شفاء مل جائے گی۔

Chulam Yasein

جوڑوں کے درد کا علاج

جوڑوں کے درد کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے جوڑ کی جگہ کو مضبوطی سے دائیں ہاتھ سے پکڑیں اور سورۂ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف اور سورۂ کافرون دس دس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ہاتھ کو کھینچ کر جھٹک دیں۔اور مریض سے پوچھیں کہ آرام آیا ہے یا نہیں، اگر نہ آیا ہو تو دوبارہ یہی عمل کریں۔

اگر یہی عمل سات یوم تک مسلسل کیا جائے تو پھر دوبارہ جوڑوں میں بفضل الٰہی کبھی درد نہ ہوگا۔

سحری بندش رشتہ

جس کسی بچے یا بچی کا رشتہ بوجہ سحر باندھ دیا گیا ہو اور کسی بھی حالت میں رشتہ نہ آتا ہو یا آکر ٹوٹ جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیۂ روحانی حضرت نظام الدین چشتی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سنام شریف بے حد مفید اور زود اثر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے تین عدد نقش دو سفید کاغذ پر اور ایک سبز ریشمی پارچہ پر زعفران وگلاب سے ساعت زہرہ میں تیار کریں اور ان پر سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف تین سو تیرہ مرتبہ اور آیت سحر مندرجہ نقش سات سو ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں، ریشمی پارچہ والا نقش خوشبو لگا کر بچے یا بچی کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنادیں۔

ایک نقش پانی میں حل کر کے اس سے وہ بچہ یا بچی سات یوم تک غسل کرے اور کپڑے پہننے سے پہلے اپنے اوپر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔

دوسرا نقش کسی گتہ پر چسپاں کر کے اپنے مکان کی بیرونی چوکھٹ کے اندر کی جانب دیوار پر لٹکادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایک ماہ کے اندر اندر رشتے آنا شروع ہوجائیں گے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل | اولم یرالذین کفروا ان السمٰوٰت والارض کانتا رتقاً ففتقنھما ھما وجعلنا من الماء کلّ | میکائیل

قل جاءَ الحق و زھق الباطل ان الباطل کان زھوقاً

یالطیف | القی السحرہ ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین | یالطیف

القی السحرۃ ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین

الحمد اللہ	رب العالمین	الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط
رب العالمین	الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم
الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین
الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط اللذین	انعمت
مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر المغضوب
وایاک نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	ولا المغضوب	علیھم
اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیم	ولا المغضوب	علیھم	ولا الضالین
یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف

القی السحرۃ ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین

شیٔ حی افلا یومنون باطل باطل باطل فغلبوا ھنالک وانقلبو صاغرین

یالطیف | القی السحرۃ ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین | یالطیف

اسرافیل | قال موسیٰ جئتم بہ السحر ان اللّٰہ سیبطلہ ان اللّٰہ لایفلح عمل المفسدین | عزرائیل



۷۸۶

۲۶	۱۹	۲۴
۲۱	۲۳	۲۵
۲۲	۲۷	۲۰

سحری بندش فلاں بنت فلاں ختم شود ختم شود



نوٹ:۔ بعداز رشتہ ہونے کے نیاز فاتحہ جناب نظام الدین چشتی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سنام

Ghulam Yaseen

شریف تقسیم کریں اور بارہ نوافل شکرانہ الٰہی ادا کریں۔

علاج سوکڑا

جو بچہ کسی بھی وجہ سے دن بدن سوکھتا چلا جائے اور آرام نہ پاتا ہو تو ایسے میں عطیہ محمد ابراہیم ناچیز قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ازحد کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے آدھا سیر سرسوں کا تیل لے کر اسے اچھی طرح ابال کر میل وغیرہ سے صاف کر لیں اور اس تیل کو سرخ رنگ کی شیشے کی بوتل میں ڈال دیں۔ اب ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے لکھیں اور اس کو بھی اس بوتل میں ڈال کر دھوپ میں ایسی جگہ رکھ دیں جہاں دن کا بیشتر حصہ اس پر دھوپ پڑتی رہے، یہ بوتل گیارہ یوم دھوپ میں رکھنا ہے روزانہ رات کو اس بوتل پر ذیل کی آیات مبارکہ ایک سو ایک مرتبہ اور سورۂ فاتحہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

گیارہ یوم کے بعد اس بوتل سے بچے کے تمام جسم پر تیل کی مالش کریں، صبح کو اٹھ کر اس کو نیم گرم پانی سے غسل کروائیں اور بعدازاں آیت الکرسی اور سورۂ الناس سات سات مرتبہ پڑھ کر اسے دم بھی کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے بچہ کا سوکڑا ختم ہوجائے گا اور وہ بفضل باری تعالیٰ صحت مند، توانا ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّ اللّٰہَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَلَمۡ یَعۡیَ بِخَلۡقِہِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنۡ یُّحۡیِۦَ الۡمَوۡتٰی ؕ بَلٰۤی اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۳۰۸	۱۳۱۱	۱۳۱۴	۱۳۰۰
۱۳۱۳	۱۳۰۱	۱۳۰۷	۱۳۱۲
۱۳۰۲	۱۳۱۶	۱۳۰۹	۱۳۰۶
۱۳۱۰	۱۳۰۵	۱۳۰۳	۱۳۱۵

الحمد للہ رب العالمین O الرّحمٰن الرّحیم O
مالك یوم الدین O ایّاك نعبدو ایّاك نستعین O
اھدنا الصراط المستقیم O صراط الذین
انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم
ولاالضالین O آمین

پستانوں میں درد

جس عورت کے پستانوں میں مسلسل درد رہتا ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے، یہ عطیہ سیّد غوث شاہ قادریہ عالیہ

Ghulam Yaseen

منڈھیر سیّداں کا ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش چینی کی پلیٹ پر اور سفید کاغذ پر زعفران و گلاب و مشک سے بنائیں، کاغذ والے نقش کو خوشبو لگائیں دونوں نقوش پر اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس، اکتالیس مرتبہ اور سورۂ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

کاغذ والا نقش موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں اور پلیٹ والے نقش کو صاف پانی سے دھو کر اس پانی سے عورت کے پستان سات تا گیارہ یوم تک اچھی طرح دھوئیں لیکن خیال رہے کہ پانی زمین پر نہ گرے، اس کے علاوہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ فاتحہ مع وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر قدرے سرسوں کے نیم گرم تیل پر دم کر کے تین دن یہ تیل بھی پستانوں پر رات کو لگائیں اور صبح کو نیم گرم پانی سے دھو دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت پستانوں کا درد ہمیشہ کے لئے کافور ہوجائے گا اور آئندہ پھر کبھی نہ ہوگا۔ آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

نقش:۔



لازوال فوائد کا حامل نقش معظم

ذیل میں سورۂ فاتحہ، سورہ بقرہ، سورۂ آل عمران، سورۂ ملک، سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ الناس اور درود شریف تسخیر ووجاہت پر مشتمل نقش معظم دیا جارہا ہے جسے فقیر نے محمد ابراہیم ناچیز قادری اور میاں احمد دین بردوان شریف کی زیر نگرانی اخذ کیا اور پھر اسے لاتعداد مواقع پر استعمال میں لا کر بے پناہ فوائد کا حامل پایا۔ ذیل میں مختصراً چند ایک فوائد اس نقش معظم کے استفادہ عوام کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔

1۔ اس نقش کو چاندی کی تختی پر ماہ رجب، ماہ شعبان، ماہ محرم میں شرف شمس سعد

Gulshan Yaseen

حالت میں کندہ کروا کر عود و عنبر کی دھونی دے کر موم جامہ کریں اور اس پر تمام سورہ ہائے مبارکہ کا اکتالیس اکتالیس مرتبہ مع درود پاک تسخیر ذیل ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے پاس جیب میں محفوظ رکھیں، اس سے دین و دنیا میں سرفرازی، عزت و مرتبت، روزی میں بے پناہ اضافہ، قرضوں سے نجات، بیماری سے شفاء کاملہ، ہر بلا، مصیبت، جن، پری، دیو، آسیب سے حفاظت کے علاوہ بے پناہ فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

2۔ اگر اس نقش کو شرف مشتری میں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگائیں اور اس پر انہی سورہ ہائے مبارکہ و درود شریف تسخیر ایک سو ایک مرتبہ دم کر کے موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے تو ہر قسم کی مشکلات و مہمات آسان ہوں اور پریشانیوں سے مکمل نجات ملے۔

3۔ پاگل پن والے کو اگر یہی نقش قمر سعد حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بنا کر خوشبو لگائیں اور اس پر ان سب سورہ ہائے مبارکہ و درود پاک تسخیر کا تین سو تیرہ مرتبہ دم کر کے موم جامہ کر کے پاگل آدمی کے گلے میں ڈال دیں اور ایک نقش اور بنا کر اس کا پانی اسے پلاتے رہیں تو بفضل باری تعالیٰ اکتالیس یوم کے اندر اندر پاگل پن سے مکمل نجات نصیب ہوگی۔

اس کے علاوہ بھی اس کے بے شمار خواص ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔

نوٹ:۔ اس نقش معظم کا ہدیہ نمبر ایک اور نمبر تین ہونے کی صورت میں ایک سو ایک روپیہ فقراء میں تقسیم کردیں۔ نمبر نمبر دو ہونے کی صورت میں کام مکمل ہونے پر نیاز حضور رسول کریم ﷺ حسب توفیق بچوں میں تقسیم کردیں۔

4۔ اگر اس نقش کو شرف شمس میں تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر اور اس پر تمام سورہ ہائے بالا اور درود شریف تسخیر کا ورد اکیاون اکیاون مرتبہ کر کے دم کر لیا جائے تو اس نقش کا پانی بوقت ضرورت خونی بواسیر، ناسور، بھگندر، کینسر، تپ دق والے کو دن میں پانچ مرتبہ پلایا جائے تو اکیس سے اکتالیس یوم کے عمل سے مذکورہ تمام بیماریوں سے شفاء کاملہ بفضل باری تعالیٰ مل جاتی ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کھیعص

بسم اللہ	الحمد للہ	رب العلمین	الرحمٰن	الرحیم
ولا الضالین	۲۳۶۸۹۴ / ۴۴۴ / ۲۴۸۹۱ / ۴۶۲۳۱	۲۳۶۹۰۸ / ۴۴۵۷ / ۲۴۹۰۴ / ۴۶۲۴۵	۲۳۶۹۰۵ / ۴۴۵۴ / ۲۴۹۰۱ / ۴۶۲۴۲	۲۳۶۹۰۲ / ۴۴۵۱ / ۲۴۸۹۸ / ۴۶۲۳۸
علیھم	۲۳۶۹۰۶ / ۴۴۵۵ / ۲۴۹۰۲ / ۴۶۲۴۳	۲۳۶۹۰۱ / ۴۴۵۰ / ۲۴۸۹۷ / ۴۶۲۳۷	۲۳۶۸۹۵ / ۴۴۴۵ / ۲۴۸۹۲ / ۴۶۲۳۲	۲۳۶۹۰۷ / ۴۴۵۶ / ۲۴۹۰۳ / ۴۶۲۴۴
المغضوب	۲۳۶۹۰۰ / ۴۴۴۹ / ۲۴۸۹۶ / ۴۶۲۳۶	۲۳۶۹۰۳ / ۴۴۵۲ / ۲۴۸۹۹ / ۴۶۲۴۰	۲۳۶۹۱۰ / ۴۴۵۹ / ۲۴۹۰۶ / ۴۶۲۴۷	۲۳۶۸۹۶ / ۴۴۴۶ / ۲۴۸۹۳ / ۴۶۲۳۳
غیر	۲۳۶۹۰۹ / ۴۴۵۸ / ۲۴۹۰۵ / ۴۶۲۴۶	۲۳۶۸۹۷ / ۴۴۴۷ / ۲۴۸۹۴ / ۴۶۲۳۴	۲۳۶۸۹۹ / ۴۴۴۸ / ۲۴۸۹۵ / ۴۶۲۳۵	۲۳۶۹۰۴ / ۴۴۵۳ / ۲۴۹۰۰ / ۴۶۲۴۱
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

کھیعص

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

سکول سے بھاگنے والے بچے

جو بچے پڑھائی سے بھاگتے ہوں اور سکول سے اکثر غائب رہتے ہوں تو ایسے میں ان کو راہ راست پر لانے کے لئے ذیل کا عطیہ نور شاہ کریمی قادری کا بے حد نافع اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس کو بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں اور انہی آیات مبارکہ کا روزانہ گیارہ مرتبہ اکتالیس یوم تک بچے کو دم بھی کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بچہ اپنی حرکات بد سے باز آجائے گا اور پھر والدین کو کبھی بھی اس سے شکایت نہ ملے گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کَلَّا بَلۡ تُکَذِّبُوۡنَ بِالدِّیۡنِ ۝ وَاِنَّ عَلَیۡکُمۡ

بحق اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

لَحٰفِظِیۡنَ ۝ کِرَامًا کَاتِبِیۡنَ ۝ یَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ اِنَّ الۡاَبۡرَارَ

لَفِیۡ نَعِیۡمٍ ۚ وَّاِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِیۡ جَحِیۡمٍ ۚ یَّصۡلَوۡنَهَا

یَوۡمَ الدِّیۡنِ ۙ وَمَا هُمۡ عَنۡهَا بِغَآئِبِیۡنَ ۝

بحق اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

حاجات کا عمل معظم

اس مقصد کے لئے کسی خلوت والی جگہ کا انتخاب کریں تاکہ دوران عمل مداخلت

کا کوئی خطرہ نہ ہو، باقاعدہ غسل کر کے اس عمل کو پاک صاف لباس میں نوچندی اتوار سے مقررہ وقت پر شروع کریں جو وقت پہلے روز مقرر کریں اس پر بقیہ دن پابند رہیں، بہتر یہی ہے کہ وقت چاشت میں اس عمل کو کریں اور بوقت عمل خوشبو بھی سلگائے۔

اگر دینی مقصد کے لئے عمل کر رہا ہے تو پھر منہ قبلہ رخ رکھے اور اگر دنیوی مقصد کے لئے کر رہا ہے تو منہ جنوب کی طرف رکھے اور انتہائی یکسوئی اور لگن سے عمل کرے۔

اول وآخر درود پاک ذیل اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں اور پھر عمل شروع کریں۔

ترکیب عمل:۔

☆ اتوار کے روز:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ (انیس مرتبہ)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ (پانچ سو پانچ مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

☆ پیر کے روز:۔

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ (پانچ سو چھپن مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

☆ منگل کے روز:۔

مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ (دو سو گیارہ مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

☆ بدھ کے روز:۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ (آٹھ سو چھہتر مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

Ghulam Yaseen

☆ جمعرات کے روز:۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (دس سو چالیس مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

☆ جمعہ کے روز:۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ (گیارہ سو مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

☆ ہفتہ کے روز:۔

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

(چار سو سات مرتبہ)

سو مرتبہ لفظ آمین

ہر روز بعداز فراغت اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور گڑگڑا کر دُعا مانگیں اور اپنی حاجت طلب کریں بعدازاختتام ذیل کی دُعا اپنے مقصود کو پیش نظر رکھ کر سات سے گیارہ مرتبہ نہایت عاجزی سے مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے اندر اندر خزانۂ غیب سے برآئے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا فِىْ جَمِيْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

دُعا:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

الْعَالَمِيْنَ حَمْداً يَّفُوْقُ اَجْمَلَه، وَاَكْمَلَه، وَاَفْضَلَه، حَمْدًا لِحَامِدِيْنَ وَانْغَمِسُ فِىْ بَحْرِ نُوْرِ ذَالِكَ الْحَمْدِ اِنْغِمَاسًا يَشْغُلُنِىْ ظَاهِراً وَبَاطِنًا بِالْعِزِّ وَالْهَيْبَةِ وَالتَّمْكِيْنِ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَاَعْتَصِمُ بِهٖ عِصْمَةً تَعْقِتِىْ وَتَحْفَظَنِىْ مِنَ الْمُضِرِّيْنَ وَالْاَعْدَاءِ الْمُضِرِّيْنَ حَمْدًا يَّكُوْنُ لِىْ رِضًا وَّفَرَطًا وَفَرَطًا وَّغَنِّىْ لَّا اَنْتَقِرُ مَعَهٗ لِاَحَدٍ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَيَكُوْنُ لِىْ وِجْهَة" وَّعِزًّا اَسْتَعِزُّ بِهٖ حَتّٰى اُذِلَّ بِهٖ سَطْوَةَ الْجَبَّارِيْنَ اَلرَّحْمٰنِ الَّذِىْ وَسِعَتْ رَحْمَتُه، كُلَّ شَيْءٍ يَّشْهَدُ بِهَا كُلَّ مَوْجُوْدٍ ۢ بِمَا اَقَرَّبِهٖ مِنَ الْاِحْسَانِ فَكُلُّ مَبْدَءٍ وَفِيْهِ مِنَ الْاَسْرَارِ وَالْعَلَانِيَةِ وَغَايَتِهٖ اِلَيْهَا سِرًّا وَاِعْلَانًا اَسْئَلُكَ بِهٰذَا السِّرِّ الَّذِىْ اَوْضَحْتَه، وَكَانَ ظَاهِرً لِّلْعَيَانَ اَنْ تَغْمِسَنِىْ فِىْ هٰذَا الْبَحْرِ غِمْسَةً لَّا تُغَارِقُنِىْ فِىْ جَمِيْعِ الْاَوْقَاتِ وَالْاَحْيَانِ وَيَكُوْنُ لِىْ عُدَّةً وَّعُمْدَةً لَا فْتَقِرُ بَعْدَهَا فِىْ كُلِّ زَمَانٍ وَّمَكَانٍ وِّجْهَةً اَعْتَصِمُ بِهَا مِنْ مَّكَائِدِ الْاِنْسِ وَالْجَآنِّ الرَّحِيْمِ الَّذِىْ لَطَفَ بِىْ فِيْمَا سَبَقَ فَكَانَتْ تِلْكَ الرَّحْمَةُ سَابِقَةً مِّنْهُ اِلَىَّ فِىْ الْاَزَلِّ الْقَدِيْمِ فَهَا اَنَا

Ghulam Yaseen

اَتَقَلَّبُ فِيهَا مُذْوَجَدْتُّ عِلْمًا وَّخُلُقًا بِاعِذَابِ وَرْدٍ
وَّاَطْيَبِ نَعِيْمٍ اَسْئَلُكَ يَامَوْلَايَ اَسْبَاعَ نِعْمَتِكَ
وَدَوَامِ مِنَّتِكَ بِسَاقِ رَحْمَتِكَ فَلَا اَخْشٰى كَيْدًا
مِّنْ كُلِّ ذِىْ مَكْرٍ لَّئِيْمٍ اَنْ تُطَهِّرَلِىْ خَلْقًا وَّخُلُقًا
مِنْ كُلِّ ذِىْ وَصْفٍ ذَمِيْمٍ مَّالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ
تَعَاظَمَ شَانُه، عَنْ اَنْ يَفْتَقِرَ اِلٰى شَرِيْكٍ وَّاِعَازِنَةٍ
مَعِيْنٍ حَكَمَ عَلٰى مَنْ فِىْ اَلْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ
بِقُدْرَتِهِ الْقَامِعَةِ لِجَمِيْعِ الْجَبَّارِيْنَ وَالْمُتَكَبِّرِيْنَ
الشَّدِيْدَ الْبَطْشَ عَلَى الطِّغَاةِ الظَّالِمِيْنَ الْقَاهِرِ
بِشِدَّةِ قَهْرِهٖ وَقُوَّتِ بَطْشِهٖ لِمَنْ تَرَدَّ وَطَغٰى مِنَ
الْقَنَاةِ وَالْمَرْوَّةِ الْقَاصِمِ مَنْ شَارَكَه، فِىْ عَظْمَتِهٖ
وَكِبْرِيَائِهٖ اَخْذَهٗ هَالِكًا مَعَ الْهَالِكِيْنَ اَسْئَلُكَ اَنْ
تُسَخِّرَلِىْ قُلُوْبَ خَلْقِكَ يَامُعْطِفَ الْقُلُوْبِ
يَامَلِيِّنَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِدُوْحِ تین
مرتبہ دَحُوبِ تین مرتبہ يَامَلِكَ مُلُوْكِ الْعَوَالِمِ كُلِّهَا
اَجْمَعِيْنَ مَّاكِنِىْ مِنْ نَاصِيَةِ كَذَا وَكَذَا حَتّٰى
يَكُوْنَ فِىْ قَبْضَتِىْ مِنَ الْاَذَلِّيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ وَاَدْرِكْنِىْ
بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ قَدِا دَّخَرْتَكَ لِفَقْرِىْ وَرَزَاقَتِىْ يَامَنْ

خَضَعَتْ لِعَظْمَةِ الْجَبَّارِيْنَ وَالْمُتَكَبِّرِيْنَ لِجَلَالِهٖ
خُلَفَاةِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ الْمُتَمَرِّدِيْنَ يَاشَدِيْدَ
الْبُطْشِ يَاعَظِيْمَ الْقَهْرِ يَامُنْتَقِمُ مِنْ كُلِّ ذِىْ
سَطْوَةٍ مَّكِيْنٍ اَيِّدْنِىْ بِنَصْرٍ مِّنْكَ وَفَتْحٍ مُّبِيْنٍ
حَتّٰى اَقْهَرَاَعْدَائِىْ اَجْمَعِيْنَ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ هَبْ لَنَا مِنْ
لَّدُنْكَ مَوَاهِبَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَاَشْهِدْنَا مَشَاهِدَ
الشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَاَمْدِدْنَا بِمَلَائِكَةِ الظَّفْرِ
وَالتَّمْكِيْنِ كَمَا قُلْتَ فِىْ قَوْلِكَ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ
يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلَافٍ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ
بُشْرٰى لَكَ تك وَصَرِّفْنَا فِى الْكَائِنَاتِ الْاَوَّلِيْنَ
وَالْاٰخِرِيْنَ وَلَا تَجْعَلْنَا ضَالِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ وَلَا
تَحْشُرْنَا فِىْ زُمْرَةِ الْبَاغِيْنَ يَاغِيَاثَ الْمُسْتَخِيْثِيْنَ
اَغِثْنِىْ وَاَدْرِكْنِىْ بِلُطْفِكَ الْخَفِىِّ فَاِنَّ مَنْ
اَخْفَيْتَه، تَحْتَ خَفِىِّ لُطْفِكَ فَقَدْ خَفِىَ وَشَفٰى
وَعُوْفِىَ وَكَفٰى لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ
كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ سات مرتبہ وَاَدْخِلْنِىْ فِىْ
كَنَفِكَ الْوَفِىِّ الْحَصِيْنِ الْمَنِيْعِ الْكَافِىِ الْحَفِيْظِ
السَّاتِرِ الْمُحِيْطِ وَاَغْمِنِىْ فِىْ سِعَةِ رِزْقِكَ مِنْ

Ghulam Yaseen

خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ وَفَرِّجْ عَنِّیْ
كُلَّ كَرْبٍ يَامُفَرِّجَ الْمَكْرُوْبِيْنَ بِرَحْمَتِكَ
يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ شَهَتْ دو مرتبہ اَشْيَتُ الْقِسْطَ
الْوَاسِعَا اَلْعَجْلِ يَامَيْمُوْنُ وَشَهَدْ اَنْ اَلْوَاحَا
يَاشَهَدْ اَنَّ الْعَجْلَ تَوَكَّلُوْا بِكَذَا وَكَذَا اَقْسَمْتُ
عَلَيْكُمْ بِعِزِّعِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ بِفَاتِحَةِ
الْكِتَابِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ اِلَّا مَا
اَحْبَبْتَ وَاَسْرَعْتَ بِقَضَاءِ حَاجَتِیْ وَهِیَ كَذَا
وَكَذَا اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ
كُنْ فَيَكُوْنُ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ
شَیْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تین مرتبہ

علاج رعشہ

رعشہ کے مریضوں کے لئے ذیل کا عمل عطیہ فقیری آزمودہ اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں، اب روغن زیتوں اور روغن کلونجی ہم وزن لے کر ان دونوں کو شیشے کی کسی سرخ بوتل میں ڈال کر اس میں اس نقش کو حل کر لیں اور اس شیشی کو سات روز تک دھوپ میں اس طرح رکھیں کہ بوتل زیادہ وقت دھوپ میں پڑی رہے۔

اب اس بوتل پر ذیل کی آیات مبارکہ تین دن روزانہ بہ تعداد تیرہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اول وآخر درود شریف ذیل بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اب اس تیل کی مالش صبح اور شام کو نیم گرم حالت میں ٹانگوں اور رعشہ زدہ حصوں پر کریں، دو گھنٹے

بعد نیم گرم پانی سے ان کو صاف کرلیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد مریض اس مرض سے شفاء پاکر تندرست ہو جائے گا۔

اسی طرح اس عمل کو رعشہ پڑ جانے والے اعضاء بالخصوص پاؤں کے معاملے میں بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

ہر دو صورتوں میں مریض کو روزانہ سورہ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالس مرتبہ، آیات شفاء اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی گیارہ مرتبہ، اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے صبح و شام پلایا کریں۔ بے حد ضروری اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۷۱	۱۲۶۳	۱۲۶۹
۱۲۶۵	۱۲۶۸	۱۲۷۰
۱۲۶۷	۱۲۷۲	۱۲۶۴

یَاشَافِیْ

یَاشَافِیْ

یَاشَافِیْ

آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝

Ghulam Yasin

يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

دفع سحر وجادو

جس شخص پر کسی نے سحر یا جادو ٹونہ کر دیا ہو اس کے لئے ذیل کا عمل نہایت نافع اور شافع ہے۔

ایک کٹورہ پانی لے کر باوضو اس پر مندرجہ ذیل سورتیں پڑھ کر پانی کو دم کریں اور یہ پانی ایسے شخص کو اس طرح پلائیں کہ پانی سارا دن میں ایک ایک گھونٹ کر کے ختم کریں، اس کے علاوہ یہی سورتیں پڑھ کر صبح و شام علیحدہ علیحدہ دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ دن کے اندر اندر سحر، جادو اور ٹونے کا اثر مکمل طور پر ختم ہو جائے گا اور ایسا مسحور فرد مکمل تندرست اور صحت یاب ہو جائے گا۔

☆ اول و آخر درود پاک ذیل (گیارہ گیارہ مرتبہ)

☆ سورۂ فاتحہ (گیارہ مرتبہ)

☆ آیت الکرسیٰ جس میں کلمہ (گیارہ مرتبہ)

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

☆ سورۂ کافرون (سات مرتبہ)

☆ سورۂ اخلاص (سات مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (سات مرتبہ)

☆ سورۂ الناس (سات مرتبہ)

نوٹ:۔ پانی والا اور دم والا عمل علیحدہ علیحدہ کریں۔

نظر بد

نظر بد کے موثر علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد کارگر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے ذیل کا نقش بنائیں اور اس پر اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۂ فاتحہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو عطر خس لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں یا سیدھے بازو پر باندھیں، اس کے علاوہ سات یوم اسی کا دم بھی کریں۔

بفضل باری تعالیٰ نظر بد کا اثر مکمل طور پر ختم ہو جائے گا اور آئندہ کے لئے نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم الله	بسم الله	الرحمٰن	الحمد لله	رب العالمين
الرحمٰن الرحيم	مالك	يوم الدين	اياك نعبد	واياك نستعين
اهدنا الصراط	المستقيم	صراط الذين	انعمت	عليهم
غير المغضوب	عليهم	ولا	الضالين	اٰمين

Ghulam Yasin

برائے تپ دق

تپ دق کے ان مریضوں کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے جن کا مرض آخری درجہ پر پہنچ چکا ہو یہ عطیہ روحانی سیّدنا علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔

اس کے لئے ذیل کا نقش دو عدد زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں ان پر ذیل کی سورہ ہاے مبارکہ اور اول وآخر درود شریف ذیل بہ تعداد ذیل پڑھ کر دم کریں ساتھ ہی ایک سرخ دھاگہ کی ڈوڑی بھی جو مریض کے دائیں کلائی پر اچھی طرح بندھ سکے دم کرے۔

ان میں سے ایک نقش حنا کی خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

دوسرا نقش پانی کی بوتل میں حل کر لیں اور اس سے روزانہ مریض کو صبح و دوپہر و شام کو پانی ان الفاظ کے ساتھ پلایا کریں۔

الفاظ:۔

یَا اِلٰهِیْ شِفَاءُ كَ اِیْنِ عِلَّتِهِ دق بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهُ

سرخ ڈوڑی مریض کی دائیں کلائی پر باندھ دیں۔ نقش پہنانے سے قبل اس کا ہدیہ ایک سو اکتالیس روپیہ غرباء و مساکین میں تقسیم کردیں، بعداز شفاء کاملہ نیاز فاتحہ علی ہجویری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ تقسیم کر دیں۔

سورۂ ہائے مبارکہ:۔

☆ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف (اکتالیس مرتبہ)

☆ سورۂ قصص (سترہ مرتبہ)

☆ سورۂ سجدہ (اکتالیس مرتبہ)

☆ سورۂ یٰسین (اکتالیس مرتبہ)

☆ درود پاک قرآنی اول وآخر (ایک سو ایک مرتبہ)

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

كٓهٰيٰعٓصٓ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ

۲۳۶۵ ۲۸۳۳۲ ۱۰۱۷۷۹ ۶۶۴۴۸	۲۳۶۸ ۲۸۳۳۶ ۱۰۱۷۸۳ ۶۶۴۵۱	۲۳۷۱ ۲۸۳۳۹ ۱۰۱۷۸۶ ۶۶۴۵۴	۲۳۵۷ ۲۸۳۲۵ ۱۰۱۷۷۲ ۶۶۴۴۱
۲۳۷۰ ۲۸۳۳۸ ۱۰۱۷۸۵ ۶۶۴۵۳	۲۳۵۸ ۲۸۳۲۶ ۱۰۱۷۷۳ ۶۶۴۴۲	۲۳۶۴ ۲۸۳۳۱ ۱۰۱۷۷۸ ۶۶۴۴۷	۲۳۶۹ ۲۸۳۳۷ ۱۰۱۷۸۴ ۶۶۴۵۲
۲۳۵۹ ۲۸۳۲۷ ۱۰۱۷۷۴ ۶۶۴۴۳	۲۳۷۳ ۲۸۳۴۱ ۱۰۱۷۸۸ ۶۶۴۵۶	۲۳۶۶ ۲۸۳۳۴ ۱۰۱۷۸۱ ۶۶۴۴۹	۲۳۶۳ ۲۸۳۳۰ ۱۰۱۷۷۷ ۶۶۴۴۶
۲۳۶۷ ۲۸۳۳۵ ۱۰۱۷۸۲ ۶۶۴۵۰	۲۳۶۲ ۲۸۳۲۹ ۱۰۱۷۷۶ ۶۶۴۴۵	۲۳۶۰ ۲۸۳۲۸ ۱۰۱۷۷۵ ۶۶۴۴۴	۲۳۷۲ ۲۸۳۴۰ ۱۰۱۷۸۷ ۶۶۴۵۵

كٓهٰيٰعٓصٓ

الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

الٓمّٓ ○ تَنْزِیْلُ الْكِتَابِ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ شَافِیْ شِفَاءُ كَ بحق اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

نشے سے چھٹکارا

نشے کے عادی لوگوں کو نشے سے چھٹکارا دلانے کے لئے ذیل کا عمل ازحد کارگر اور آزمودہ ہے یہ عطیہ سیّد سبطین حیدر چشتی قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔

اس کے لئے ذیل کا نقش نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں، اس پر اسی آیت مبارکہ کا ورد گیارہ ہزار مرتبہ دم کر کے اس نقش کو کسی پانی والی بوتل میں حل کریں۔

اب روزانہ تین یوم تک روزہ رکھیں اور روزے کے درمیان انہی آیات مبارکہ کا ورد اکیس ہزار مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف ذیل ایک سو ایک مرتبہ کر کے کسی میٹھی شے پر دم کریں اور نشئی کو جب وہ نشے کی حالت سے باہر ہو کھلادیں اور پانی اسے مسلسل استعمال کرائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نشئی گیارہ سے اکیس یوم کے اندر اندر نشے سے مکمل تائب ہو کر صالح انسان بن جائے گا، بعداز شفاء نیاز خواجگان چشت دلوا کر تقسیم کریں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَطَیِّبِ ظَاھِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ

وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

نقش:۔



کمر درد کا علاج

لاعلاج کمر درد کے مریضوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور مفید ترین ہے، اس عمل سے بفضل ایزدی مکمل شفاء کاملہ حاصل ہوجاتی ہے۔

روغن کلونجی یا روغن بلسان لے کر اپنے پاس رکھیں، پھر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر شیشے کی پلیٹ پر سورۂ فاتحہ و بسم اللہ شریف تحریر کریں اور اس پلیٹ کو اس روغن سے

Ghulam Yasin

اچھی طرح دھو کر اس تیل کو کسی شیشی میں محفوظ کرلیں۔ تیل محفوظ کرنے سے پہلے اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں۔

روزانہ رات کو کمر درد کا مریض اس کی مالش کمر پر کرے اور صبح کو نیم گرم پانی سے دھو لئے گیارہ روز کے عمل سے بیماری مکمل طور پر رفع ہو جائے گی۔

کان درد

کان درد میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

روغن کلونجی لے لیں، قبلہ رخ باوضو بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف لکھیں اور پھر اس کو روغن کلونجی سے دھو کر تیل کو کسی شیشی میں بند کرلیں، اس پر سورۂ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

درد والے کان میں نیم گرم تین قطرے روغن کے ٹپکادیں فی الفور آرام آجائے گا۔ انتہائی مجرب عمل ہے۔

ناجائز مقدمہ کا خاتمہ

ناجائز مقدمات میں پھنسے ہوئے لوگوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ ہر نماز کے بعد ذیل کی تعداد میں سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اپنے مقصود کے لئے اللہ تعالیٰ عزوجل کی بارگاہ میں نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ التجا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد ان ناجائز مقدمات سے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے گی۔

ترکیب عمل:۔

نماز فجر کے بعد اکہتر مرتبہ۔

نماز ظہر کے بعد اکسٹھ مرتبہ۔

نماز عصر کے بعد اکیاون مرتبہ۔

نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ۔

نماز عشاء کے بعد اکتیس مرتبہ۔

حل المشکلات

دنیا بھر کی کیسی ہی مشکل کیوں نہ سر پر آن پڑھے۔ ذیل کا عمل اس کے لئے بے حد نافع اور مجرب ہے۔

جیسا کہ فرمان ربی ہے کہ مشکل وقت میں جو کوئی بھی سورۂ الحمد شریف کے توسل سے مجھ سے جو کچھ بھی مانگے گا میں وہ بلا کسی تامل کے عنایت کروں گا۔

اس مقصد کے لئے بوقت چاشت اور بوقت بعداز نماز عشاء چار رکعت نفل دوگانہ اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ سات مرتبہ اور سورۂ الم نشرح تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے، بعداز سلام پھیرنے کے درود شریف تاج اول وآخر سات سات مرتبہ اور دُعائے ذیل گیارہ مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات تا گیارہ یوم کے اندر اندر وہ مشکل حل ہو جائے گی۔

دُعا:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَمْدًا الْحَامِدِيْنَ رَبِّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ حَمْدًا اَيَّكُوْنَ لِىْ رَضًا وَّحِفْظًا عِنْدَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِىْ دَحٰى الْاَقَالِيْمَ وَاخْتَارَ مُوْسٰى الْكَلِيْمَ يُحْيِ الْعِظَامِ

Ghulam Yazdani

وَهِیَ رَمِیْم" الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَهُمَا اَسْمَانِ
شَرِیْفَانِ وَرِضًا لِّکُلِّ سَقِیْمٍ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ
الَّذِیْ لَیْسَ لَهٗ فِی الْمُلْكِ مَنَازِع" وَلَا تَرِیْن"
وَلَا وَزِیْر" وَلَا مَشِیْر" بَلْ کَانَ قَبْلَ وُجُوْدِ الْعَالَمِ
وَالْعَوَالَمِ اَجْمَعِیْنَ اَنْتَ اَحَاطَنِیْ وَعَدَّتَنِیْ مِنْ
جَمِیْعِ الشَّیَاطِیْنِ وَهُوَ فِی الْاَبْعَدِیْنَ وَالْاَقْرَبِیْنَ
وَوَجْهَتِیْ عَلَی الْاَجْنَاسِ الْمُخْتَلِفِیْنَ اِیَّاكَ نَعْبُدُ
بِالْاِقْرَارِ وَتَخَجُّلٍ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْخَطَا یَاوَنَتُوْبُ
اِلَیْكَ مِنَ الذُّنُوْبِ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَلَا نِدَّلَهٗ وَلَا شَبِیْهَ لَهٗ
ذُوالْجَلَالِ ٥ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا
اَوْکَرْهًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَائِعِیْنَ اَفْعَلُ لِیْ کَذَا وَکَذَا
(یہاں اپنی مشکل اور حاجت کا ذکر کریں) بِحَقِّ اِیَّاكَ
نَسْتَعِیْنُ ٥ عَلٰی کُلِّ حَاجَاتٍ وَاُمُوْرِ الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ یَاهَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ مِنَ
النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ غَیْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ٥

بے روزگاری دور کرنے کا مجرب نسخہ

بے روزگاری کے ہاتھوں تنگ آئے ہوئے افراد کے لئے ذیل کا نسخہ کارآمد اور مجرب المجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے قمری مہینہ کے پہلے جمعہ سے باوضو حالت میں عمل شروع کریں اور بعداز نماز فجر سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پھر گڑگڑا کر ذیل کی دُعا تیرہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے مسلسل عمل سے خزانہ غیب سے روزگار کے اسباب پیدا ہوجائیں گے اور معاشی بدحالی ختم ہو جائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
کُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

دُعا:۔

یَامُفَنِّعُ فَتِّحْ یَامُفَرِّجُ فَرِّجْ یَامُسَبِّبُ سَبِّبْ
یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَسِّرْ یَامُسْتَهِلُ سَهِّلْ یَامُتَمِّمُ تَمِّمْ
وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ بِحَقِّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ
وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیْنَ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

Ghulam Yasin

زبان کی ہکلاٹ

زبان کی ہکلاٹ میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا نسخہ مجرب اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو بعداز نماز فجر ایک بسکٹ لیں اور اس پر الفاظ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** لکھیں اور اس پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں، اس کے ساتھ سات سات مرتبہ درود پاک ذیل بھی پڑھ کر دم کریں اور مریض کو نہار منہ کھلا دیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

برائے قضاء حاجات

قضائے حاجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر اول و سورۂ فاتحہ سات مرتبہ اور درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

دو سو مرتبہ پھر:۔

یَاخَفِیُّ اَلْطِفْ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِ الْخَفِیِّ

پانچ سو مرتبہ، الحمد شریف سات مرتبہ، درود شریف مذکورہ بالا دو سو مرتبہ:۔

یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ

دو سو مرتبہ پھر الحمد شریف سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دُعا مانگیں۔اکیس یوم کے اندر اندر بفضل ایزدی حاجت غیب سے پوری ہوگی۔

اگر اس عمل کی مداومت ہمیشہ کے لئے اختیار کر لی جائے تو زندگی میں کوئی بھی حاجت بفضل ایزدی کبھی بھی باقی نہ رہے گی۔

کامیابی مقصد میں

کسی بھی مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے گھر سے نکلنے سے پہلے باوضو حالت میں ذیل کا عمل سورۂ فاتحہ کر کے جانے سے بفضل ایزدی اس مقصد میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

سورۂ فاتحہ تین مرتبہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف جس میں آیت مبارکہ:۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ

کی تکرار سات مرتبہ کریں۔

پرانا بخار

پرانے بخار کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عطیہ ارشد حسین نقش بندی ازحد مفید اور اکسیر ہے۔اس مقصد کے لئے ذیل کے تین عدد نقوش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان میں سے ایک نقش کو عرق گاؤ زبان میں حل کر لیں۔

دوسرا نقش عرق کاسنی میں حل کرلیں، تیسرے نقش کو موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں عروق اور کالی مرچ ستر دانوں پر سورۂ والیل اکیس مرتبہ، سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں، اب مریض کو روزانہ صبح، شام، رات سات دانے کالی مرچ کھلا کر اوپر سے دونوں عروق کو باہم ملا کر ایک کپ پلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے سات دن کے عمل مسلسل سے بخار ٹوٹ جائے گا، اکیس یوم کے عمل مسلسل سے بخار ہڈیوں سے بالکل غائب ہو جائے گا۔

Ghulam Yasein

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَانَارِ کُوۡنِیۡ بَرۡداً سَلَامًا

وَالَّیۡلِ اِذَا یَغۡشٰی ۙ وَالنَّہَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ
وَالۡاُنۡثٰۤی ۙ اِنَّ سَعۡیَکُمۡ لَشَتّٰی ؕ فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰی وَاتَّقٰی ۙ
وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلۡیُسۡرٰی ؕ وَاَمَّا مَنۡۢ
بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰی ۙ وَکَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُہٗ
لِلۡعُسۡرٰی ؕ وَمَا یُغۡنِیۡ عَنۡہُ مَالُہٗۤ اِذَا تَرَدّٰی ؕ اِنَّ عَلَیۡنَا
لَلۡہُدٰی ۖ ۙ وَاِنَّ لَنَا لَلۡاٰخِرَۃَ وَالۡاُوۡلٰی ۙ فَاَنۡذَرۡتُکُمۡ نَارًا
تَلَظّٰی ؕ لَا یَصۡلٰىہَاۤ اِلَّا الۡاَشۡقَی ۙ الَّذِیۡ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ؕ
وَسَیُجَنَّبُہَا الۡاَتۡقَی ۙ الَّذِیۡ یُؤۡتِیۡ مَالَہٗ یَتَزَکّٰی ۙ
وَمَا لِاَحَدٍ عِنۡدَہٗ مِنۡ نِّعۡمَۃٍ تُجۡزٰۤی ۙ اِلَّا ابۡتِغَآءَ وَجۡہِ
رَبِّہِ الۡاَعۡلٰی ؕ وَلَسَوۡفَ یَرۡضٰی ؕ

مزمن بخار دفع شود بحق

الحمد للہ رب العالمین ○ الرحمٰن الرحیم ○
مالک یوم الدین ○ ایاک نعبد و ایاک نستعین ○
اھدنا الصراط المستقیم ○ صراط الذین
انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم
ولا الضالین ○ آمین

یَانَارِ کُوۡنِیۡ بَرۡداً سَلَامًا

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیٔ من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السمٰوٰت والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم

برص کا علاج

برص کے مرض میں مبتلا فرد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی سوموار سے یہ عمل شروع کرے اور روزانہ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر اپنے جسم پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے شفاء کاملہ ہمیشہ کے لئے نصیب ہوجائے گی۔

ام الصبیان کا علاج

ام الصبیان کے مرض میں مبتلا بچوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر کسی میٹھی شے پر دم کر کے مریض کو کھلائیں اور دم بھی کریں اور اسی کا کالا دھاگہ بنا کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ساٹھ یوم کے مسلسل عمل سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

بانجھ پن

جس عورت کے بالکل بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے کچے سوت کے چودہ تار سیاہ رنگ عورت کے پیر کے انگوٹھے سے لے کر پیشانی تک لمبے ہوں، لے کر ان پر دس گرہ اس طریق سے لگائیں کہ ہر گرہ

Ghulam Yasin

پر سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف ایک بار اور قل شریف سات مرتبہ پڑھی جائے اس طرح کل دس گرہ دی جائیں جب یہ گنڈہ تیار ہو جائے تو کچھ شیرینی لے کر اس پر فاتحہ دی جائے اور شیرینی بچوں میں تقسیم کر دی جائے۔

شیرینی تقسیم کرنے کے بعد اس گنڈہ پر اول وآخر درود شریف ذیل، سورۂ فاتحہ مع وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور عورت حیض سے پاک ہو کر تھوڑی سی شیرینی لے کر آدھی خود کھائے اور آدھی کسی بچے کو کھلائے اور اس گنڈے کو اپنی کمر سے باندھ لے اور ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے تیار کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوۡرِ الۡاَنۡوَارِ وَسِرِّ الۡاَنۡوَارِ وَتِرۡیَاقِ الۡاَغۡیَارِ وَمِفۡتَاحِ الۡیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الۡمُخۡتَارِ وَاٰلِہِ الۡاَطۡھَارِ وَاَصۡحَابِہِ الۡاَخۡیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ

وَاَفۡضَالِہٖ

ہر مرض سے شفاء

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کیلئے ذیل کا عمل سورۂ فاتحہ لاجواب اور نفع بخش ہے۔

کیونکہ فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ ہر مرض کی شفاء سورۂ فاتحہ ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے دو عدد نقوش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے تیار کریں اور ان پر اول وآخر درود شریف ہزارہ اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور درود شریف شفاء اکیس اکیس مرتبہ، سورۂ فاتحہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، پڑھ کر دم کریں ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

دوسرے نقش کو کسی پانی والی یا عرق گاؤ زبان والی بوتل میں ڈال لیں اور روزانہ اس میں سے عرق یا پانی دن میں پانچ مرتبہ:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ شَافِیۡ، بِسۡمِ اللّٰہِ کَافِیۡ، بِسۡمِ اللّٰہِ مَعَافِیۡ، شَفَاءً" کَامِلَۃً" بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ" رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

پڑھ کر پلائیں۔

عام مرض سات دن میں، شدید مرض گیارہ تا اکیس یوم میں اور ضدی امراض سے اکتالیس تا نوے دن میں شفاء کاملہ مل جائے گی، روزانہ سات مرتبہ درود پاک شفاء اور سات مرتبہ الحمد شریف وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر مریض کو صبح و رات کو دم بھی کیا کریں۔

درود پاک ہزارہ:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّائَۃَ اَلۡفِ اَلۡفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکۡ وَسَلِّمۡ

Ghulam Yaseen

درود پاک شفاء:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰـنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

نقش:۔

ہمہ اقسام روحانی تکالیف سے نجات

روحانی امراض و تکالیف میں مبتلا حضرات کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں شرف قمر میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر ذیل کا نقش بنائیں، اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف تین سو تیرہ مرتبہ جس میں آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

کی تکرار ہر مرتبہ اکتالیس مرتبہ کریں اور سورۂ یٰسین اکہتر مرتبہ جس میں آیت مبارکہ:۔

یٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ○ اِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ○

بحق یٰسٓ ○

کی تکرار اکتالیس مرتبہ کریں اور اس نقش کو دم کر کے موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہنیں یا دائیں بازو پر باندھیں، ساتھ ہی پانی کی بوتل بھی دم کریں۔

روزانہ اس پانی کو صبح نہار منہ اکیس یوم تک استعمال میں لائیں اور روزانہ بعداز نماز فجر، نماز عشاء بہ ترکیب بالا سورۂ فاتحہ گیارہ مرتبہ و سورۂ یٰسین تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا بھی مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ سے اکیس یوم کے عمل مسلسل سے مطلوبہ روحانی تکلیف و مرض کا بفضلِ تعالیٰ خاتمہ ہو جائے گا۔

Ghulam Yaseen

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جبرئیل	اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ							میکائیل
یٰسٓ	۲۳۳۲	اِیَّاکَ نَعْبُدُ	۲۳۴۶	لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ	۲۳۴۳	وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ	۲۳۴۰	وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ
	۲۳۴۴		۲۳۳۹		۲۳۳۳		۲۳۴۵	
	۲۳۳۸		۲۳۴۱		۲۳۴۸		۲۳۳۴	
	۲۳۴۷		۲۳۳۵		۲۳۳۷		۲۳۴۲	
وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ	۶۶۴۴۱	وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ	۶۶۴۵۴	اِنَّکَ	۶۶۴۵۱	اِیَّاکَ نَعْبُدُ	۶۶۴۴۸	یٰسٓ
	۶۶۴۵۲		۶۶۴۴۷		۶۶۴۴۲		۶۶۴۵۳	
	۶۶۴۴۶		۶۶۴۴۹		۶۶۴۵۶		۶۶۴۴۳	
	۶۶۴۵۵		۶۶۴۴۴		۶۶۴۴۵		۶۶۴۵۰	
جبرئیل	اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ							میکائیل

پیٹ سے خون آنا

جس کسی فرد کے پیٹ سے خون آتا ہو اور کسی بھی علاج معالجہ سے بند نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز اتوار ذیل کی آیات مبارکہ روٹی پر لکھ کر بوقت ناشتہ مریض اسے کھالے، اس کو ایک ہفتہ تک مسلسل استعمال میں رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پیٹ سے خون آنا بند ہوجائے گا۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِکَیْلَا یَعْلَمَ مِنْ م بَعْدِ عِلْمٍ شَیْئًا اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْم" قَدِیْر" فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ یَشْفِیْکَ مِنْ کُلِّ دَآءٍ یُوْدِیْکَ

خشک کھانسی کا علاج

جس کسی کو خشک کھانسی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید، نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روغن چنبیلی لیں اور اس پر اول وآخر درود پاک ذیل سات سات مرتبہ اور الحمد شریف معہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

رات کو سوتے وقت روغن چنبیلی کی مالش گلے پر کریں اور سو جائیں صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی سے گلے کو دھولیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے اندر اندر مکمل شفاء حاصل ہو جائے گی۔ بے حد مجرب عمل ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

Ghulam Yasin

بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

زوجین میں نفرت دور کرنا

اگر دو افراد یا زن و شوہر کے درمیان نفرت کی دیواریں کھڑی ہو چکی ہوں اور آپس میں سابقہ الفت و محبت کے امکانات معدوم نظر آتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے مٹی کے برتن میں کوئلے سلگا کر اپنے سامنے رکھیں اور ایک سو ایک عدد کالی سیاہ مرچ بھی اپنے پاس رکھیں۔

باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کا عمل الحمد شریف شروع کریں اور ہر مرتبہ پڑھ کر ایک عدد کالی مرچ پر دم کریں اور اسے آگ میں پھینک دیں۔

دوران عمل مطلوب کا تصور اپنے سامنے رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمین بستم بستم سرتاپا ھر عضو فلاں بن فلاں (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) تامن نکشایم کس نکشاید بحق یا قریب یاقریب یا قریب العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعة الساعة الساعة

نوٹ:۔ بسم اللہ کی میم کو الحمد کی لام کے ساتھ وصل کر کے پڑھنا ہے۔

سال بھر کی حفاظت الٰہی

سال بھر حفاظت الٰہی میں رہنے اور آفات وبلیات سے محفوظ رہنے کا یہ عمل حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے اور بے حد مجرب، فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے عشرہ محرم الحرام میں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ اور سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف کے تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر دُعائے ذیل گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ يَامُعِزَّ الْاَهْوَالِ حَوِّلْ حَالِيْ اَحْسَنِ الْاَحْوَالِ بِعَوْنِكَ وَقُوَّتِكَ يَاعَزِيْزُ يَامُتَعَالُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ

دنیاوی حاجات

عام دنیاوی حاجات کے لئے ذیل کا نقش بے حد مفید اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید پارچہ پر مشک و زعفران سے لکھیں اور اس پر آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

سات سو سات مرتبہ اور اسم الٰہی "یا باسط" گیارہ سو گیارہ مرتبہ اور اول وآخر درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں اور اس کو چمڑے کے اندر بنوا کر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔

اکیس روپیہ فقراء میں اس کو باندھنے سے پہلے تقسیم کر دیں، یہ کام شرف شمس

Ghilam Yaseen

میں کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بفضلِ باری تعالیٰ عام دنیاوی حاجات پوری ہوں گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۶	۱۲۴۸۹۱	۱۸۲۰
۳۶	۱۲۲۴۹۳۰	۱۱۲
۱۱۳	یَابَاسِطُ اجب یاجبرائیل	۴۲۰

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

تنگی و برھنگی لباس کا خاتمہ

جو کوئی فقر وفاقہ کے ہاتھوں اس حد تک مجبور ہو گیا ہو کہ اس کو لباس بھی تن ڈھانپنے کے لئے نصیب نہ ہوتا ہو تو ایسے میں عطیہ روحانی سید شمس الدین سیالوی چشتی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بے حد نافع اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے اس انسان کو روزانہ بعداز نماز فجر سورۂ مزمل اور سورۂ مدثر طریق ذیل سے پڑھنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دُعا مانگنی چاہیے، اس کے علاوہ نقش ذیل زعفران و گلاب سے روز گیارہ عدد تیار کر لے اور ان نقوش کو آٹے کی گولیوں میں بند کر کے دریا یا نہر کے اندر ایسی جگہ ڈالے جہاں مچھلیاں عام ہو بہ امر مجبوری ان کو بہتے پانی میں اس تصور کے ساتھ ڈالے کہ میں مچھلیوں کے آگے ڈال رہا

ہوں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل سے مراد برآئے گی اور فقر و فاقہ کی تنگی و برہنگی لباس کا مسئلہ ختم ہو جائے گا اگر اس عمل کو ایک سو بیس یوم تک کر لیا جائے تو پھر کبھی بھی زندگی بھر فاقہ مستی اور برہنگی لباس کا سامنا نہ کرنا پڑے گا، دولت کی ریل پیل ہو جائے گی۔

ترکیب تلاوت سورہ مزمل:۔

☆ اول وآخر درود شریف تاج (دس مرتبہ)

☆ آیت الکرسی (تین مرتبہ)

☆ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡۢبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ (دس مرتبہ)

☆ سورۂ مزمل شروع کریں اور آیت مبارکہ:۔

رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذۡہُ وَکِیۡلًا

کی تکرار تین مرتبہ کرنے کے بعد اسی آیت کے ساتھ لفظ یاملا کر تین مرتبہ پڑھیں پھر آگے چل کر آیت مبارکہ:۔

وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّھَارَ

کی تکرار تین مرتبہ پڑھ کر:۔

یَامَنۡ یُّقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّھَارَ قَدِّرۡ فِیۡ قَضَآءِ حَاجَتِیۡ اَنَّکَ قَادِرٌ" وَاَنۡتَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ"

تین بار پڑھے پھر آیت مبارکہ:۔

Ghulam Yasin

يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ

کی تکرار تین مرتبہ کر کے دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ مِنْ فَضْلِكَ ابْتَغَيْتُ وَمِنْ فَضْلِكَ اِرْجِعِيْ فَلَا تَحَيَّتِيْ يَاذَوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

تین مرتبہ پڑھے اور پھر سورہ ختم کر لے۔

تلاوت سورہ مدثر:

☆ سورۂ فاتحہ (سات مرتبہ) جس میں آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

کی تکرار ہر مرتبہ سترہ سترہ مرتبہ کریں۔

☆ اب سورۂ مدثر شروع کریں اور:۔

يَآاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ o قُمْ فَاَنْذِرْ

کی تکرار سات مرتبہ کریں، آگے سورہ پڑھیں جب آیت مبارکہ:۔

فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ o اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ

کی تکرار تین مرتبہ کریں آگے آیت مبارکہ:۔

وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

کی تکرار سات مرتبہ کریں آگے آیت مبارکہ:۔

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِيْنَ

کی تکرار گیارہ مرتبہ کریں اور پھر سورہ ختم کر لیں۔

اب تین مرتبہ:۔

وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

پڑھے پھر:۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

تین مرتبہ پڑھ کر پھر دُعائے ذیل تین تین مرتبہ مانگیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الباسط — الرزاق — يٰاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ — يٰاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ

۳۲۱۷۰	۳۲۱۷۷	۳۲۱۵۲	۳۲۱۵۸	۳۲۱۶۴
۳۲۱۵۳	۳۲۱۵۹	۳۲۱۶۵	۳۲۱۷۱	۳۲۱۷۳
۳۲۱۶۶	۳۲۱۶۷	۳۲۱۷۴	۳۲۱۵۴	۳۲۱۶۰
۳۲۱۷۵	۳۲۱۵۵	۳۲۱۶۱	۳۲۱۶۲	۳۲۱۶۸
۳۲۱۵۷	۳۲۱۶۳	۳۲۱۶۹	۳۲۱۷۶	۳۲۱۵۶

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوَرِ الشَّرِيْفَةِ الْمُزَّمِّلِ

Ghulam Yaseen

وَالْمُدَّثِّرِ الْعَظِيْمَةِ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الشَّرِيْفَةِ الْعَظَّامُ يَاظَهِيْرُ يَاعَظِيْمُ يَاسَتَّارُ يَامَسِيْحُ يَاصَغِيْسُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ سَمَّيْتَهٗ فِىْ كِتَابِكَ الْعَزِيْزِ يَآاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ وَالْمُدَّثِّرُ اَنْ نَزَمْنِىْ عَنْ عُيُوْنِ النَّاظِرِيْنَ وَالطَّاغِيْنَ وَالْكَاسِدِيْنَ مِنْ اَعْدَآئِكَ وَاَعْدَائِىْ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

گریہ اطفال

بچے کے مسلسل رونے اور چپ نہ کرنے پر اکثر مائیں پریشان حال ہو جاتی ہیں ایسے میں بچے کو خاموش کروانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے کوئی میٹھی شے لے کر (خواہ چینی ہی کیوں نہ لیں) اس پر سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور آیت الکرسی تین تین مرتبہ نیز اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے تھوڑی تھوڑی کر کے بچے کو کھلادیں، روتا بچہ فوراً چپ کر جائے گا اور دوبارہ نہیں روئے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

موذی درندوں سے حفاظت

کسی ایسی گزرگار یا جنگل سے گزرنے کے لئے جہاں موذی درندوں سے ہلاک ہونے کا اندیشہ لاحق ہو تو ذیل کا عمل بے حد کارگر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اس راہ پر چلنے سے پہلے باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف اور اول وآخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں پھر اللہ تعالیٰ کا نام لے کر آیات مبارکہ:۔

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

کا کھلا ورد کرتے ہوئے چلتے جائیں اس عمل کی بدولت کوئی بھی موذی درندہ نزدیک نہ آئے گا اور دور ہی سے بھاگ جائے گا۔

رتوندا اور شب کوری کا علاج

رتوندہ اور شب کوری کے علاج کے لئے عطیہ محمد ابراہیم ناچیز قادری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس کو چنبیلی کے تیل میں حل کر کے اس پر انہی آیات مبارکہ کا ایک صد اکتالیس مرتبہ اور سورۂ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں، روزانہ رات کو تیل کی مالش سر پر اچھی طرح کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے رتوندا اور شب کوری کے مرض سے بفضل باری تعالیٰ شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔ (مجرب المجرب عمل ہے)۔

Ghulam Yasin

نقش:۔



عمل حب

حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے سرمہ عمدہ خالص لیا جائے اور اس پر بروز جمعہ یا بدھ یا بروز پیر اول ساعت میں جبکہ ستارہ نحوست سے پاک ہو، سورہ فاتحہ ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس سرمہ کو چاندی کی سلائی سے تین مرتبہ سیدھی آنکھ میں اور دو مرتبہ الٹی آنکھ میں لگائیں اور اپنے مطلوب کے سامنے جائیں۔

مطلوب مطیع ہو کر اقرار محبت کرے گا۔

باور رہے کہ ناجائز عمل کی صورت میں مستوجب عذاب الٰہی ہونگے۔

تشخیص سحر و امراض

سحر وامراض کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے سات تار نیلے سوت کے لے کر پاؤں کے انگوٹھے سے موئے پیشانی تک ناپ لیں اس پر درود پاک ذیل سات مرتبہ، الحمد شریف سات مرتبہ، آیت الکرسیٰ ایک مرتبہ اور سات مرتبہ ذیل کی دُعا پڑھیں۔

دُعا:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ قُیُوْشِ مَقْشٍ زَجَمَاشٍ مَیعَاشٍ شَاقِیْشٍ مَاشٍ اَبُوْشٍ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥

اور اس دھاگے پر تین بار پھونک لگائیں اور اس دھاگے کی پیمائش کی جائے۔

اگر اصل پیمائش سے ایک انگل کم ہے تو سایہ دیو یا جن وغیرہ ہے اگر دو انگل کم ہے تو آسیب ہے۔ اگر تین انگل کم ہے۔ تو سحر ہے اگر چار انگل کم ہے تو ام الصبیان (مسان) ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْد'' مَّجِیْد'' اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْد'' مَّجِیْد''

Ghulam Yaseen

بندش رزق

بندش رزق کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بھی اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک کٹورہ پانی لے کر باوضو حالت میں اس پر اول وآخر درود شریف تاج گیارہ گیارہ مرتبہ، سورہ فاتحہ مع بسم اللہ شریف سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، سورہ جن کی ذیل کی آیات مبارکہ سات مرتبہ اور:۔

اَللّٰہُ کَافِیْ اَلْکَافِیْ اَلْکَافِیْ وَقَصَّدْتُ الْکَافِیْ وَجَدَّتُ الْکَافِیْ الْکَافِیْ الْکَافِیْ وَکَفَا فِیْ الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ٥

گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو مذکورہ جگہ پر چھڑکیں اور اسی پانی کے تین گھونٹ لے کر:۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن اللّٰہ الکافی اللّٰہ باقی و نعم الشافی

کہہ کر پی لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ روز سے اکیس روز کے اندر اندر ہر قسم کے جادو ٹونے، بندش کاروبار و جملہ تکالیف سے نجات کلیہ مل جائے گی۔ نجات پانے کے بعد حضور غوث پاک کی نیاز شیرینی بچوں میں تقسیم کردیں۔

سورۂ جن کی آیات مبارکہ:۔

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہٗ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ٥ یَّھْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ط وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ٥ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا

مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ٥ وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْھُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ٥ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا ٥

صلوٰۃ الحاجات

کسی بھی مشکل یا حاجت کے وقت صلوٰۃ الحاجات بہ طریق ذیل پڑھنے سے اللہ تعالیٰ عزوجل اس حاجت کو پردۂ غیب سے حل کر دیتے ہیں انتہائی مجرب، فائدہ مند اور کارگر عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے بوقت تہجد اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کے ساتھ دو رکعت نماز حاجت اس طریق سے ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ سات مرتبہ جس میں آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

کی تکرار گیارہ مرتبہ ہو، اس کے بعد سورۂ کافرون ایک مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ سات مرتبہ اور مع تکرار آیت بالا گیارہ مرتبہ ہو جس کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

بعداز سلام پھیرنے کے تیسرا کلمہ ایک سو ایک مرتبہ اور:۔

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

اکیاون مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دُعا قبول ہوگی۔

Chulam Yaseen

پھندۂ جنات سے نجات

اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور مفید ہے۔

سب سے پہلے کسی دریا یا نہر سے پانی کا ایک گیلن لے آئیں۔ اس پانی میں ایک چمچ نمک ڈال کر اچھی طرح ہلالیں۔ اس کے بعد اس پر تین سو تیرہ مرتبہ اسم الٰہی ''علی ''حفیظ'' علی'' '' اور ایک سو ایک مرتبہ:۔

وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اور:۔

دافع الخناس والناس ناس بطفیل عَلِیّ''۔ عَلِیّ''۔ عَلِیّ''

اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اب اس پانی کے سات حصے کر لیں ہاں ہر روز ایک حصہ پانی کو بالٹی بھر نل کے نیم گرم پانی میں ملا کر اس سے غسل کریں بعداز غسل کپڑے پہننے سے قبل گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ سورۂ الناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور کپڑے پہن کر باہر آجائیں۔

بعدہ شہد لے کر اس پر سات مرتبہ الحمد شریف بمعہ بسم اللہ شریف، سات مرتبہ سورۂ اخلاص اور اکتالیس مرتبہ درود پاک ذیل پڑھ کردم کر کے اپنے پاس رکھ لیں اور اس شہد کو:۔

بسم اللہ توکلت علی اللہ برشفائے محمد مصطفٰے ﷺ

پڑھ کر انگلی سے تھوڑا سا چاٹ لیں، دم کیا ہوا یہ شہد ہر روز دن میں سات مرتبہ اسی طرح چاٹنا ہے۔

اکیس یوم کے مسلسل عمل سے نہ صرف ان اشیاء غیر سے چھٹکارا حاصل ہو جائے

گا بلکہ ان کے اثرات سے وجود میں پیدا ہونے والی خرابیاں بھی دور ہوجائیں گی۔

نوٹ:۔ بعداز آرام چار نوافل شکرانہ بارگاہ الٰہی ادا کریں اور حسب توفیق شیرینی بطور نیاز حضور رسول کریم ﷺ پیش کر کے بچوں میں تقسیم کر دیں۔ فقیر کی طرف سے اس عمل کی اجازت ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

برائے سخت عفریت

عمل بالا کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے سورہ جن ایک مرتبہ تحریر فرمادیں اور اس پر سات مرتبہ سورۂ جن کو پڑھ کر دم کر کے اس نقش کو خوشبو لگا کر مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عفریت کا ہر حربہ ناکام ہو جائے گا اور بفضل باری تعالیٰ وہ عفریت بھاگ جائے گی۔

همه اقسام جسمانی دردیں

ہر قسم کی جسمانی دردوں کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر تلوں کا تیل لے کر اپنے پاس رکھیں پھر باوضو حالت میں چینی کی طشتری پر سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف کے زعفران سے لکھیں اور اس پلیٹ کو تلوں کے تیل سے دھو کر تیل کو شیشی میں محفوظ کر لیں اب اس تیل پر اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ شریف ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں جسم کے جس حصہ پر بھی درد رہتا ہو اس تیل کی مالش کریں اور دو گھنٹہ بعد گرم

Gulam Yaseen

پانی سے دھو لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد فوری کافور ہو جائے گا۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

دفعیہ آسیب

آسیب کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے صبح کو بعد از نماز اشراق باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر مشک و زعفران وگلاب سے ذیل کا نقش بنائیں اور اس نقش پر آیت الکرسی اور نقش کے نیچے دی ہوئی عبارت کو اکتالیس مرتبہ معہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اوراس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔

اور روزانہ سات مرتبہ صبح و شام آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر دم بھی آسیب زدہ کے اوپر کریں۔ بہت جلد آسیب اس کا پیچھا چھوڑ کر بھاگ جائے گا، پاکی پلیدی کا خاص خیال رکھیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

نقش وکلمات:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۳۶۷۱	۳۶۷۴	۳۶۷۷	۳۶۶۴
۳۶۷۶	۳۶۶۵	۳۶۷۰	۳۶۷۵
۳۶۶۶	۳۶۷۹	۳۶۷۲	۳۶۶۹
۳۶۷۳	۳۶۶۸	۳۶۶۷	۳۶۷۸

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَا اِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

چھٹکارا جنات و پری

جن و پری و دیو کے زیر قبضہ افراد کے چھٹکارے کے لئے ذیل کا عمل بھی بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے ان سے چھٹکارا مل جائے گا۔

Ghulam Yaseen

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش بعداز طلوع آفتاب قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس پر ذیل کا عمل ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں ساتھ ہی مریض کو بھی دم کریں اور اس نقش کو خوشبو لگا کر مریض کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنادیں۔

دم کرنے والا عمل:۔

درود پاک ذیل اول وآخر ایک سو ایک مرتبہ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْآنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

آیت الکرسیٰ گیارہ مرتبہ اور ہر بار جزو آخری:۔

وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ بحق حیی و قیوم

سات سات مرتبہ پڑھیں آیت ذیل گیارہ مرتبہ پڑھیں۔:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَادَلِیْلَ الْمُتَعَرِّیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ الْمُضْطَرِّیْنَ یَااِلٰہَ الْعَالَمِیْنَ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِحَقِّ حَیّ" قَیُّوْمُ فِی الْحَرْفِ قُرْآنِ مُجِیْد"

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نعبدو ایاک نستعین بحق حی و قیوم

۴۲۹۵	۴۲۹۸	۴۳۰۲	۴۲۸۸
۴۳۰۱	۴۲۸۹	۴۲۹۴	۴۲۹۹
۴۲۹۰	۴۳۰۴	۴۲۹۶	۴۲۹۳
۴۲۹۷	۴۲۹۲	۴۲۹۱	۴۳۰۳

یادلیل المتعرین یاغیاث

سحر و جادو کا توڑ

سحر و جادو کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بھی بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز اتوار شرف شمس میں باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے سورۂ مزمل شریف مکمل تحریر کریں۔ اور اس کے گردا گرد آیت الکرسی، سورۂ فاتحہ بھی لکھیں۔

اور نیچے درود پاک ذیل تحریر کریں۔

ایک بوتل میں پانی لے کر اس میں اس نقش کو ڈال دیں اور اس میں سے پانی پانچ گھونٹ روزانہ صبح نہار منہ درود پاک ذیل پانچ مرتبہ پڑھتے ہوئے اور رات کو سوتے وقت پانچ مرتبہ یہی درود پاک پڑھتے ہوئے پی لیں اور چلو بھر پانی لے کر اپنے چہرے

Ghulam Yaseen

اور اپنے سینے، گردن اور کانوں کے اندر لگائیں اس بوتل کا پانی ہفتہ بھر استعمال کریں۔

اگلی اتوار کو پھر تازہ نقش بنالیں اور اسے ہفتہ بھر استعمال کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین مرتبہ کے مسلسل عمل سے ہر قسم کے سحر، جادو، سفلی علم وغیرہ سے نجات مل جائے گی۔ (اجازت ہے)

درود پاک:۔

مَنْ صَلّٰی عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا ھُوَاَھْلُہٗ

نجات سحر

(عطیہ چشت از نظام الدین اولیاء المعروف محبوبِ الٰہی)

ذیل کا عمل جادو ٹونے کے دفعیہ اور توڑ کے لئے بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے چینی کی صاف طشتری لے کر اس پر شہد اور زعفران سے بسم اللہ شریف تیرہ مرتبہ، سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ، کلمات ذیل تین مرتبہ لکھ کر اس کو پانی سے دھولیں اور روزانہ مسحور کو پانچ مرتبہ سات بار بسم اللہ شریف پڑھ کر پلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل سے جادو، ٹونے، سحر، سفلی عمل کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔

بعداز شفاء نفل شکرانہ بارگاہ ایزدی میں پیش کریں اور شیرینی خواجہ معین الہند بوسیلہ آقائے دوجہاں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بچوں میں تقسیم کردیں۔ (عام اجازت ہے)۔

کلمات مبارکہ:۔

یَاحَیُّ حِیْنَ حَیٌّ فِیْ وَالْیُمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَاحَیُّ

نجات سحر

(عطیہ قادریہ عالیہ از سیّد احمد حسینؒ المعروف محبوبِ ذات)

سحر وجادو ٹونے کے ہاتھوں زندگی سے مایوس لاعلاج مریض کی شفایابی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر روزانہ چینی کی صاف طشتری پر زعفران وگلاب سے آیت الکرسی تین مرتبہ، آیت مبارکہ:۔

لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ○ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ○ ھُوَ اللّٰہُ الْخٰلِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ○

Ghulam Yasin

اور آیات مبارکہ:۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا

ایک مرتبہ بمعہ درود شریف ذیل ایک ایک مرتبہ لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر اس پانی کو محفوظ کر لیں۔ اس پانی پر سات مرتبہ آیت الکرسی اور اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کر لیں اور یہ پانی دن میں پانچ مرتبہ ایسے مریض کو پلائیں، پانی روزانہ پلائیں۔

اس عمل کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھیں اور اس نقش پر آیت الکرسی اور سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کر کے پانی کی بوتل میں ڈال دیں اور اس بوتل کے پانی کو تین دن میں ختم کریں اور دوبارہ یہی عمل کریں بوتل میں موجود نقش کے کاغذ کو سنبھال لیں اور بعد میں ان تمام کاغذوں کو دریا یا نہر میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے شفاء کلیہ نصیب ہوگی اور جادو ٹونے وسحر وغیرہ کا اثر ختم ہوجائے گا۔

اگر اس عمل کو مسلسل ساٹھ یوم تک کر لیا جائے تو تازندگی کوئی جادو، سحر وغیرہ وجود پر اثر انداز نہ ہوگا۔

اس کے علاوہ ایک نقش اسی عمل کا بنا کر اسے اسی طرح دم کر کے لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں یا سیدھے بازو پر باندھ دیں (اجازت ہے)

بعداز شفاء آٹھ نفل شکرانہ بارگاہ ایزدی میں پیش کریں اور نیاز حضور غوث پاک رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بچوں میں تقسیم کردیں۔

نجات سحر

(عطیہ فقیری)

سحر وجادو ٹونے کے ہاتھوں زندگی سے مایوس لاعلاج مریض کی شفایابی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو دو رکعت نماز نفل حاجت شفاء از سحر اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ ہائے چہار قل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور بعداز سلام پھیرنے کے تین سو تیرہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھ کر دُعائے استقامت بارگاہ ایزدی میں مانگے۔

ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ کو زعفران وگلاب ومشک سے تحریر کریں اور اپنے پاس رکھے اور اس پر درود پاک ذیل ایک سو ایک مرتبہ اور ان سورتوں کو ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس نقش کو خوشبو لگا کر مسحور کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنادے۔

اسی طرح روغن تل و بادام لے کر اس پر بھی اسی وقت دم کر لیں اس روغن بادام وتل کو دائیں انگشت شہادت اور انگوٹھے کی مدد سے کن پٹیوں، پیشانی، کانوں کی لوؤں کے نیچے، گلے کی رگوں اور کلائیں پر مالش کریں۔

اور ایک گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے صاف کردیں، دن میں دو بار اور رات کو سوتے وقت لگائیں، رات کو ہلکی ہلکی مالش پسلیوں کے اوپر بھی کریں اور ساری رات مالش رہنے دیں روزانہ چینی کی طشتری پر زعفران وگلاب سے ان سورۂ ہائے مبارکہ کو تحریر کریں اور پانی سے دھو کر مسحور کو تین مرتبہ چوبیس گھنٹوں میں پانی پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مسحور کو اکیس یوم کے اندر اندر مکمل شفاء و تندرستی جادو، ٹونے اورآسیب، دیو، بھوت، پریت، سفلی علم کے ہر قسم کے وار سے گلو خلاصی مل جائے گی اور کرنے اور کروانے والوں کو اللہ تعالیٰ سزا کاملہ دیں گے (فقیر کی طرف سے

Chulam Yasin

اس عمل کی اجازت ہے)۔

سورہ ہائے مبارکہ:۔

سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف۔

آیت الکرسیٰ جس میں کلمہ:۔

وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

سات مرتبہ۔

☆ سورۂ کافرون (ایک مرتبہ)

☆ سورۂ الاخلاص (ایک مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (ایک مرتبہ)

☆ سورۂ الناس (ایک مرتبہ)

اس کے ساتھ ہی ذیل کا درود پاک بھی ایک مرتبہ چینی کی طشتری پر لکھنا ہے جب کہ پڑھنے کا عمل بالا ستر مرتبہ سورہ ہائے مبارکہ اور درود پاک ذیل ایک سو ایک مرتبہ ہی ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَآءِ سِحْرٍ" وَالسَّاحِرِيْنَ بِلُطْفِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ٥

برائے ناف

جن اشخاص کو ناف کی اکثر شکایت رہتی ہو اور کسی بھی طرح اس سے مکمل آرام حاصل نہ ہوتا ہو تو ان کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں مریض کی ناف پر دایاں ہاتھ رکھ کر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ اور کلمات ذیل ایک مرتبہ پڑھ کر ناف پر دھتکار

دیں گیارہ روز کے مسلسل عمل سے ناف پڑنے کا عمل ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا اور صحت کاملہ ہو جائے گی۔

کلمات مبارکہ:۔

يَامَنْ نَادَى الْفَجْرَ فَانْشَقَّ وَبَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ اَكْفِنِيْ شَرَّ الْخَلْقِ وَهُمُ الرِّزْقُ وَسُئِوا الْخَلْقِ اَنْ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَاَخْشَ اللّٰهَ الْمَلِكَ الْاَعْظَمَ جِبْرَائِيْلُ عَلٰى رَاسِهَا مِيْكَائِيْلُ عَلٰى وَسِطِهَا وَاِسْرَافِيْلُ عَلٰى رِجْلَهَا وَعِزْرَائِيْلُ عَلٰى سَاقِهَا اُخْرِجْ يَاسَمَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ الْاَعَزِّ الْكَرَامِ ٥

علاج ہذیان

ہذیان کے مرض میں مبتلا فرد کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مریض کو سامنے بٹھلائیں اور سات مرتبہ سورۂ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف پڑھ کر مریض کے منہ پر اپنا لعاب دہن تھتکار دیں صبح و شام تین مرتبہ یہ عمل اکیس روز جاری رکھیں، مریض مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔

جانور کا دودھ پلانے سے انکار

جو کوئی گائے، بھینس یا بکری اپنے بچے کو دودھ پلانے سے انکار کرتی ہے اور اسے دھتکارتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر سورۂ فاتحہ بمعہ

Ghulam Yaseen

بسم اللہ شریف اور آیت مبارکہ ذیل زعفران وگلاب سے لکھ کر اوپر سورہ فاتحہ معہ وصل بسم اللہ شریف اور آیات مبارکہ ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے اس کے گلے میں باندھ دیں۔

آیات مبارکہ:۔

وَذَلَّلْنَا هَالَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَاكُلُونَ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ الْاٰيَةَ ○ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ رَبِّ ○ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَحْضُرُوْنِ

اس نقش کو گلے میں باندھنے کے بعد ایک مشت خاک لے کر اس پر سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف سات مرتبہ، سورۂ اخلاص اور معوذ تین ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اس خاک کو اس کے نتھنوں اور آنکھوں اور اس کے منہ پر پھونک دیں۔

علاج مسان

☆ ذیل میں علاج مسان کے لئے پُرتاثیر اور فائدہ مند عمل دیا جا رہا ہے جو عطیہ فقیری ہے۔

اس مقصد کے لئے سب سے پہلے ذیل کا صدقہ دیں اور پھر علاج شروع کریں۔

۱۔ بچے کی پیمائش قد کے مطابق ایک عام سفید کپڑا لیں اس میں سوا سیر کالے ماش رکھیں، اس پر قدرے ہلدی اور نمک کا چھڑکاؤ کریں۔ سیندور سوا تولہ ملائیں اور اس کے اوپر سورۂ جن کا پڑھا ہوا تیل سات قطرے ڈال کر اس کی گٹھری بنالیں اور اس گٹھری کو بچے کے

سرہانے سوموار کی رات کو رکھ دیں اور منگل کے دن علی الصبح اس کو لے جا کر دریا یا نہر میں ان الفاظ کے ساتھ بہادیں۔ یا خواجہ خضر علیہ السلام یہ سب کچھ آپ کے حوالے، پھر دریا سے منہ ہاتھ خود بھی دھوئیں اور ایک برتن میں دریا کا پانی لے کر آئیں۔

اس پانی میں قدرے نمک ملائیں اور اس پانی کو گرم کر کے اس کے اوپر سورہ جن کی آیت مبارکہ:۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ○ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ○ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ○ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ○

ایک مرتبہ اور چاروں قل شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی سے تر کئے ہوئے کپڑے سے بچے کے جسم کو صاف کریں اور اس کپڑے کو بعد میں سادہ پانی میں اچھی طرح صاف کر کے پانی کو کسی برتن میں محفوظ کر لیں، دریا کے پانی سے روزانہ صبح و شام سات دن یہ عمل کر کے کپڑے اور محفوظ شدہ پانی کو لے جا کر دریا یا نہر میں بہادیں۔

۲۔ اس کے علاوہ قبلہ رخ بیٹھ کر باوضو حالت میں فجر کی سنت اور فرض کے درمیان پانی یا میٹھی شے پر اکتالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف کا دم کریں اور بعداز نماز نہار منہ بچے کو مٹھائی یا پانی کھلا پلادیں۔

اس عمل کو اکتالیس یوم تک بلاناغہ جاری رکھیں۔

Ghulam Yasin

۳۔ اس کے علاوہ نماز فجر سے فارغ ہونے کے بعد سورۂ الطارق ایک مرتبہ پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں پھونک ماریں اور پھر ایک بار پڑھ کر بائیں کان میں پھونک ماریں، اس کے بعد ایک بار پڑھ کر دائیں آنکھ میں اور ایک بار پڑھ کر بائیں آنکھ میں، پھر ایک بار پڑھ کر دائیں نتھنے میں اور ایک بار پڑھ کر بائیں نتھنے میں پھونک لگائیں، اس کے بعد ایک مرتبہ پڑھ کر مریض کے منہ پر پھونک لگائیں۔

آخری بار دو مرتبہ سورۂ الطارق کو پڑھ کر پورے جسم پر دم کریں یہ عمل بھی مسلسل اکتالیس یوم تک جاری رہے گا۔

۴۔ اس کے بعد ذیل کی آیات باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے لکھیں اور انہی آیات مبارکہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر نقش پر دم کریں اور نقش کو موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

آیات مبارکہ:۔

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبُّکُمْ مَّامِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِہٖ اِلَیْکُمْ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ شَیْئًا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ○ (ایک مرتبہ)

فَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطٰنٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ ○ (ایک مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ○ نَزَّلَ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىۃَ وَالْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ○ (ایک مرتبہ)

آیت الکرسی ایک مرتبہ سورۂ فلق اور سورۂ والناس ایک ایک مرتبہ۔

۵۔ دھلے ہوئے تلوں کا مصفا۔ تیل لے کر اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، سورہ صفت کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا ○ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ○ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ○ اِنَّ اِلٰھَکُمْ لَوَاحِدٌ ○ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ○ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ ○ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ○ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ ○ دُحُوْرًا وَّلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ ○ فَاسْتَفْتِھِمْ اَھُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ط اِنَّا خَلَقْنٰھُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ○

تین مرتبہ، سورۂ جن کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ○ یَّھْدِیْ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا

Ghulam Yaseen

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحَانَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

۲۳۶۵ / ۲۵۰	۲۳۶۸ / ۲۵۴	۲۳۷۱ / ۲۵۷	۲۳۵۷ / ۲۴۳
۲۳۷۰ / ۲۵۶	۲۳۵۸ / ۲۴۴	۲۳۶۴ / ۲۴۹	۲۳۶۹ / ۲۵۵
۲۳۵۹ / ۲۴۵	۲۳۷۳ / ۲۵۹	۲۳۶۶ / ۲۵۲	۲۳۶۳ / ۲۴۸
۲۳۶۷ / ۲۵۳	۲۳۶۴ / ۲۴۷	۲۳۶۰ / ۲۴۶	۲۳۷۲ / ۲۵۸

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحَانَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحَانَكَ اِنِّیۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ

عمل حُب

حب مخلوق کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے لوہے کی ایک میخ ایک انچ چوڑی لے کر اس کے ایک طرف

Ghulam Yasin

سورۂ نصر اور دوسری طرف آیت مبارکہ ذیل کندہ کریں، بعدازاں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اس پر بہ ترتیب ذیل کی سورہ ہائے و آیات مبارکہ پڑھیں اور اس کو دم کریں۔

سورہ و آیت مبارکہ:۔

☆ سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف (چار سو مرتبہ)

☆ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ ق صلے ز لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

(چار سو مرتبہ)

☆ سورہ نصر (چار سو مرتبہ)

اب چار رکعت نماز نفل بہ نیت ذیل اس طریق سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت بالا پچیس مرتبہ پڑھیں اور بعداز فراغت نماز دُعا مانگ کر فارغ ہوں اور اس میخ کو زمین میں گاڑ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مخلوق خدا کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی یا پھر کسی ایک فرد کی صورت میں وہ بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

نیت نماز:۔

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکْعَاتِ تَسْخِیْرِ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں (یہاں طالب اور مطلوب اور ان کی ماؤں کا نام لکھیے) مُشَوَجِّھاً اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اللّٰہُ اَکْبَرُ

بندش رزق

ذیل کا عمل بھی بندش رزق کے لئے بے حد مجرب، نفع بخش اور اکسیر کا درجہ

رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر بوقت طلوع آفتاب ذیل کے چار عدد نقوش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور ایک عدد نقش شرف مشتری میں چاندی کے پترے پر کندہ کریں پھر ان نقوش پر بہ تعداد ذیل سورۂ فاتحہ و آیات مبارکہ ذیل پڑھ کر دم کریں، چاندی والا نقش فریم کروا کر دوکان یا جائے تجارت میں دروازے کے عین سامنے والی دیوار پر لٹکا دیں اور بقیہ چاروں نقوش میں ایک نقش کو پانی کی بوتل میں حل کرلیں اور اس پانی کے گیارہ حصے کر لیں، روزانہ ایک حصہ پانی میں مزید پانی ملائیں اور دوکان یا جائے تجارت پر چھڑکائیں، ہر گیارہ روز کے بعد بقیہ نقش بھی پانی میں حل کر کے باری باری پانی چھڑکائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہر قسم کی بندش رزق کا مکمل خاتمہ ہوجائے گا اور کاروبار پھر سے رواں دواں ہوجائے گا۔

سورہ و آیات مبارکہ:۔

☆ سورۂ فاتحہ (تین سو تیرہ مرتبہ)

☆ لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ

(چھ ہزار آٹھ سو پچھتر مرتبہ)

☆ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ ق صلے ز لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

(چھ ہزار آٹھ سو پچھتر مرتبہ)

☆ اول وآخر درود پاک تنجینا (اکتالیس اکتالیس مرتبہ)

Ghulam Yasin

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ	اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ	وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ	وَلَا الضَّآلِّيْنَ اٰمِيْنَ	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

حصول روزگار

بے روزگار اصحاب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے چینی کی طشتری پر باوضو حالت میں بعداز نماز فجر ذیل کا نقش گلاب و زعفران سے بنائیں اور اس کو دھو کر اس کا پانی بنالیں، اس پانی پر سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پانی سے آٹا اس قدر گوندھیں کہ اس

سے اکتالیس گولیاں بن جائیں اور اس طرح ان گولیوں کو روزانہ بنا کر اکتالیس دن تک دریا میں مچھلیوں کے آگے ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تائید ایزدی سے روزگار کی سبیل بخوبی نکل آئے گی اور اس مسئلہ سے نجات مل جائے گی۔

نقش:۔

جبرائیل	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ						میکائیل
الحمد للہ	رب العالمین	الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم
رب العالمین	الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت
مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر
وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر	المغضوب
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر	المغضوب	علیھم
المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم	غیر	المغضوب	علیھم	ولا الضالین
[illegible]	الٓمٓ	الٓرٰ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰسٓ	حٰمٓ	حٰمٓعٓسٓقٓ	[illegible]

عمل برائے حصول دولت و غنا

حصول دولت و غنا ذیل کا عمل لاجواب اور اکسیر اعظم ہے۔

اس کے لئے بعد از نماز فجر :۔

☆ درود پاک تاج (ایک مرتبہ)

☆ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَالُکَ مُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَاِسْمِکَ الْاَعْظَمْ وَجَدَّاکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِ التَّامَۃِ (تین بار)

☆ پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ (سترہ بار)

☆ درود تاج (سترہ بار)

☆ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (ایک سو اکیس بار)

☆ درود تاج (بارہ مرتبہ)

☆ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ (گیارہ مرتبہ)

☆ درود تاج (گیارہ مرتبہ)

☆ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ (اُنیس مرتبہ)

☆ درود تاج (اُنیس مرتبہ)

☆ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ (اُکیس مرتبہ)

☆ درود تاج (اُنیس مرتبہ)

☆ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ (اُنیس مرتبہ)

☆ درود تاج (اُنیس مرتبہ)

☆ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ (پندرہ مرتبہ)

☆ درود تاج (پچیس مرتبہ)

☆ آمین (پانچ مرتبہ)

بعد دُعائے ذیل (تین تا پانچ مرتبہ)

پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا گو ہوں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے تونگر ہوجائے گا اور تنگ دستی ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے گی۔

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَالُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ تَوَجَّھْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیْ (یہاں تنگ دستی دور ہونے اور رزق کی فراوانی اور قرضوں سے ادائیگی کی دُعا مانگے، اس کے بعد ایک سو اکیس بار کلمات ذیل کو پڑھے)۔

کلمات:۔

لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَلِیْمُ السُّبْحَانَ اللّٰہِ وَتَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

برائے عرق النساء

عرق النساء کے مرض کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عطیہ روحانی بابا موج دریا رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ازحد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر سورہ الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف، سورہ اخلاص اور آیات مبارکہ و دُعا نقش سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں باندھ دیں۔

Ghulam Yasin

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند دنوں میں اس سے شفاء حاصل ہو جائے گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ رب العالمینO الرحمن الرحیمO مالك یوم الدینO

بسم اللہ الکافی بسم اللہ الشافی بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

لَوۡ اَنۡزَلۡنَا ھٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیۡتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡیَۃِ اللّٰہِ وَتِلۡکَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمۡ یَتَفَکَّرُوۡنَO ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّھَادَۃِ ۚ ھُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُO ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُھَیۡمِنُ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰہِ عَمَّا یُشۡرِکُوۡنَO ھُوَ اللّٰہُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَہُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُO

قل ھو اللہ احدO اللہ الصمدO لم یلد ولم یولدO ولم یکن اللہ کفواً احدO

ایاك نعبدو ایاك نستعینO اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھمO غیر المغضوب علیھم ولاالضالین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الۡقُلُوۡبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الۡاَبۡدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوۡرِ الۡاَبۡصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولایزید الظلمین الاخساراO

عورت کی سحری بندش

جس عورت کی کوکھ سحری بندش سے خشک ہو گئی ہو تو ایسے میں اس کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل عطیہ روحانی ابوالبشر حاتم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ ازحد کارگر، نفع بخش اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے کسی میٹھی شے کو لے کر اس پر ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ بہ تعداد ذیل پڑھ کر دم کریں اور عورت ان کو نہار منہ سات یوم تک کھائے، اس کے علاوہ دو عدد نقوش ذیل بھی زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور ان پر انہی سورہ ہائے مبارکہ کا بہ تعداد ذیل ورد کرکے دم کریں ان میں سے ایک نقش موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں ڈالیں اور اکتالیس یوم تک عورت اس پانی کو روزانہ نہار منہ پیئے اور اسی پانی سے غسل بھی کرے۔

باور رہے کہ یہ پانی گندی نالی میں نہ بہے بلکہ اس کو پودوں یا درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں، بہ امر مجبوری چھت پر پھینک دیں جہاں اس پر پاؤں نہ پڑیں اور یہ خشک ہو جائے۔

بعداز اکتالیس یوم عورت انہی سورہ ہائے مبارکہ کا اپنے اوپر دم کرے اور پھر رات کو اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت عورت کی سحری بندش کا خاتمہ ہو جائے گا اور وہ حاملہ ہو کر بچے کو ضرور جنم دے گی بعداز ولادت نومولود کے گلے میں یہ عورت اپنے گلے سے نقش اتار کر ڈال دے اور حسب توفیق صدقہ و خیرات تقسیم کرے۔

سورۂ ہائے مبارکہ:۔

- ☆ سورۂ فاتحہ (اکہتر مرتبہ)
- ☆ سورۂ کافرون (ایک سو ایک مرتبہ)
- ☆ درود پاک ذیل اول وآخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوۡرِ الۡاَنۡوَارِ وَسِرِّ الۡاَنۡوَارِ وَتِرۡیَاقِ الۡاَغۡیَارِ وَمِفۡتَاحِ الۡیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الۡمُخۡتَارِ

Ghulam Yaseen

وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ

نقش:۔



ناسور کا علاج

کینسر اور ناسور کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو سرخ ریشمی پارچہ پر زعفران وگلاب سے و مشک سے بنا کر مریض کے گلے میں باندھ دیں۔

باندھنے سے پہلے سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں۔

نقش:۔



اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

بچے کا بستر پر پیشاب کرنا

جو بچہ بستر پر سوتے میں پیشاب کر دیتا ہے اور کسی بھی طرح علاج سے تندرست

Gulzar Yaseen

نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے بعداز نماز فجر باوضو حالت میں کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ اور آیات مبارکہ تحریر کریں اور ان پر انہی سورۂ ہائے مبارکہ و آیات مبارکہ کا اکتالیس مرتبہ اول وآخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں پہنائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچہ صحت یاب ہو جائے گا اور بستر پر پیشاب کرنے کی عادت بھی چھوٹ جائے گی۔

طریقہ:۔

(۱):۔ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ

(۲):۔ وَلَا يَغْلِبُ اللّٰهُ غَالِبٌ وَلَا يَفُوْتُهٗ هَارِبٌ

(۳):۔ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ (ایک مرتبہ)

(۴):۔ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ (ایک مرتبہ)

(۵):۔ هُوَ الَّذِىْ يُحْيِىْ وَيُمِيْتُ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِىْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَىْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (سات مرتبہ)

اُصْمُتْ (سات مرتبہ)

(۶):۔ اُرْقُدْ اَيُّهَا الْمَوْلُوْدُ بِقُدْرَةِ الْمَلَاكِ الْمَعْبُوْدِ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ وَّخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ

ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ فَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تُحِبُّوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ نَارًا عَبْدُوْا اُعِيْذُ مَنْ عُلِّقَ عَلَيْهِ هٰذَا الْكِتَابُ بِاللّٰهِ وَاٰيَاتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاَحْصِنْهُ بِالْحَىِّ الْقَيُّوْمِ ذِى الْكِتَابِ بِاللّٰهِ وَاٰيَاتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَاَحْصِنْهُ بِالْحَىِّ الْقَيُّوْمِ ذِى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَادْفَعْ عَنْهُ السُّوْءَ مِنْ جَمِيْعِ الْاَنَامِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ اَحُوْطُهٗ بِاَلْفِ اَلْفٍ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ

نافرمان اولاد کے لئے

نافرمان اولاد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

☆ اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں بعد از نماز فجر ذیل کا نقش کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنا کر اس پر ایک ہزار مرتبہ آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔

Ghulam Yaseen

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ھ	ا	د	ی
۱۰	۴	ا	۵
ا	۵	۱۰	۴
۴	۱۰	۵	ا

یابدیع السمٰوٰت والارض یاباقی

☆ ہر روز بعد از نماز فجر چینی کی طشتری پر اس نقش کو زعفران و گلاب سے بنا کر پانی سے دھو کر نہار منہ بچوں کو پلایا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نافرمان اولاد تابع فرمان ہوگی۔

نقش:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
یا اللہ یارحمٰن یا رحیم دل مارا کن
مستقیم بحق ایاک نعبدو ایاک
نستعین یاھادی یاولی الایادی

ھول دل

ہول دل سے نجات حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر نماز کے بعد:۔

☆ ذیل کی دُعا (سات مرتبہ)

☆ سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ (سات مرتبہ)

☆ آیت الکرسی (سات مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (تین مرتبہ)

☆ سورۂ الناس (تین مرتبہ)

☆ تیسرا کلمہ (سات مرتبہ)

پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے فائدہ حاصل ہوگا۔

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اَحۡفِظۡ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اَرۡحَمۡ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ عَافِ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ٥ اَللّٰھُمَّ اَصۡلِحۡ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ ٥ اَللّٰھُمَّ فَرِّجۡ عَنۡ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ ٥ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

جوئے بازی سے نجات

جو شخص جوئے بازی کی لت میں مبتلا ہو اور کسی کے بھی سمجھانے بجھانے کے باوصف اس عادت بد سے باز نہ آتا ہو تو ایسے میں اسے اس عمل بد سے محفوظ کرنے اور باز رکھنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

Ghulam Yaseen

اس مقصد کے لئے ہر ہفتے میں تین یوم سوموار، جمعرات اور جمعہ بعداز نماز فجر عشاء خلوص نیت کے ساتھ ذیل کی سورہ ہائے مبارکہ بہ تعداد ذیل اور درود پاک تخینا ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں اور اس شیرینی کو جوئے باز کو کھلادیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نوے یوم کے عمل مسلسل سے جوئے باز اپنی اس عادت بد سے توبہ کر لے گا اور ہمیشہ کے لئے اس عادت بد کو چھوڑ کر نیک اور صالح بن جائے گا، بے حد اکسیر اور مجرب عمل ہے۔

نوٹ:۔ اس عمل کو قمری عروج ماہ کی پہلی سوموار سے شروع کیا جائے۔

سورہ ہائے مبارکہ:۔

☆ سورۂ فاتحہ مع وصل بسم اللہ شریف (اکتالیس مرتبہ)
☆ سورۂ رحمٰن (تین مرتبہ)
☆ سورۂ مریم (تین مرتبہ)
☆ سورۂ جمعہ (تین مرتبہ)
☆ سورۂ اخلاص (تین مرتبہ)

ہر حاجت پوری ہو

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی دینی اور دنیوی حاجات باآسانی پوری ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز عشاء قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کی آیت مبارکہ و سورہ اور اول وآخر درود شریف ذیل کو باتعداد پڑھیں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا خشوع و خضوع سے کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے ہر حاجت بفضل ایزدی خزانۂ غیب سے پوری ہوگی۔

سورۂ و آیت مبارکہ:۔

☆ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (تین مرتبہ)
☆ سورہ الحمد شریف (اکتالیس مرتبہ)
☆ درود پاک ذیل (اکتالیس مرتبہ)

درود پاک:۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلٰى آلِكَ وَاَصْحَابِكَ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ دَائِمًا اَبَدًا وَاَنْتَ وَسِيْلَتِيْ خُذْيَدِيْ يَاحَبِيْبَ اللّٰهِ

برائے کشادگی رزق

جس کسی کا کاروبار بالکل نہ چلتا ہو یا آمدن انتہائی قلیل ہو اور اس سے گزر بسر بے حد مشکل ہوتی ہو تو ایسے میں اس آفت سے نجات اور کشادگی رزق ونعمت ہائے الٰہی کے لئے ذیل کا عمل نہایت تیر بہدف اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور بوقت عصر حسب توفیق میٹھے چاول پکا کر اس پر فاتحہ پڑھ کر حضرت یعقوب علیہ السلام وحضرت یوسف علیہ السلام کی ارواح کو ثواب بہم پہنچا دے بوقت افطار اس میں سے کسی صالح نیک درویش کو یہ طعام کھلائے اور خود بھی اس سے روزہ افطار کرے اور اس درویش سے اپنے حق میں دعائے خیر منگوائے جس وقت وہ دُعا کے لئے ہاتھ اٹھائے خود بھی دُعا کے لئے ہاتھ اٹھادیں۔

بعداز فراغت قبلہ رخ بیٹھ کر اول وآخر درود شریف گیارہ، گیارہ مرتبہ، سورۂ فاتحہ

Ghulam Yaseen

ایک مرتبہ، سورۂ اخلاص دس مرتبہ، سورۂ یوسف بہ ترتیب ذیل ایک مرتبہ پڑھ کر دُعائے ذیل دس مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیزالحکیم اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ عزوجل اس کے رزق میں بے گمان اضافہ فرمادینگے۔

اس عمل کو اکیس یوم تک مسلسل جاری رکھنے سے کبھی بھی تنگی وکمی رزق کا سامنا بفضل تعالیٰ نہیں کرنا پڑے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَطَیِّبِ ظَاھِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

طریقۂ تلاوت سورۂ یوسف:۔

آیت مبارکہ:۔

الٓرٰ قف تِلْکَ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْمُبِیْنِ قف ○

کی تکرار سات مرتبہ کر کے آگے سورہ شریف پڑھیں جب آیت مبارکہ:۔

وَیُتِمُّ نِعْمَتَہٗ عَلَیْکَ

پر پہنچیں تو اس آیت کی تکرار ایک سو ایک مرتبہ کریں جب آیت مبارکہ:۔

وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْنَ ○

پر پہنچے تو اس کی تکرار بھی ایک سو ایک مرتبہ کریں پھر جب آیت مبارکہ:۔

وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا

یَعْلَمُوْنَ ○

پر پہنچیں تو اس کی تکرار دس مرتبہ کریں، پھر جب آیت مبارکہ:۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ص وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○

پر پہنچیں تو اس کی تکرار ایک سو ایک مرتبہ کریں، پھر آیت مبارکہ:۔

قَالَ اللّٰہُ عَلٰی مَانَقُوْلُ وَکِیْلٌ ○

کی تکرار گیارہ مرتبہ کریں اس کے بعد آیت مبارکہ:۔

وَتَوَلّٰی عَنْھُمْ وَقَالَ یٰٓاَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ وَابْیَضَّتْ عَیْنٰہُ مِنَ الْحُزْنِ فَھُوَ کَظِیْمٌ ○

کی تکرار گیارہ مرتبہ کریں۔

اس کے بعد آیت کریمہ (سورہ انبیاء):۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ق صلے اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ج صلے ○

کی تکرار گیارہ مرتبہ کریں، بعداز اں آیت مبارکہ (سورہ مومن):۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ م بِالْعِبَادِ ○

کی تکرار ایک سو ایک مرتبہ کریں، پھر جب آیت مبارکہ سورۂ یوسف:۔

یَغْفِرُ اللّٰہُ لَکُمْ ز وَھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○

پر پہنچیں تو اس کی تکرار ایک سو ایک مرتبہ کریں بعدازاں آیت مبارکہ:۔

وَخَرُّوْا لَہٗ سُجَّدًا ج

کی تکرار سجدہ میں جا کر بار بار کریں، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر اپنے رزق کے لئے یہ دُعا سات مرتبہ مانگیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ الْاَوَّلُ فَلَاشَیْءَ قَبْلَکَ

Ghulam Yaseen

وَالْاٰخِرُ فَلَاشَیءَ بَعْدَكَ وَالظَّاهِرُ فَلَاشَیءَ فَوْقَكَ
وَالْبَاطِنُ فَلَاشَیءَ دُوْنَكَ اَنْ تَقْضِیَ عَنَّا الدَّیْنَ
وَاَنْ تُغْنِیَا مِنَ الْفَقْرِ

بعدازاں آیت مبارکہ (سورۂ الانفال):۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ o
وَنِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ o

کی تکرار ایک سو ایک مرتبہ کریں اور جب آیت مبارکہ سورہ یوسف:۔

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ط

پر پہنچیں تو اس کی تکرار گیارہ مرتبہ کر کے پھر کلمات:۔

یَالَطِیْفُ یَالَطِیْفُ اَلْطِفْنِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَاَوْلَادِیْ
وَلَا عِزَّتِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ كَمَا تُحِبُّهٗ
وَتَرْضٰی

کی تکرار بھی گیارہ مرتبہ کریں۔

پھر جب آیت مبارکہ:۔

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ o

پر پہنچیں تو اس کی تکرار بھی ایک سو ایک مرتبہ کر کے سورہ شریف کو ختم کریں پھر درود شریف بالا گیارہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دُعا گیارہ مرتبہ مانگیں۔

دُعا:۔

یَامُعَوْلَ الْعَوْلِ وَلَاحَوْلَ حَوْلِ حَالِقِیْ اِلٰی
اَحْسَنِ الْاَحْوَالِ اِلٰهِیْ لَا تُغَیِّرْ جِسْمِیْ وَلَا تَبَدَّلْ

اِسْمِیْ وَلَا تَعْلَلْ تَسَمّٰی وَلَا تَفْرُقْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ
حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ (آمین)

زہر کا علاج

ہر کے کاٹے کے فوری علاج کے لئے ذیل کا عمل عطیہ فقیر محمد فقیر ازحد نافع اور [illegible] ہے۔اس مقصد کے لئے چینی کے پیالے میں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنا کر پانی ڈالیں، اس پر سورۂ قریش سات مرتبہ اور سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور زہر کاٹے کے مریض کو فوری طور پر پلادیں۔ اسی وقت زہر کا اثر ختم ہو جائے گا، زخم پر تھوڑے سے نمک پر سورۂ قریش گیارہ مرتبہ دم کریں، نیز سورۂ فاتحہ بھی اکتالیس مرتبہ دم کریں اور اس کے پانی سے زخم کو دھوئیں تاکہ زہر اندر سے باہر کو خارج ہو جائے۔

نقش:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۵۷۵	۱۵۷۹	۱۵۸۲	۱۵۶۸
۱۵۸۱	۱۵۶۹	۱۵۷۴	۱۵۸۰
۱۵۷۰	۱۵۸۴	۱۵۷۷	۱۵۷۳
۱۵۷۸	۱۵۷۲	۱۵۷۱	۱۵۸۳

بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین

الحمد للہ رب العالمین
الرحمن الرحیم
مالک یوم الدین
ایاک نعبد وایاک نستعین
اھدنا الصراط المستقیم
صراط الذین انعمت علیھم
غیر المغضوب علیھم ولاالضالین

Ghulam Yaseen

تنگی ولادت

تنگی ولادت کے لئے عورت کو ذیل کا نقش فرمودہ حضرت امام جعفر صادق رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر کمر میں باندھ دیں کہ نقش رحم کے اوپر رہے۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت وہ عورت نہایت سہولت سے بچے کو جنم دے گی۔

نقش:۔



برائے عسر ولادت

درد زچگی میں مبتلا عورت کے عسر ولادت میں آسانی اور سہولت کے لئے ذیل کا عمل ازحد مجرب اور مفید ہے۔اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس کو کسی پانی سے بھرے ہوئے برتن میں حل کر لے اس پانی پر اسی کلام کا گیارہ مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور زچہ وقفے وقفے سے نہ صرف اس پانی کو پیتی رہے بلکہ قدرے پانی اپنے پستانوں اور شانوں پر بھی ملے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بلا کسی شدید درد زہ کے باسہولت ولادت ہوگی۔

نقش:۔



Ghulam Yaseen

سحری بندش اولاد

جس کسی کی کوکھ سحری بندش سے باندھ دی گئی ہو تو اس کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل ازحد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے پتھر کے چار کونوں پر ذیل کا کلام کالے مارکر سے لکھیں اور اس کو گھر کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔

اس کے علاوہ وہ عورت روزانہ نہار منہ اکتالیس یوم تک سورۂ فاتحہ بمع حاصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیات و شفاء اکتالیس مرتبہ، اول وآخر درود شریف شفاء اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت سحری بندش کوکھ کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا اور وہ عورت بفضل باری تعالیٰ حاملہ ہو کر بچے کو جنم دے گی۔

کلام:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حَسْبِيَ اللّٰهُ وَكَفٰى بِاللّٰهِ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمَانَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَأْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ قَالَ عِفْرِيْتٌ" مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ" اَمِيْنٌ" فَاللّٰهُ خَيْرٌ" حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

علاج سحر بندش شادی

سحر بندش نکاح کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے:۔

- ☆ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ
- ☆ سورۂ کافرون سات مرتبہ
- ☆ سورۂ الاخلاص سات مرتبہ
- ☆ سورۂ فلق سات مرتبہ
- ☆ سورۂ الناس سات مرتبہ
- ☆ آیت الکرسی سات مرتبہ
- ☆ سِحرُ دفع شود بِحَقِ اللّٰهِ عَلَيِّ الْعَظِيْمِ ○ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ○
- ☆ درود پاک شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ

پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریضہ تندرست ہو جاتی ہے اور شادی کے لئے بخوبی آمادہ ہو جاتی ہے۔

سحری بندش طبیعت

جو کوئی سحری بندش کی وجہ سے خلوت پسندی کا شکار ہو گیا ہو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔

(۱):۔ سورۂ فاتحہ اور سورۂ بقرہ کا دم صبح کو کریں اور دوپہر کو بوقت ظہر سورۂ آل عمران اور مغرب کے وقت سورۂ یٰسین، سورۂ حشر، سورۂ القارعہ،

Ghulam Yaseen

سورۂ فلق اور سورۂ والناس سب کا ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس کے ساتھ درود شریف ابراہیمی گیارہ مرتبہ اور درود پاک ہزارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

(۲):۔ اس کے ساتھ ہی اسے آیت الکرسی، سورۂ والناس اور اسم ''علی'' اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کر کے اس سے غسل کروائیں اور یہی پانی اسے پینے کے لئے دیں جو وہ صبح و شام پیتا رہے۔

(۳):۔ مریض کے کانوں میں صبح اور شام باری باری اذان دیں۔ یہ تمام عمل مسلسل پنتالیس یوم جاری رکھنے سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

(۴):۔ مریض کو ذیل کا نقش بھی زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس کے گلے میں ڈالیں اور اسے ہدایت کریں کہ وہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ كَافِیْ، بِسْمِ اللّٰهِ شَافِیْ

کھلا ورد رکھے۔

درود پاک ابراہیمی:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ'' مَّجِيْدٌ'' اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ'' مَّجِيْدٌ''

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

پشت کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۲۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

Ghulam Yaseen

درود پاک ہزارہ:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

برائے تپ دق

تپ دق میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش روزانہ زعفران وگلاب و شہد سے چینی کی پلیٹ پر بنائیں اور اسے روزانہ شہد کے شربت سے دھو کر مریض کو دن میں پانچ مرتبہ ذیل الفاظ کے ساتھ پلادیں۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نوے دن کے مسلسل استعمال سے مریض تپ دق سے مکمل طور پر شفاء یاب ہو جائے گا۔

نقش:۔

قُلْنَا یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا

۷۴۱۶	۷۴۲۳	۷۳۹۸	۷۴۰۴	۷۴۱۰
۷۳۹۹	۷۴۰۵	۷۴۱۱	۷۳۱۷	۷۴۱۹
۷۴۱۲	۷۴۱۳	۷۴۲۰	۷۴۰۰	۷۴۰۶
۷۴۲۱	۷۴۰۱	۷۴۰۷	۷۴۰۸	۷۴۱۴
۷۴۰۳	۷۴۰۹	۷۴۱۵	۷۴۲۲	۷۴۰۲

الفاظ:۔

یَااِلٰھِیْ اَشْفِ اِبْنِ عِلَّۃِ حَارِ تَپْ بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

سحری بندش رشتہ

سحری بندش رشتہ کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر شرف قمر میں تیار کریں، اس کو خوشبو لگا کر لیمنیشن کر کے اپنے پاس رکھیں یا بچے یا بچی کے گلے میں ڈال دیں۔

بعدازاں روزانہ بعداز نماز عشاء:۔

☆ اول وآخر درود شریف تنجینا (اکتالیس اکتالیس مرتبہ)

☆ سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف (اکتالیس مرتبہ)

☆ سورۂ مزمل (تین مرتبہ)

☆ سورۂ رحمان (تین مرتبہ)

☆ سورۂ جمعہ (تین مرتبہ)

☆ سورۂ اخلاص (اکیس مرتبہ)

پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد رشتے آنے شروع ہو جائیں گے، بہرحال اکتالیس یوم تک اس عمل کو جاری رکھیں اور دوران عمل کسی سے بھی گفتگو کرنے سے اجتناب برتیں۔

Ghulam Yaseen

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۷۳۶۸	۳۷۳۷۶	۳۷۳۸۵	۳۷۳۹۳	۳۷۴۰۱	۳۷۴۰۹	۳۷۳۶۰
۳۷۳۸۶	۳۷۳۹۴	۳۷۴۰۲	۳۷۴۰۳	۳۷۳۶۱	۳۷۳۶۹	۳۷۳۷۷
۳۷۳۹۶	۳۷۴۰۴	۳۷۳۶۲	۳۷۳۷۰	۳۷۳۷۸	۳۷۳۸۷	۳۷۳۹۵
۳۷۳۶۳	۳۷۳۷۱	۳۷۳۷۹	۳۷۳۸۸	۳۷۳۸۹	۳۷۳۹۷	۳۷۴۰۵
۳۷۳۸۰	۳۷۳۸۲	۳۷۳۹۰	۳۷۳۹۸	۳۷۴۰۶	۳۷۳۶۴	۲۷۳۷۲
۳۷۳۹۱	۳۷۳۹۹	۳۷۴۰۷	۳۷۳۶۵	۳۷۳۷۳	۳۷۳۷۴	۳۷۳۸۳
۳۷۴۰۸	۳۷۳۶۶	۳۷۳۶۷	۳۷۳۷۵	۳۷۳۸۴	۳۷۳۹۲	۳۷۴۰۰

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

برائے حب

جائز حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ساعت زہرہ میں سفید کاغذ پر باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ کے ذیل کے نقش کو زعفران و مشک سے تحریر کریں اور اس پر سورۂ فاتحہ اکتالیس مرتبہ بمعہ دُعائے ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب حاصل ہوگا ناجائز کام کے لئے اس عمل کو کرنے کی صورت میں سزائے ربانی کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

	وَالۡقَیۡتُ عَلَیۡکَ			
وَالۡقَیۡتُ	۲۰۶	۲۰۶	۲۰۲	۲۰۰
	۴۰۴	۲۹۹	۴۴۹	۲۰۵
	۱۹۸	۴۰۱	۲۰۷	۲۰۷
	۲۰۶	۲۵۶	۲۹۷	۱۴۲

دُعا:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ تَوَکَّلۡ یَاجِبۡرَائِیۡلُ اَنۡتَ وَخُدَّامُکَ وَاعۡوَانُکَ بِحَقِّ اللّٰہِ الۡعَزِیۡزِ الۡجَبَّارِ الۡکَرِیۡمِ الۡوَھَّابِ الۡقَھَّارِ اَللّٰھُمَّ اَلۡقِ مَحَبَّۃً کَذَا (اپنی اور اپنی ماں کا نام)

Ghulam Yasin

بِحَقِّ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ وَبِحَقِّ اللّٰهِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ تَوَكَّلْ يَااِسْرَافِيْلُ اَنْتَ اَعْوَانِكَ وَاَلْقِ مُحَبَّةً كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِيْ قَلْبِ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُقْتَدِرِ الْمُقَدِّمِ الْمُبْدِى الْمُعِيْدِ تَوَكَّلْ يَارُوْقَيَائِيْلُ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ وَاَلْقُوْا مَحَبَّةً كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِيْ قَلْبِ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وَبِحَقِّ الْفَرْدِ الْحَيِّ تَوَكَّلْ يَا نُوْرَائِيْلُ وَاَعْوَانَكَ وَاَلْقُوْا مُحَبَّةً كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِيْ قَلْبِ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْعَلِيْمِ الْجَوَّادِ الْكَرِيْمِ تَوَكَّلْ يَاعِزْرَائِيْلَ اَنْتَ وَاَعْوَانَكَ سَمِيْعًا مُطِيْعًا وَاَلْقُوْ مُحَبَّةً كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِيْ قَلْبِ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ ٥ وَبِحَقِّ الْقَاهِرِ الْعَزِيْزِ الْجَلِيْلِ الْكَبِيْرِ تَوَكَّلْ اَنْتَ وَاَعْوَانَكَ سَامِعًا مُّطِيْعًا وَاَلْقُوْا مَحَبَّةً كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِيْ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

علاج سحر الانزال

جماع کے ساتھ ہی سر میں شدید گرانی اور درد، دماغ ماؤف ہو جانا، کمر میں ہلکے ہلکے درد کے ساتھ بندھن کا احساس وغیرہ اس سحر کی علامات میں سے ہیں۔ اس کے ازالے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

(۱):۔ اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز ظہر چینی کی طشتری پر باوضو حالت میں زعفران و شہد و گلاب سے سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف، سورۂ فلق اور سورۂ والناس اور دُعا ذیل لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر اس پانی پر درود پاک شفاء اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے روزانہ صبح کو نہار منہ پانی پیئے۔ یہ عمل اکتالیس یوم تک جاری رکھے۔

(۲):۔ روزانہ ایک مرتبہ سورۂ ملک، سات مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ چاروں قل اور گیارہ مرتبہ درود پاک شفاء پڑھ کر نہ صرف اپنے اوپر دم کر کے سوئے بلکہ تھوڑا سا پانی بھی دم کر کے پیا کرے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک یہ عمل جاری رکھے۔

(۳):۔ بعداز نماز فجر روزانہ دُعائے ذیل کا ورد سو مرتبہ کر کے اپنے اوپر دم کیا کرے۔

دُعا:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ" (لکھنے کے لئے)

اس کے ساتھ پڑھنے کے لئے یہ کلمات بھی شامل کریں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ ٥ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا

Ghulam Yaseen

فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَھَامَّۃٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّۃٍ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کو اپنا معمول بنالینے سے زندگی بھر ایسی سحری شکایت بالکل لاحق نہ ہوگی۔

توڑ جادو و سحر

☆ سخت جادو اور سحر کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر پانی اور بیری کے سات تازہ پتے اپنے پاس رکھ لیں اور اس پر:۔

☆ درود پاک ذیل سات سو سات مرتبہ

☆ سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ

☆ آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ

☆ سورہ بقرہ کی آخری دو آیات نمبر:۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِہٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ○ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا لَھَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْھَا مَا اکْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ○ (سات مرتبہ)

☆ سورہ الاعراف کی آیات مبارکہ:۔

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ○ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ ○ وَاُلْقِیَ السَّحَرَۃُ سٰجِدِیْنَ ○ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ، رَبِّ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ○ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِہٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَکُمْ اِنَّ ھٰذَا لَمَکْرٌ مَّکَرْتُمُوْہُ فِی الْمَدِیْنَۃِ لِتُخْرِجُوْا مِنْھَآ اَھْلَھَا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَکُمْ وَاَرْجُلَکُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّکُمْ اَجْمَعِیْنَ ○ قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ (گیارہ مرتبہ)

☆ سورہ یونس اور طٰہٰ کی ذیل کی آیات مبارکہ:۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ، اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ○ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ ○ (گیارہ مرتبہ)

وَاَلْقِ مَا فِیْ یَمِیْنِکَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ حَیْثُ اَتٰی (گیارہ مرتبہ)

☆ سورۂ کافرون (اکتالیس مرتبہ)

☆ سورۂ الاخلاص (اکتالیس مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (اکتالیس مرتبہ)

Ghulam Yaseen

☆ سورۂ الناس (اکتالیس مرتبہ)

پڑھ کر پانی اور بیری کے پتوں پر دم کریں۔ اس میں تھوڑا سا پانی مسحور کو پلائیں اور بقیہ پانی میں بیری کے ان پتوں کو ابال کر اس سے مسحور کو غسل کروائیں۔

بعداز غسل مسحور پر:۔

☆ آیت الکرسی (تین مرتبہ)

☆ سورۂ کافرون (تین مرتبہ)

☆ سورۂ الاخلاص (تین مرتبہ)

☆ سورۂ فلق (تین مرتبہ)

☆ سورۂ الناس (تین مرتبہ)

پڑھ کر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے مسحور سحر اور ابتلاء سے گلو خلاصی پالے گا اور چالیس یوم کے عمل سے ہمیشہ کے لئے ایسے سحر وجادو سے محفوظ و مامون ہو جائے گا۔ (اجازت ہے)۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰٓی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

☆ معمولی جادو اور سحر کے توڑ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے دریا یا نہر سے پانی لے آئیں اور اس پر عمل بالا والی آیات مبارکہ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی سے مسحور کو غسل کروائیں اور تھوڑا سا پانی مسحور کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل مسلسل سے مسحور سحر اور ابتلاء سے گلو خلاصی

پالے گا۔(اجازت ہے)

سرکش انسان یا جانور کو رام کرنا

سرکش انسان یا جانور کو رام کرنے اور اس کو اپنے تابع فرمان بنانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں اپنے گرد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر حصار کھینچے اور پھر ذیل کی آیات مبارکہ و کلمات کا ورد سات مرتبہ کر کے اس جانور یا انسان کی جانب پھونک لگائے اور بعدازاں کھلا ورد:۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا (یہاں جانور یا انسان کا نام لے) **بِحَقِّ سَلٰمٌ قٓ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝**

پڑھنا شروع کردے اور اپنی توجہ اس جانور یا انسان پر مرکوز رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم وہ سرکش جانور یا انسان فوراً مطیع ہو کر تابع فرمان ہو جائے گا۔

نوٹ:۔ اگر اس عمل کو باشرائط عملیات نوے دن تک ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا جائے تو پھر انسان کے اندر بے پناہ قوت تسخیر پیدا ہو جاتی ہے اور ایک مرتبہ پڑھ کر جس کی طرف بھی پھونک لگائے وہ فوراً زیر ہو جائے۔

آیات وکلمات:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا مُقْرِنِیْنَ ط اِنْ نَّشَآ نُنَزِّلْ عَلَیْھِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَۃً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُھُمْ لَھَا خَاضِعِیْنَ ط وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِھَا مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ط وَشَجَرَۃً

Ghulam Yaseen

تَخْرُجُ مِنْ طَوْرِ سَيْنَآءِ الْاٰيَةِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَاتَّخِذُوْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً وَمَا يُعْلِنُوْنَ تك۔ رَبِّ اَسْئَلُكَ الَّذِىْ فَتَحَتْ بِهٖ عَالَمَ الْاَمْرِ وَالْخَلْقِ بِالتَّجَلِّىْ لِلْحَقِّ الْمَظْهَرِ لِسَبَبِ التَّنْزِيْلِ وَالْمُتَعَالِىْ اَمْرًا وَّجُوْهًا وَّبُطُوْنًا وَّ مُعْقَرِّكَ لِمَنْ اَيَّدْتَّ مَعْلُوْمًا لِّمَنْ اُسْنِدَتْ مَجْهُوْكَ ۔ لِمَنْ شِئْتَ بِمَا تَشَابَهَ مِنْهُ كَثِيْرَةً" اَلْاَنْفَدَحُ فِىْ مِرْعَةٍ مَّا اَهْلَمْتَ مِنْ مُّحْلِمِهٖ يَاعَلِيْمُ يَاحَكِيْمُ يَافَتَّاحُ يَااَللّٰهُ يَارَبُّ وَاَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِاِسْمِكَ لِسِرِّ الْاَصَابِعِ الرَّابِطَةِ مِنْ حَضْرَةِ الْوُجُوْبِ وَالْاِمْكَانِ الْمُقْتَضِيَةِ لِظُهُوْرِ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ بِالسِّرِّ الْمُبْهَمِ لِثُبُوْتِ الْمَالُوْهِيْنَ عُمُوْمًا اَرْخَصُوْصًا بَدْءً وَعَوْدًا عَنْ سِعَةِ عُمُوْمِ الرَّحْمَانِيَّةِ الَّتِىْ تَتَنَاهِىْ اَسْتَقْرَارًا وَثُبُوْتًا عَنْ فَيْضٍ خَاصِّ الرَّحِيْمَةِ الرَّافِعَةِ لِظُهُوْرِ اَثْبَاتِ التَّقَرُّبِ بِالْقُرْبِ الْمَجْهُوْلِ الْمَاضِيَةِ مِنْكَ يَارَحْمَانُ يَارَحِيْمُ يَافَتَّاحُ يَاعَلِيْمُ اَسْئَلُكَ السِّتْرِ وَالْمَعُوْنَةِ وَالْحِفْظِ وَالرِّعَايَةِ وَجَلْبَ الرِّزْقِ وَالْبَرَكَةِ فِيْهِ وَالرَّجَاءِ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ وَالْيَاسِ مِنْ غَيْرِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تَكْوِيْنِ" لَاَمْرِكَ وَتَكْمِيْسِ"

بِجُوْدِكَ وَبَرَكَةً" مِّنْكَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ بِكَ اٰمَنَّا وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا حَقِّقْنَا اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ وَبِنُوْرِ اِسْمِكَ وَغَلِّبْنَا عَنْ غَيْرِكَ ذ حَوْلًا عَلَيْكَ يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ سَلٰمٌ" قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○

برائے رزق و جملہ مشکلات

(سورۂ یٰسین شریف کا عمل سریع الاجابت وحل المشکلات)

ذیل میں سورۂ یٰسین شریف کا عمل حل المشکلات عنایت کردہ مختلف بزرگان ظاہریہ و باطنیہ بے حد مفید اور سریع الاجابت ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا طریق یٰسین اختیار کریں عمل کرنے سے پہلے تازہ غسل اور وضو کر کے پاک صاف لباس پہنیں اور بعداز نماز عشاء دو رکعت نماز نفل حاجت اس طرح پڑھیں کہ ہر نفل میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص سات مرتبہ اور سورۂ یٰسین شریف کی آیت مبارکہ:۔

سَلٰمٌ" قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○

اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پھر بہ طریق ذیل ورد شروع کریں اور ساتھ ساتھ اپنی حاجات رزق و قرض، دیگر مشکلات کا تذکرہ اس جگہ کریں جہاں لفظ دُعا آئے گا بعداز اختتام دُعا خلوص نیت سے مانگیں، اس عمل کو سات سے اکتالیس یوم تک کیا جائے اس عرصہ میں تمام حاجات پردۂ غیب سے بفضل باری تعالیٰ پوری ہو جاتی ہیں۔

اگر اس عمل کی مداومت تازندگی رکھی جائے تو کبھی بھی کوئی مشکل یا حاجت پیش نہ آئے اور پردۂ غیب سے ہر پریشانی فی الفور حل ہو جائے، رزق بے گمان ملے، کبھی فرق و فاقہ سے واسطہ نہ پڑے اور نہ ہی کبھی مقروض ہو۔

Ghulam Yaseen

طریق عمل تلاوت:۔

اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ" مُّبِیْنٌ" ○ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَخْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ كُلِّ مَخْزُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُخْلِصِ عَنْ كُلِّ مُسَبَّحُوْنٍ سُبْحَانَ الْعَالِمِ بِكُلِّ مَكْنُوْنٍ سُبْحَانَ مِنْ خَزَائِنِ مُلْكِهٖ بَیْنَ الْكَافِ وَالنُّوْنِ سُبْحَانَ مَنْ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ○ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ سُبْحَانَهٗ (تین مرتبہ پڑھیں)

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ" عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ○ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اٰمِیْنَ

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ مِنَ النَّبِیِّیْنَ مَلَكْتَهُمْ اَسْرَارَ اَسْمَائِكَ یَارَبُّ یَارَحْمٰنُ

تین بار پھر دُعا مانگے۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیَ الْمُلْكَ وَالْمَلَكُوْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِكَ اَسْتَغِیْثُ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ

چالیس بار پھر دُعا مانگے پھر سینتیس بار کہے۔

یَامُجِیْبُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاقْضِ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

پھر دُعا مانگے اور پھر کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ وَنَبِیِّكَ الْمُكَرَّمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَفْعَلَ مَابِیْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِیْ مَا اَنَا اَهْلُهٗ اِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ

پھر دُعا مانگے اور اس کے بعد پھر۔

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَهٗ ط قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ" ○ قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ط وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمٌ ○

پھر پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ خَفِّفْ عَنَّا ثِقْلَ الْاَوْزَارِ وَارْزُقْنَا مَعِیْشَةَ الْاَبْرَارِ صَرِّفْ عَنَّا شَرَّ وَسْوَاسِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَاَعْتِقْ رِقَابَنَا مِنَ النَّارِ وَاٰبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یَاعَزِیْزُ یَاغَفَّارُ یَاكَرِیْمُ

پھر دُعا مانگے قبول ہو گی، پھر کہے۔

Ghulam Yasin

نِ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ
اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ○ اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰی ۚ وَهُوَ
الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ ○ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ
لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ○ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ
شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ ع

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ مٰلِكِ یَوْمِ
الدِّیْنِ ○ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ
غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اٰمِیْنَ

پھر دُعا مانگے۔

یَاهَادِیَ الْمُضِلِّیْنَ لَاهَادِیَ غَیْرَكَ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ
غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اٰمِیْنَ یَامُبِیْنُ

سات بار پھر کہے۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیَ الْمَلِكَ وَالْمَلَکُوْتَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ (تین بار)
بِكَ اَسْتَغِیْثُ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ (چار بار)

پھر دُعا مانگے پھر سینتیس بار۔

یَامُجِیْبُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاقْضِ حَاجَتِیْ یَااَرْحَمَ
الرَّاحِمِیْنَ

کہہ کر اور چار بار یہ کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ
وَنَبِیِّكَ الْمُکَرَّمِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ
تَفْعَلَ بِیْ مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلَ بِیْ مَا اَنَا اَهْلُهٗ
اِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ
اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا خَیْرَ الدُّنْیَا وَلِعِلْمِ الْاٰخِرَةِ وَتُبْ عَلَیْنَا
قَبْلَ الْمَمَاتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَیْنَا
سَکَرَاتِ الْمَوْتِ یَاسَامِعَ الْاَصْوَاتِ اَللّٰهُمَّ اَحْفِظْنَا
مِنَ الْعِلَّةِ فِی الْغُرْبَةِ وَمِنَ الْعِلَّةِ عِنْدَ الشِّدَّةِ وَمِنَ
الشَّقَاوَةِ عِنْدَ الْخَاتِمَةِ اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنَا وَسَلِّمْ دِیْنَنَا وَلَا
تَسْلُبْ عِنْدَ النَّزْعِ اِیْمَانَنَا وَلَا تَفْتِنَّا عِنْدَ الْمَوْتِ
اَللّٰهُمَّ اَجْعَلْنِیْ مُکْثِرًا الذِّکْرِكَ مَرْدِیًّا بِحَقِّكَ
رَاجِیًا لِّوَعْدِكَ خَائِفًا لِّوَعِیْدِكَ رَاضِیًا فِیْ کُلِّ دَالٍ
عَنْكَ فَرِّجْ هَمِّیْ وَاکْشِفْ غَمِّیْ وَاقْضِ حَاجَتِیْ یَا
فَانِیَ الْحَاجَاتِ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ یَامُجِیْبَ
الدَّعْوَاتِ بِحَقِّ هٰذِهِ السُّوْدَةِ وَاغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ
وَلِجَمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِیْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ اِنَّكَ سَمِیْعٌ "قَرِیْبٌ" مُّجِیْبٌ

Ghulam Yaseen

الدَّعْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

پھر دُعا مانگے اُسی وقت قبول ہو گی۔

کرخت شوہر کو مہربان کرنا

جس عورت کا شوہر انتہائی کرخت ہو، بات بات پر لڑتا جھگڑتا ہو اور ہر معاملے میں مداخلت کرتا ہو اور اس وجہ سے گھر کی فضاء خراب رہتی ہو اور بچوں پر برا اثر پڑتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز فجر اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ، گیارہ مرتبہ اور سورۂ فاتحہ شریف اکتالیس مرتبہ، سورۂ ق گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کریں اور وہ اس کو کھلا دیں۔

دوران ورد اپنے مقصد کا خیال رکھیں اور بعداز ورد سجدے میں گر کر دُعا خاص طور پر اللہ تعالیٰ کے حضور کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین دن کے عمل سے کرخت شوہر مہربان اور نرم ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِكَ

Ghulam Yaseen